ڈریس میکنگ

(ٹرینی مینول)

پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل

دیباچہ

حکومت پنجاب نے بے روزگاری اور غربت کو کم کرنے اور کوالٹی فنی تعلیم کی ترویج کے لیے یکم اکتوبر 1998 کو پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کو PVTC Act کے ذریعے پورے پنجاب میں ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس (VTIs) قائم کرنے کی ذمہ داری سونپی، تا کہ زکوٰۃ کے مستحق افراد کو فنی تعلیم سے آراستہ کر کے اس قابل بنادیا جائے کہ وہ اپنے خاندان کا سہارا بن سکیں۔

پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کے زیر انتظام ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس میں تربیت کے لئے نصاب کی تیاری، امتحانات کا انعقاد اور سرٹیفیکیٹس کا اجراء کونسل کے دائرہ کار میں شامل ہے لہٰذا ٹریننگ انسٹی ٹیوٹس کے لئے تدریسی مواد "ٹرینی مینوئل" اور "انسٹرکٹر مینوئل" کی تیاری اور اشاعت کی ذمہ داری کونسل پر ہے۔ جس کا بنیادی مقصد ٹرینیز کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ ڈریس میکنگ کورس مکمل کرنے کے بعد گھریلو ملبوسات تیار اور مرمت کا کام بخوبی کر سکیں۔ جو گھریلو ملبوسات کے علاوہ صنعتی پیداوار میں مددگار ہو سکے۔ اور ٹرینیز اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکیں۔

ٹیکسٹائل کی صنعت ہمارے ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور اس صنعت میں روزگار کے وسیع اِمکانات ہیں۔ یہاں پر ہنرمند افراد کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ اِس کورس کو مکمل کرنے کے بعد ٹرینیز کو ٹیکسٹائل، بالخصوص گارمنٹس کی صنعت میں نہ صرف با آسانی روزگار میسر ہو گا بلکہ وہ اپنا کام بھی شروع کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔

یہ ٹرینی مینوئل بورڈ آف مینجمنٹ کے ممبران، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل کے افسران اور ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے سٹاف کی مشترکہ کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

اس مینوئل کی تیاری کے ضمن میں مندرجہ ذیل افراد خصوصی شکریہ کے مستحق ہے:۔

1 محمد شکیل، Manager Curriculum پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل، لاہور۔

2 انجینئر محمد سلیم، Deputy Manager Curriculum پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل، لاہور۔

3 مسز ناہید اسلام، جونیئر انسٹرکٹر ڈریس میکنگ، وی ٹی آئی، گوجرانوالہ۔

4 مسز پروین اختر، انسٹرکٹر ڈریس میکنگ، وی ٹی آئی، قصور۔

5 مسز فرخندہ، انسٹرکٹر ڈریس میکنگ، وی ٹی آئی، شادمان لاہور۔

6 مسز خالدہ پروین، انسٹرکٹر ڈریس میکنگ، وی ٹی آئی، اسپیشل ہاؤس لاہور۔

7 مس بشریٰ غوری، انسٹرکٹر ڈریس میکنگ، وی ٹی آئی، شیخوپورہ۔

اس مینوئل کو بہتر بنانے کے لیے مثبت تجاویز کے منتظر

جون، 2005

سکندر مصطفیٰ خان

چیئرمین

پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل

Training Program

1. Needs / Objectives.

The development of a country cannot be achieved without development of skilled manpower. The vocational technical education is the way that leads to prosperity and poverty alleviation. Therefore, technical and vocational training institutes are more than 60% of total educational institutions in the developed countries. We are facing problem in the development due to lack of technically competent personnel. The Govt. of Punjab has taken a big decision to make vocational education to be a part of general education. That is why “Dress Making” course is developed and introduced in VTI’s to cope with the ever increasing demand of skilled manpower.

The need and objective of this course is to enable the trainee to learn the:

1. Introduction to tailoring.
2. Definition & history of sewing.
3. Precautions during sewing.
4. Different units of measurement.
5. Protective measures for machines & tailoring equipment.
6. Good House keeping.
7. Customer dealing.
8. Use of different items, required in drafting & tailoring.
9. Important steps, before cutting a dress.
10. Different parts and working of a sewing machine
11. Trouble shooting & repair of a sewing machine.
12. Selection of different colours in embroidery work.
13. Selection of a beautiful design of embroidery.
14. Way & kinds of sewing.
15. Introduction & use of disc matic machine
16. Different parts of disc matic machine.

2. Skill Requirements

At the end of the course, the trainee will be able to perform the following tasks:

1. Cleaning, oiling & maintenance of sewing machine.
2. Measurement of dress.
3. Use of hand/foot driven and Zig Zag sewing machine.
4. Embroidery work along with different types of stitches.
5. Tracing a new design on cloth/paper.
6. Use of embroidery frame.
7. Some important factors in measurement of a dress.
8. Pattern making.
9. Drafting & sewing of different dresses of ladies, gents & kids.
10. Different styles of necks of ladies shirts.
11. Selection, use & replacement of parts of disc matic machine, as per requirement.
12. Use of disc matic machine with different stitches.
13. Hand stitching & gathering.
14. Making button holes and fixing snaps, buttons & zip.

3. Knowledge Requirements.

After the completion of this course, the trainee would have the knowledge of:

1. Dress cutting & their sewing
2. Practical and good in using tailoring equipments & sewing machine.
3. Good eyesight and normal colour vision.
4. An aptitude for a tailor.
5. Able to do precise and detailed work.
6. Able to work as part of a team.
7. Physically fit.
8. Good communication skills.
9. Understand and observe safety rules and conditions.
10. Better customer service.

4. Entry Level

- Middle.
- Admission is subject to passing a general aptitude test.

5. Class Size

- 20-25 Trainees

6. Training Duration / Scheme

a) VTI Training -12 months (theory & practical)

b) On job training -2 months

c) No. of hours per week -40

d) Ratio (Theory to Practical) -20:80

e) Training material – Trainee manual , work book

f) Medium of instructions – Urdu

g) Method of instructions – Lectures, demonstration & practical

h) Tests – Quizzes, monthly, final

i) Evaluation – Attendance, Sessional, Final test OJT…………………………………………………………………..

j) Qualification and Training level of staff:

-Jr Instructor –Diploma Holder in Tailoring with 5 years experience,

- Lab Assistant –Matriculate with adequate tailoring/stitching experience.

7. Employability

The pass outs of this course would be able to:

1. Work with small & big industrial garments stitching units.
2. Work in a tailoring shop.
3. Be self employed by having his own tailoring shop.

8. List of Tools/ Equipment/ Facilities for total class

S. No	Equipment Item	Quantity/size/number
1	Sewing Machines with electric motors and foot control	25
2	Sewing machine tool kits	25
3	Scissors pinking	5
4	Scissors large & medium	25 each
5	Tables for sewing machines fitted with drawers	25
6	Stools	25
7	Cloth cutting / pattern making tables : 3’x5’	6
8	Marking sets (T-foot, L-foot, etc)	25
9	Measuring Tapes (Inch Tape)	25
10	Electric iron	5
11	Pin cushions	25
12	Thimbles	25
13	Marking & erasing tools	25

9. List of Consumables: Per Course/ Per Trainee

S. No	Equipment Item	Quantity/Size/numbers
1	Hand Needles	2 dozen
2	Machine Needles	1 dozen
3	Thread reels assorted	40
4	Cloth	50 meter
5	Buckram/ lining material	2 meter
6	Brown paper for pattern making	5 sheets
7	Assorted fasteners: buttons, zippers, buckles, etc	As per requirement
8	Ladies' clothes decorating items (maniari, embellishments, laces, etc)	As per requirement
9	Machine Oil	1 can
10	Cotton rag	1 kg
11	Marking chalk	10 number
12	Soft lead pencils	1 packet
13	Erasures	1 packet
14	Elastic tape	1 number
15	White paper	2 dozen
16	Ticken	5 meter
17	Gum	1 bottle (medium)
18	Common Pins	1 packet
19	Frame for embroidery	2 number
20	Scotch tape	2 number
21	Marker	6 number
22	Elastic thread	5 meter

نمبر شمار	عنوان	تھیوری ٹائم (Hours)	پریکٹیکل ٹائم (Hours)	صفحہ نمبر
1	**ٹیلرنگ** سلائی کی تعریف اور تاریخ، سلائی کی تیاری اور چند احتیاطی تدابیر، مشین کی صفائی اور دیکھ بھال، ناپ اور اس کی اہمیت، انچ ٹیپ، سنگل فٹ، ایل فٹ، ٹی فٹ، دارس سٹینڈ، پن کشن، انگشتانہ، ٹیلر چاک، چھوٹی قینچی، درمیانی قینچی، بڑی قینچی، دندانے دار قینچی، ہاتھ سے چلنے والی مشین، زگ زیگ مشین، پاؤں سے چلنے والی مشین، سلائی مشین کے اہم پرزے اور ان کے کام، صفائی اور تیل ڈالنا، شکایات، نقائص، تدارک	30	120	1
2	**کشیدہ کاری** کشیدہ کاری پر اثر انداز ہونے والے عوامل، رنگوں کا سائنس، دھاگوں کا انتخاب، دھاگوں کے رنگوں کا صحیح امتزاج اور چناؤ، خوبصورت اور دلکش ڈیزائن کا چناؤ، چیز کی مناسبت سے ڈیزائن کو بڑا یا چھوٹا کرنا، ڈیزائن کو کپڑے پر اتارنا یا ٹریس کرنا، کڑھائی کا فریم اس کا استعمال، سادہ لائن دار ٹانکے، کچا ٹانکا، رننگ سٹچ، بخیہ ٹانکا، چیچی ٹانکا، ڈنڈی ٹانکا، بار دار ٹانکے، مچھلی ٹانکا، دو سوتی ٹانکا، چکرا ٹانکے، کاج ٹانکا، پر ٹانکا، فیدر سٹچ، زنجیرا ٹانکا، گرہ دار ٹانکے، موتی ٹانکا، زیرہ ٹانکا، پنکھڑی ٹانکا، بھرائی ٹانکا، لمبا اور چھوٹا ٹانکا، سندھی ٹانکا، بلوچی ٹانکا، کشمیری ٹانکا، سوالی ٹانکا	20	70	36
3	**HAND STITCHING** بخیہ، ترپائی، سادہ ٹانکے سے جوڑنا، الٹا بلینکٹ سٹچ، کاج ٹانکا، بخیہ ختم کرنا، کرلائی میں سلائی، دوہری سلائی، مشین کی سلائی، سادہ سلائی، تھم سلائی، چپٹی سلائی، بعات سلائی، بند ورجی عدل سلائی، بائنڈنگ کا استعمال، سائیڈ پلیٹ، باکس پلیٹ، الٹے رخ کے پلیٹ	20	70	74
4	**بٹن، ناپ اور ڈرافٹنگ** ٹچ بٹن، سیپ بٹن، لنک بٹن، کاج، رفو کرنا، زپ لگانا، پیوند کاری، لائننگ، ناپ میں وضاحت طلب باتیں، استری کرنا، فولڈنگ، ڈرافٹنگ، پیٹرن بنانا، خاکہ کھینچنے کا پیپر، ڈرافٹ بنانا	30	120	94
5	**جانگیہ** سادہ جانگیہ، نکرن جانگیہ، الاسٹک والا جانگیہ، بب، ایپرن، بب کا استعمال، فیڈر	30	120	114
6	**اریب فراک** یوک فراک، باڈی فراک، امبریلا فراک، سادہ کرتا	30	120	132
7	**رومپر** بچگانہ نیکر، بچگانہ شرٹ، گول گلے کی شمیز، بب والی شمیز، تلائی	40	180	152
8	**آستین اور لیڈیز گلوں کے ڈیزائن کی اقسام** امبریلا، زوٹنگ والی پف آستین، بیل آستین، فرل آستین، کف آستین، ڈیزائننگ آستین، گلا بنانا، لیڈیز سٹائل کے مختلف گلے، گریبان کی کٹائی، کالر کٹ ان کا رسٹنس، بلٹ والی شلوار، ہنس سٹائل، ہنس شلوار، کٹائی کا طریقہ، سلائی کا طریقہ	30	120	174
9	**بچے کی جین پینٹ** جیکٹ، بچے کا کوٹ، آستین، کالر، ڈبل پیس، تھیلا کٹ پاجامہ، سکرٹ کٹ پاجامہ	50	240	220
10	**بلاؤز** بچی کوٹ، قیصانی کرنا، بکائی کرنا، بچے کی چولی کی آستین،	30	120	244

صفحہ نمبر	پریکٹیکل ٹائم (Hours)	تھیوری ٹائم (Hours)	عنوان	نمبر شمار
262	120	30	**پاجاموں کی منفرد اقسام** تل بانم، ہنٹنگ پاجامہ، بلیر و شرٹ، ریگولن شرٹ، نائٹ سوٹ شرٹ، مردانہ نائٹ سوٹ کا پاجامہ، مردانہ بش شرٹ ٹوپیس کالر،	11
292	60	20	**مردانہ گاؤن** لیڈیز گاؤن، لیڈیز گاؤن آستین، ڈاسک بیک مشین، ڈاسک بیک مشین کے متعلق واقفیت حاصل کرنا، دیگر پرزہ جات، اختیاری پرزے، بٹن استعمال کا پرلیرفٹ ورتھروٹ پلیٹ و دیگر پرزوں کا انتخاب اور تبدیل کرنے کا طریقہ بیپر کے عینک کو نکالنا اور بٹن اٹکنے کے پرزے کو تبدیل کرنا، تھروٹ پلیٹ کو تبدیل کرنا، فیڈر، کور پلیٹ لگانا، سوئی کو تبدیل کرنا، مشین چلانا، پھرکی کا دھاگہ، پھرکی کی ڈبی سے دھاگہ نکالنا، مشین میں دھاگہ ڈالنا، سیدھی سلائی، الٹی سلائی، لائٹ بلب تبدیل کرنے کا طریقہ، سلائیڈ پلیٹ کو لگانے کا طریقہ، مشین کی صفائی اور دیکھ بھال، سامنے کی طرف اندرونی پرزوں کی صفائی، چمڑہ کاری، پیکو کرنا، زپ لگانا، مونوگرام بنانا، کڑھائی کا فریم، کوٹنگ، رفیہ ختم کرنا، الٹی انچ زگ زیگ، پیچھے کمرے کو رفو کرنا، عام مقصد کی سوئی کی پلیٹ، بنائی دار کمرے کے کناے بنانا	12

(B)

Common Course 100

Total A+B= 360+1460 + 100 = 1920

ٹیلرنگ (TAILORING)

تعارف (Indtroduction)

کسی بھی قسم کے پارچہ جات کو مناسب کتر بیونت کے ساتھ زیب تن بنانے کے فن کو ٹیلرنگ کہتے ہیں۔ٹیلرنگ آرٹ میں تہذیب وتمدن کی ایک خاص جھلک نظر آتی ہے۔اس سے انسانی ارتقائی منازل کو پرکھنے میں مدد ملتی ہے۔زمان ومکان میں ہونے والی خاص تبدیلیوں کے تاریخی شواہد کا پتہ چلتا ہے۔ٹیلرنگ کے فن سے ہم کسی بھی زمانے کی انسانی سوچ سے آگاہی حاصل کر سکتے ہیں۔

سلائی کی تعریف (Definiton of Sewing & Stitching)

ایک خاص ترتیب میں کاٹے گئے کپڑے کے ٹکڑوں کے باہمی ملاپ بذریعہ دھاگہ کو سیونگ اور سٹچنگ کہتے ہیں۔اس عمل میں پارچہ جات کی مضبوطی اور پائیداری کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔فی زمانہ مختلف اشکال میں ان تمام خصوصیات کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

سلائی کی تعریف اور تاریخ (History of Sewing & Stitching)

کسی معروف فلسفی کا قول ہے، کہ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔سیونگ اور سٹچنگ کی افادیت کا اندازہ اسی دن سے ہوگیا تھا۔جس دن اس کرہ ارض پر انسانی وجود کا پاؤں پڑا۔سب سے پہلے اسکا احساس حضرت آدم علیہ اسلام کو ہوا، جب انہیں خلد سے نکال کر زمین پر بھیجا گیا۔حضرت آدم علیہ اسلام اور اماں حوا نے اپنے جسم کو اس دور میں پائے جانے والے وسائل یعنی درخت کے پتوں سے اپنے اجسام کو زیب تن کیا۔ہم اس زمانے کو پتھروں کا زمانہ بھی کہہ سکتے ہیں۔درختوں کے علاوہ وہ اپنے جسم پر درختوں کی چھال اور جانوروں کی کھالوں کو بھی لپیٹا کرتا تھا۔آہستہ آہستہ اس نے کھیتی باڑی سیکھ لی۔کھیتی باڑی سے اسے مختلف اقسام کی اشیا میسر ہوئیں ان اشیاء میں ریشوں والی فصلیں بھی تھیں۔ان ریشوں کو ایک خاص انداز میں باہم پیوست کر کے وہ ابتدائی اقسام کے پارچہ جات بنانے لگا جو کہ درختوں کی چھالوں اور جانوروں کی کھالوں سے کہیں زیادہ پائیدار اور

دیدہ زیب تھے ۔وہ ان پارچہ جات کو اپنے جسم پر لپیٹ لیتا یہ ٹیلرنگ اور سچنگ کا ابتدائی زمانہ کہلائے گا۔جیسے جیسے انسانی آبادی میں اضافہ ہوا اسکی ضروریات زندگی بھی بڑھ گئیں ۔مختلف عہدوں پر متعین لوگوں کومخصوص لباس کی ضرورت محسوس ہوئی تا کہ وہ اس سے پہچانے جا سکیں اس لیے انسان درختوں کے ریشوں کی بطور دھاگہ اور کانٹوں کو سوئی کے طور پر استعمال کیا۔اس لیے جانوروں کی انتڑیوں اور کھالوں کو بھی مناسب طریقہ سے زیر استعمال لایا گیا۔تاہم یہ کام بہت زیادہ محنت طلب تھا۔پھر اس کرہ ارض پر باہمی رنجش اور جنگ وجدل شروع ہوگئی ان تمام معرکہ جات میں ایک خاص قسم کے لباس کی ضرورت محسوس ہوئی جو کہ میدان جنگ کے عین مطابق ہو ان تمام ضرورتوں نے سیونگ اور سچنگ کی افادیت کا احساس ہوا۔انسانی ہاتھوں سے پایہ تکمیل پانے والے کام زیادہ وقت زدہ اور وقت طلب محسوس ہونے لگے پھر انسانی عقل نے مشینی ایجاد کی طرف توجہ مبذول کی۔ ابتدائی مشین پروٹوٹائپ تھی اس کی پیداوار اور کوالٹی بھی معمولی نوعیت کی تھی ۔وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان کی پیداواری صلاحیت اور پائیداری میں بھی اضافہ ہوتا گیا اس سارے کام میں مشین کے ساتھ انسانی ہاتھوں کا کمال فن بھی شامل تھا انسانی ہاتھوں نے سیونگ اور سچنگ کو مہارت کے ساتھ دیدہ زیب بنا دیا اس سے لباس کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا۔انسان آخر انسان ہے کام کے ساتھ ساتھ تھکن اور بے آرامی اسے اپنے کام سے غفلت پر مجبور کر سکتی ہے ۔آج کے موجودہ دور میں سیونگ اور سچنگ کو برقرار رکھنے کے لیئے کمپیوٹر معرض وجود میں آئے جس نے سیونگ اور سچنگ کو عروج تک پہنچا دیا ہے ۔

سلائی کی تیاری

کپڑا سینے سے پہلے اگر چند مفید اور کارآمد باتوں کو مدنظر رکھا جائے تو کپڑا اسل کر بھی عمدہ ہو جاتا ہے لباس کی سلائی میں مشین کی سلائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے ۔ کیونکہ لباس کی بناوٹ اور پائداری میں یہ اہم کردار ادا کرتی ہے ۔مشین کی سلائی میں مہارت حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ سلائی کرنے کا صحیح طریقہ اپنایا جائے تا کہ کسی قسم کی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کے لئے درج ذیل اقدامات کو مدنظر رکھنا نہایت ضروری ہے۔

1- مشین چلانے کا صحیح طریقہ اپنانا

2- مشین پر مہارت حاصل کرنا

3- مشین میں سوئی لگانا

4- مشین میں دھاگہ ڈالنا

5- دھاگے کا تناؤ صحیح رکھنا

6- بخیہ شروع اور ختم کرنے کے لئے صحیح طریقہ اپنانا

7- سلائی کے دوران کپڑے کو صحیح تھامنا

سلائی کے دوران چند احتیاطی تدابیر۔

1- ہاتھ کی سلائی سے فارغ ہونے کے بعد سلائی والی سوئی کو حفاظت سے پن کشن میں لگا دیں۔ تاکہ گم نہ ہو۔ اور پن کشن کے ڈبے کو مشین کے ڈبے میں سنبھال لیں۔ ضرورت پڑنے پر پریشانی نہیں ہوتی۔

2- سوئی کو کبھی منہ میں نہ پکڑیں یہ عادت غلط ہوتی ہے۔ نگل جانے کی شکل میں نقصان دہ ہے

3- قینچی کو استعمال کے بعد ڈبے میں اس طرح رکھیں کہ نوک نیچے ڈبے میں نہ لگے ورنہ نوک خراب ہو جائیگی

4- انچ ٹیپ کو لپیٹ کر رکھیں ورنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔

5- استری کو استعمال کے بعد ہمیشہ سیدھا کھڑا کرنے کی عادت مت بھولیں۔ کام ختم کرنے پر سوئچ نکال دیں استری کی تار استری سے نہ ٹکرائے تار گرم استری سے لگ کر جل جاتی ہے۔

6- بجلی کی مشین استعمال کے بعد اسکا پلگ بھی نکال دیں۔

حفاظتی تدابیر

☆ حفاظتی تدابیر وہ عادات ہیں جنہیں اپنانے سے ورکشاپ میں حادثات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

1- کام شروع کرنے سے پہلے خود کو ذہنی، جسمانی طور پر تیار کر لیں۔

2- کام شروع کرنے سے پہلے اس کے متعلق مکمل معلومات ہونی چاہیں۔

3- کام کرنے سے پہلے اگر مکمل معلومات نہ ہوں تو متعلقہ انسٹرکٹر سے حاصل کرلیں۔
4- برقی سپلائی آن، آف کرنے سے پرزہ پر ہاتھ نہ لگائیں۔
5- چلتی مشین میں کسی پرزہ پر ہاتھ نہ لگائیں۔
6- کام کے دوران غیر متوقع تبدیلیوں کی اطلاع انسٹرکٹر کو کریں۔
7- گھومنے والے حصوں کے قریب ڈھیلے لباس سے نہ گزریں۔
8- تیز دھار آلات مثلاً سوئی قینچی وغیرہ جیب میں نہ رکھیں۔

مشین اور آلات کی حفاظت۔

آلات کا غلط یا لاپرواہی سے استعمال کیا جائے تو ان کے خراب ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ جو کہ آلات کی تباہی اور وقت کے ضیاع کا سبب بنتا ہے نیز آلات کے استعمال کے دوران مندرجہ ذیل حفاظتی اصولوں کو مدنظر رکھیں

☆ کسی بھی مشین یا آلات کو سپلائی فراہم کرنے سے قبل اس کے طریقہ کار سے واقفیت بذریعہ انسٹرکٹر اور کتابچہ مینول حاصل کریں۔
☆ پیائش کے آلات سے اگر نا معلوم مقدار کی پیائش مطلوب ہو تو ایک مشین پر بیک وقت صرف ایک ٹرینی کام کرے۔
☆ استری کے استعمال کے دوران شاک ٹیسٹ کریں۔ اور ہاتھ خشک ہونے چاہیں۔
☆ برقی موٹر پر چلنے والی مشین کو ضروری مقام سے ارتھ کنکشن کریں۔
☆ فرش پر تیل یا گریس نہ گرنے دیں۔ کپڑے کے ٹکڑے ڈسٹ بین میں ڈالیں۔

مشین کی صفائی اور دیکھ بھال

آپ کی مشین نہایت عمدہ پائیدار لیکن نفیس اور نازک آلات پر مبنی ہے۔ اور اگر ہم اس کی مناسب دیکھ بھال اور صفائی کرتے رہیں گے۔ تو یہ سالہا سال تک ہمارے لئے کارآمد رہے گی۔ مشین کو کب اور کتنی مرتبہ صاف کرنا چاہئے، اس کا انحصار اس بات پر ہے۔ کہ ہم اسے کتنا استعمال کرتے ہیں اور مشین کس جگہ رکھی ہوئی ہے۔ بہر حال توقع یہی کی جاتی ہے کہ ہم اپنی مشین کو اکثر استعمال کریں گے اور مندرجہ ذیل ہدایات اسی کے مطابق ہیں۔ لیکن اگر آپ مشین کو بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ یا بہت گرم جگہ مشین رکھی جاتی ہے تو اسے اور زیادہ

صفائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

احتیاط

اس بات کا خیال رہے کہ اگر مشین بجلی سے چلائی جاتی ہے تو صفائی شروع کرنے سے پہلے اس کا پلگ نکال لیں۔

(Good House Keeping)

اس سے مراد ارد گرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا اور مشین کو کام کے متعلق صحیح اور Working Condition میں رکھنا ہے۔

☆فرش کو روزانہ صاف کریں۔

☆ کپڑے کے ٹکڑے، جو کٹنگ کرنے کے دوران بچ جائیں اکھٹے کر کے ڈسٹ بن میں ڈالیں۔

☆لباس اور کام کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے۔

☆مشین کی صفائی اور Oiling مناسب وقفہ سے کرنی چاہیئے۔

☆ ٹیلرنگ شاپ کا کمرہ فرش دیواریں چھت اور دروازے کھڑکیاں صاف رکھیں تا کہ ماحول خوشگوار رہے۔

اچھی ٹیلرنگ کے لیے نہایت ضروری ہے کہ آپکا کام عین شیڈول کے مطابق ہو۔ان تمام اہداف کو حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات نہایت ضروری ہیں۔

1۔ٹیلرنگ روم نہایت صاف ستھرا ہونا چاہیے۔

2۔پارچہ جات ایک خاص ترکیب کے ساتھ رکھے جانے چاہئیں۔

3۔آپ کے پاس تمام پارچہ جات کا نمونہ اس آرڈر کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے تا کہ آپ دیے گئے ناپ کے مطابق اس کو بنا سکیں۔

4۔جہاں پر آپ ٹیلرنگ کا کام کر رہے ہوں وہاں پر روشنی اور ہوا کا مناسب بندوبست ہونا چاہیے۔تا کہ آپ اکتاہٹ محسوس نہ کریں اور نہایت دلجمعی کے ساتھ کام کر سکیں۔

5۔مختلف قسم کی مشین جو کہ آپ کے زیر استعمال ہیں۔انکی کارکردگی صلاحیت کے مطابق جگہ فراہم کریں تا کہ انکی کارکردگی متاثر نہ ہو۔

گاہکوں سے رابطہ Customer Dealing

ایک اچھے سیل مین / سیل گرل میں مندرجہ ذیل خوبیاں ہونی چاہئیں۔

1- گاہک کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

2- گاہکوں کی ڈیمانڈ اچھی طرح سمجھ سکے۔

3- گاہکوں کو اپنی Product کی خوبیاں بمطابق گاہک کی ضرورت، بتا سکے اور قائل کرنے کی صلاحیت رکھتی / رکھتا ہو۔

4- اپنی Product کی مکمل تفصیل سے واقفیت ہو۔

5- گاہک کے Status کے مطابق سیل کر سکے۔

ناپ Measurement

کسی بھی کپڑے کی کٹنگ کرتے وقت ناپ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اگر ناپ لینے کا طریقہ درست ہو گا تو کٹنگ بھی درست ہوگی۔ اور مطلوبہ ڈیزائن بنانے میں آسانی ہوگی۔ کیونکہ کٹنگ کا زیادہ تر دارومدار ناپ پر ہی منحصر ہوتا ہے۔ اس لیے ناپ لیتے وقت خاص احتیاط برتنی چاہیے۔ تاکہ مطلوبہ ناپ کے مطابق کپڑوں کی کٹنگ درست طریقہ سے کی جا سکے۔ ناپ لیتے اور دیتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

1- ناپ دیتے وقت زیادہ ڈھیلا ڈھالا اور موٹا لباس نہیں پہننا چاہیے۔ کیونکہ یہ صحیح ناپ پر اثر انداز ہوتا ہے۔

2- ناپ لینے سے پہلے اپنے پاس کاپی اور پنسل رکھ لیں تاکہ ناپ ساتھ ساتھ لکھا جا سکے۔

3- ناپ ہمیشہ اوپر سے لینا شروع کریں اور نیچے آتے جائیں۔

4- ناپ لیتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھیں کہ نہ انچ ٹیپ کس کر یعنی کھینچ کر ناپ لیں اور نہ ہی ڈھیلا رکھ کر ناپ لیں۔

5- یہ یاد رکھیں ناپ کے نشانات لگا کر کٹائی نہیں ہوتی۔ بلکہ (ناپ + لوزنگ) پر سلائی کا نشان ہوتا ہے۔ اور کٹنگ لائن اس کے باہر آدھا انچ کے فاصلے پر لگائیں۔ یعنی گنجائش رکھ کر کاٹ لیں۔



ناپ لینے کی اہمیت

بہترین اور عمدہ لباس کی سلائی کا انحصار بہت حد تک اسکی کٹائی پر ہوتا ہے۔اور بہترین کٹائی کے لئے جسم کا صحیح ناپ لینا ضروری ہے۔کیونکہ ناپ لے کر جو کپڑے تیار کیے جاتے ہیں۔اس سے لباس کی فٹنگ بھی صحیح آتی ہے اور لباس کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔لباس انسان کی شخصیت کو مکمل اور بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے اس کی ساخت اور ڈیزائن کو ایسا نہیں ہونا چاہیے۔جو جسمانی خوبیوں کو ماند کردے۔



پیمائش کی اکائیاں:۔

- ☆ ایک گز میں تین فٹ ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک فٹ میں 12 انچ ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک انچ میں آٹھ پوائنٹ ہوتے ہیں۔
- ☆ 1/2" آدھا انچ میں چار پوائنٹ ہوتے ہیں۔
- ☆ 1/4" یا چوتھائی انچ میں دو پوائنٹ ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک میٹر میں 39 انچ ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک میٹر میں 100 سنٹی میٹر ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک میٹر میں ہزار ملی میٹر ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک گز میں 92 سینٹی میٹر ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک سینٹی میٹر میں 10 ڈیسی میٹر ہوتے ہیں۔
- ☆ ایک انچ میں 2.5 سینٹی میٹر ہوتے ہیں۔
- ☆ 16 گرہ کا ایک گز ہوتا ہے۔
- ☆ 2-1/4 انچ کا ایک گرہ ہوتا ہے۔



انچ ٹیپ

پیائش کے لئے ایسا ہونا چاہیئے جو کہ کھینچنے سے لمبا نہ ہو۔ چائنہ کی بنی ہوئی ٹیپ بازار میں ملتی ہے وہ بہت موزوں رہتی ہے اس کے ایک سائیڈ انچ اور دوسری سائیڈ پر سینٹی میٹر ہوتے ہیں۔



سٹیل فٹ

لیس لگانے کے لئے لفظوں کے درمیان رابطہ یا ان کو ملانے کے لیئے استعمال ہوتا ہے اس فٹ کو ڈرافٹنگ کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔



ایل فٹ

کپڑوں کی کٹنگ کے دوران استعمال کیا جاتا ہے۔ اس فٹ کو کپڑے پر رکھ کر نشان لگا کر کٹنگ کرنے میں بہت آسانی رہتی ہے۔ خاص طور پینٹ کی کٹنگ کے لیئے بہت موزوں ہے۔



ٹی فٹ

بورڈلیسن دیتے وقت ڈرافٹنگ کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس فٹ سے دو بنیادی لائینیں ایک لمبائی کے رخ اور دوسری چوڑائی کے رخ لگانے میں آسانی رہتی ہے۔



کپڑے کی کٹنگ سے پہلے چند ضروری باتیں

سوتی کپڑے کو ہمیشہ کاٹنے سے پہلے پانی میں بھگودیں تاکہ کپڑا جتنا سکڑتا ہوا۔وہ پہلے ہی سکڑ جائے۔اس کے بعد آپ کپڑے کو خوب اچھی طرح سکھائیں۔پھر استری کرلیں۔تاکہ کپڑے میں کوئی شکن نہ رہے۔کپڑے کو میز یا فرش پر بچھا کر کاٹنا چاہیئے۔تاکہ صاف اور سیدھا کٹے۔قینچی کی دھار خوب تیز ہونی چاہیئے۔تاکہ کپڑے کی کٹنگ ٹھیک ہو۔کپڑا کاٹنے سے پہلے لباس کا مکمل ڈرافٹ تیار کرلینا چاہیئے۔اس پیٹرن کو کپڑے پر اس طرح رکھیں کہ کم سے کم کپڑا استعمال ہو۔ضروری تو یہ ہے کہ کٹنگ سے پہلے اچھے طریقے سے ناپ لیں۔اور

مندرجہ ذیل باتوں کو ذہن نشین کر لیں۔

1۔قینچی تیز دھار والی ہونی چاہئے۔

2۔قینچی کی نوک ٹھیک ہونی چاہئے۔

3۔ہاتھ قینچی پر ٹھیک جگہ پر رکھیں بار بار قینچی روک کر کاٹنے سے کٹ پڑ جاتے ہیں۔

4۔کپڑے کو ہاتھ میں لے کر مت کاٹیں ہمیشہ ٹیبل پر یا زمین پر کمبل پر بچھا کر کاٹیں۔

5۔سیدھا کپڑا کاٹنا ہو تو دھاگہ کھینچ کر کاٹیں۔

6۔کٹائی ٹیبل پر کرتے وقت بھی ہاتھ میں کپڑا مت اٹھائیں بلکہ بچھا کر ہاتھ دبا کر کپڑے کو رکھیں۔کہ ہلنے نہ پائے۔

7۔بہتر ہے کپڑا کاٹنے سے پہلے ٹیبل پر بچھا کر استری کر لیں۔

8۔کٹائی کرتے وقت دو یا چار تہ کپڑے کی ہوں تو بہتر ہے پن لگائیں۔

9۔کٹائی کے بعد پورے ٹکڑے ایک دوسرے کے اوپر تہہ لگائیں۔

10۔جہاں جہاں خاص نشان دینے ہوں۔جیسے کمر کی فٹنگ چاک کی لمبائی کا نشان بازو کا اوپر سینٹر قینچی سے چھوٹا سا ٹک لگا دیں۔

ڈریس سٹینڈ

یہ سٹینڈ اس لئے ہوتا ہے کہ قمیض۔فراک۔بلاؤز وغیرہ سی کر ہینگر میں ڈال کر لٹکا دیا جائے۔تا کہ لباس کی

خوبصورتی میں اضافہ ہو۔اور استری بھی خراب نہ ہو

ڈرافٹنگ ٹیلرنگ میں استعمال کی جانے والی اشیاء:

ڈرافٹنگ ٹیلرنگ میں عام طور پر جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔وہ درج ذیل میں بیان کی جارہی ہیں۔ان کی لسٹ بنا کر ضرور اپنے پاس رکھ لیں۔

1۔وائٹ بورڈ 2۔مارکر 3۔ڈسٹر 4۔فٹ رولر 5۔خاکی کاغذ

6۔انچ ٹیپ 7۔پنسل 8۔شارپنر 9۔ربڑ 10۔قینچی
11۔ٹیلرز چاک 12۔کٹنگ ٹیبل 13۔استری 14۔استری سٹینڈ 15۔سلائی مشین
16۔کپڑا 17۔دھاگہ 18۔ہاتھ کی سوئیاں 19۔مشین کی سوئیاں 20۔چھوٹی قینچی
21۔تھمبل (انگشیانہ) 22۔کامن پنز 23۔پن کشن 24۔سلائی کا ڈبہ 25۔ڈریس سٹینڈ

پن کشن

کپڑا کاٹنے سے پہلے کاغذ کا ڈرافٹ کپڑے پر بچھا کر کامن پن لگائیں۔پھر کٹنگ کریں۔



انگشانہ (تھمبل)

یہ سلائی والے ہاتھ کی درمیانی انگلی میں ہونا چاہیے۔تا کہ ترپائی اور کڑھائی کرتے وقت سوئی آپ کی انگلی میں نہ لگے۔



ٹیلر چاک

یہ کم از کم دو قسم کے ہونے چاہئیں ۔ایک سفید اور ایک نیلا ۔نشان لگانے والی یہ کھریا مٹی کی ٹکیاں عام مل جاتی ہیں ۔کپڑے کی کٹائی کرتے وقت یہ مارکنگ کے کام آتی ہے ۔



Kinds of Scissors

1. چھوٹی قینچی (کاج بنانے ولی)

2. درمیانی قینچی

3. بڑی قینچی

کپڑا کاٹنے والی خاص قینچی۔ اس کے ہینڈل کا ایک حصہ بڑا اور دوسرا چھوٹا ہوتا ہے۔ یہ قینچی تیز دھار والی ہوتی ہے۔

4. دندانے دار قینچی

یہ قینچی سلائی کے اختتام پر کنارے کاٹنے کے کام آتی ہے۔اس سے کپڑے کے دھاگے نہیں نکلتے اور کپڑا محفوظ رہتا ہے۔

ہاتھ سے چلنے والی مشین

مشین ہاتھ سے چلائی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ہتھی لگی ہوتی ہے۔اس ہتھی کو اتروا کر اس مشین پر بجلی کی موٹر بھی لگوائی جاسکتی ہے۔بجلی کی موٹر کا ایک تار پلگ کے ساتھ اور دوسرا اسپیڈ کنٹرولر کے پیڈل پر دباؤ ڈالا جاتا ہے۔جس سے مشین سلائی کرے گی۔اس مشین سے وقت اور قوت کی بچت ہوتی ہے۔

زِگ زیگ مشین

یہ جدید مشین ہے۔جس سے سادہ سلائی کے علاوہ اس سے مختلف ڈیزائن بھی بنائے جا سکتے ہیں۔اس مشین کے ساتھ ڈیزائن بنانے کے لئے مختلف ڈسک بھی ملتے ہیں۔جو مختلف ڈیزائن بنانے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔اس مشین سے وقت اور قوت کی بچت ہوتی ہے۔نیز مختلف ڈیزائن باآسانی تیار ہوتے ہیں۔



پاؤں سے چلنے والی مشین

یہ مشین ایک خاص سٹینڈ پر لگی ہوتی ہے۔اور پائیدان پر پاؤں آگے پیچھے کرنے سے چلتی ہے۔عموماً اس مشین سے مشینی کڑھائی کی جاسکتی ہے۔ویسے عام سلائی کے لئے بھی استعمال کی جاتی ہے۔آزاد سلائی کے لئے مشین کا پیر استعمال نہیں کرتے۔اور کپڑے کی حرکت کو کشیدہ کاری کے فریم کی مدد سے خود کنٹرول کرتے ہیں مشین کا پیر نکالنے اور کور پلیٹ لگانے کے بعد اب مشین آزاد سلائی کے ذریعہ رفو اور کشیدہ کاری کے لئے تیار ہے۔

سلائی مشین کے اہم پرزے اور ان کے کام

1- دباؤ Presser

کپڑے پر مشین کے دباؤ میں کمی زیادتی کرنے میں مدد دیتا ہے۔

2- دھاگہ کا لیور Thread Lever

سوئی میں دھاگے کی روانی کا ذمہ دار ہے۔

3- پیر اٹھانے والا پرزہ Press bar LIfter

مشین کی پشت پر نصب شدہ یہ پرزہ پیر اٹھانے یا نیچا کرنے کے کام آتا ہے۔

4- دھاگہ کسنے والا پرزہ Tension Regulater

نمبروں والا یہ پرزہ مطلوبہ سلائی کے لئے دھاگہ کو فٹ کرتا ہے۔

5-دھاگہ کاٹنے والا Thread Cutter

آسانی کے ساتھ دھاگہ کاٹ دیتا ہے۔

6-پیر Foot

کپڑے کو دندانے پر دبائے رکھتا ہے۔

7- سلائیڈ پلیٹ Slide Plate

پھرکی لگانے کے لیے پلیٹ آگے پیچھے کی جاتی ہے۔

8- دندانے Feed Dog

سلائی کے وقت کپڑے کو چلاتا ہے۔

9- جامد پلیٹ Troat Plate

دندانوں کے قریب کام کے لیے جگہ مہیا کرتی ہے اور نیچے کے پرزوں کو محفوظ کرتی ہے۔

10- نلکی لگانے کی کیل Spool Pin

مختلف سائز کی نلکیاں لگائی جاسکتی ہیں۔

11- پہیہ Balance Wheel

دھاگہ کے لیور اور سلائی کی حرکت کو کنٹرول کرتا ہے اسے ہمیشہ اپنی طرف گھمائیے۔

12- پھرکی میں دھاگہ بھرنے والا پرزہ Bobbin Winder

اس میں پھرکی نصب کرکے دھاگہ بھرا جاتا ہے اور پھرکی پوری بھرنے کے بعد خود بخود نکل آتی ہے۔

13- ٹانکہ چھوٹا بڑا کرنے والا پرزہ Stitch Length Dial

اس پر درج شدہ نمبر یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ایک انچ میں کتنے ٹانکے لگتے ہیں اور اس پرزے کی مدد سے الٹی سلائی بھی کی جاسکتی ہے۔

14- پھرکی کا دھاگہ کسنے والا Bobbin Regulator

یہ پرزہ پھرکی میں بھرے جانے والے دھاگے کو مناسب مقدار میں چھوڑتا ہے۔

15- نلکی کے لیے کیل Spool Pin

پھرکی میں دھاگہ بھرتے وقت نلکی اس میں لگائی جاتی ہے۔

16- سوئی کسنے والا پیچ Needle Screw Clamp



صفائی اور تیل ڈالنا

دو تین ہفتوں کے وقفے سے صفائی کرتے رہیں ۔ بیرونی حصوں پر سے دھاگہ اور گند صاف کر کے کسی نرم کپڑے سے پرزوں کو صاف کریں ان میں دھاگے کا لیور ۔ دھاگہ کسنے والا پرزہ ۔ سوئی کسنے والا پیچ وغیرہ شامل ہیں اگر ضروری سمجھیں تو مشین کے بیرونی حصے صاف کرنے کے لیے کپڑے کو ذرا گیلا کرلیں لیکن کوئی صابن یا پوڈر استعمال نہ کریں ۔ سامنے کی پلیٹ اور جامد پلیٹ ہٹا کر برش سے صفائی کریں ۔ شٹل کا ڈھکنا کھول کر پھرکی نکال دیں ۔ اور اندرونی حصوں کو برش سے صاف کرلیں ۔





سامنے کی پلیٹ اور جامد پلیٹ ہٹا کر ان تمام جگہوں میں ایک ایک قطرہ مشین کا تیل ڈال دیں

1- سامنے کی پلیٹ کے اندر کی طرف دکھائی ہوئی جگہیں

2- شٹل ریس

3- مشین کے اوپر دکھائی ہوئی خاص جگہیں۔



نوٹ۔ مشین کو تیل دینے کے بعد ردی کپڑے پر کچھ دیر سلائی کریں تاکہ فالتو تیل صاف ہو جائے۔



مشین میں تیل ڈالنا

مشین کے نچلے حصے میں تیل ڈالنا



مشین کے نچلے حصے میں تیل ڈالنا

ہر دو تین مہینے کے بعد۔

1۔ مشین کو صاف کریں اور تیل دیں۔جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے۔

2۔ مشین کھول کر اس کے نچلے حصے میں تصویر میں دکھائی ہوئی جگہوں میں مشین کا تیل ایک ایک قطرہ ڈالیں اور مشین کو تیزی کے ساتھ چلائیں۔ مگر مشین کو استعمال نہ کرنا ہو۔ اور کچھ عرصے کے لیے رکھنا مطلوب ہو اسے خوب اچھی طرح صاف کر کے دھاگے اور رووواں وغیرہ دور کریں۔ تمام کھلے پرزوں اور سامنے کی پلیٹ کے اندرونی پرزوں کو تیل میں بھگوئیے۔ برش سے خوب صاف کریں تا کہ وہ زنگ سے محفوظ رہیں۔



تدارک	نقائص	شکایات/علامات
مشین کوکھولیں۔اور باریک برش کی مدد سے شٹل کو اور شٹل کے آس پاس کی جگہوں کو اچھی طرح صاف کریں۔	کپڑوں کا روداں یا باریک دھاگہ شٹل میں پھنس گیا ہے۔	سلائی مشین کا بھاری چلنا
مشین کو اچھی طرح تیل دیں اور تیزی سے چلائیں۔	مشین زیادہ دیر تک تیل نہ دینے کی وجہ سے خشک ہے۔	سلائی مشین کا بھاری چلنا
سوئی صحیح لگائیں	سوئی کا ٹیڑھی ہونا	سلائی کے دوران سوئی کا بار بار ٹوٹنا
دھاگہ کسنے والے پرزے کوذرا ڈھیلا کریں۔	دھاگہ کسنے والا پرزہ زیادہ سخت ہوگا	سلائی کے دوران سوئی کا بار بار ٹوٹنا
کپڑے کے مطابق سوئی کا سائز ٹھیک رکھیں۔	کپڑے کے مطابق سوئی صحیح نہیں یا پھر آپ سلائی کے دوران کپڑے کو کھینچ تو نہیں رہے۔	سلائی کے دوران سوئی کا بار بار ٹوٹنا
سوئی میں دھاگہ صحیح ڈالیں۔	سوئی میں دھاگہ صحیح نہیں ڈالا	سلائی کے دوران دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا
سوئی سیدھی اور تیز لگائیں	سوئی سیدھی اور تیز نہیں	سلائی کے دوران دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا
سوئی دھاگے کے مطابق صحیح سائز کی لگائیں۔	سوئی کا سائز ٹھیک نہیں	سلائی کے دوران دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا
دھاگہ کسنے والے پرزہ کو مناسب سیٹ کریں۔	دھاگہ کسنے والا پرزہ زیادہ سخت ہوگا۔	سلائی کے دوران دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا
پھرکی کے دھاگے کو کسنے والے پرزے کوذرا ڈھیلا کریں	پھرکی کا دھاگہ کسنے والا پرزہ زیادہ سخت ہوگا۔	پھرکی کا دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا

پھرکی کے دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا	پھرکی میں دھاگہ زیادہ بھرا ہوا تو نہیں	پھرکی میں دھاگہ مناسب ڈالیں
پھرکی کے دھاگہ کا بار بار ٹوٹنا	شٹل ریس میں دھاگہ یا رووداں پھنس گیا ہے	شٹل ریس کو اچھی طرح صاف کریں۔
مشین کا ٹاپ دینا یعنی ٹانکے نہ پکڑنا	سوئی کپڑے اور دھاگے کی مناسبت سے صحیح نہیں	سوئی کپڑے اور دھاگے کی مناسبت سے صحیح لگائیں
مشین کا ٹاپ دینا یعنی ٹانکے نہ پکڑنا	سوئی صحیح نہیں لگی نیز سیدھی اور تیز نہیں	سوئی صحیح لگائیں اور سوئی سیدھی اور تیز ہونی چاہیے
مشین کا ٹاپ دینا یعنی ٹانکے نہ پکڑنا	مشین کے دندانے صحیح نہیں	مشین کے دندانے ٹھیک کریں
مشین کے ٹانکے ڈھیلے آنا	اگر مشین کے ٹانکے ڈھیلے آئیں تو دیکھیں۔ مشین میں دھاگہ ٹھیک نہیں ڈالا	مشین میں دھاگہ صحیح طریقے سے ڈالیں
مشین کے ٹانکے ڈھیلے آنا	نلکی اور پھرکی کا دھاگہ کسنے والے پرزے صحیح نہیں کسے ہوئے	نلکی اور پھرکی کا دھاگہ کسنے والے پرزے کو صحیح کس دیں
مشین کے ٹانکے ڈھیلے آنا	ٹانکا چھوٹا بڑا کرنے والا پرزہ صحیح پوزیشن میں نہیں	ٹانکا چھوٹا بڑا کرنے والا پرزہ صحیح پوزیشن میں کر دیں
مشین کے ٹانکے ڈھیلے آنا	پھرکی میں دھاگہ زیادہ ڈھیلا ہوگا	پھرکی کا دھاگہ مناسب طریقے سے بھریں
مشین کے ٹانکے ڈھیلے آنا	دھاگے کی مناسبت سے سوئی صحیح سائز کی نہیں ہے۔	دھاگے کی مناسبت سے سوئی صحیح سائز کی لگائیں

عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i۔استری کو استعمال کے بعد ہمیشہ .... کھڑا کرنے کی عادت اپنانی چاہئے۔

ii۔دھاگے کا لیور سوئی میں.................. کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

iii۔مشین کی پشت پر نسب شدہ پرزہ...................................... کہلاتا ہے۔

iv۔ٹانکا چھوٹا بڑا کرنے والے پرزے سے...................... سلائی بھی کی جاتی ہے۔

v۔پہیہ دھاگے.......... اور................ کی حرکت کو کنٹرول کرتا ہے۔

سوال نمبر 2 درج ذیل سوالات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i۔گاہک کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا چاہیے۔	(ص / غ)
ii۔ایک گز میں ساڑھے تین فٹ ہوتے ہیں۔	(ص / غ)
iii۔ایک انچ میں آٹھ پوائنٹ ہوتے ہیں۔	(ص / غ)
iv۔ایک فٹ میں 36 انچ ہوتے ہیں۔	(ص / غ)
v۔ایک گز میں 100 سینٹی میٹر ہوتے ہیں۔	(ص / غ)

سوال نمبر 3 مختصر سوالات کے جوابات دیں۔

i۔دھاگہ فٹ کرنے والے پرزے کو کیا کہتے ہیں۔

ii۔پہیہ مشین میں کیا صلاحیت رکھتا ہے۔

iii۔پھرکی میں دھاگہ بھرتے وقت نلکی کس میں لگائی جاتی ہے۔

iv۔سلائی مشین کے بھاری چلنے کی وجوہات لکھیں۔

سوال نمبر 4 Good House Keeping پر ایک نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 5 سلائی مشین کے 16 پرزوں کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 6 پیائش کی اکائیاں لکھیں۔

سوال نمبر 7 کپڑے کی کٹنگ سے پہلے ضروری باتوں کی تفصیل لکھیں۔

سوال نمبر 8 ناپ لینے کی اہمیت بیان کریں۔

تجربہ نمبر 1

تاریخ:	عنوان: سلائی اور احتیاطی تدابیر

انسٹرکٹر ٹرینی کو سلائی کی دوران احتیاطی تدابیر عملی طور پر کر کے سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: مشین کی حفاظت اور Good House Keeping	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مشین کی حفاظت اور Good House Keeping کے بارے عملی طور پر تفصیل سے سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: ٹیلرنگ میں استعمال ہونے والی اشیاء کا استعمال	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ٹیلرنگ میں استعمال ہونے والی تمام اشیاء کا استعمال تفصیل سے بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: لباس کا ناپ	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو لباس کا ناپ لینے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 5

عنوان: سلائی مشین کے اہم پرزے اور اُن کا کام	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو سلائی مشین کے تمام اہم پرزے دکھائیں گے اور ہر ایک پرزے کی ورکنگ کے بارے تفصیل سے بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 6

عنوان: کپڑے کی کٹنگ	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو کپڑے کی کٹنگ کا طریقہ مع تمام احتیاطی تدابیر تفصیل سے عملی طور پر بتائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 7

عنوان: مشین کے نقائص اور دیکھ بھال	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مشین کے ممکنہ نقائص اور ان کو دور کرنے کا طریقہ اور مشین کے روزانہ، ماہانہ، چیکنگ اور آئلنگ کے بارے تفصیل سے سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 8

عنوان: سلائی مشین کا چلانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو سلائی مشین کے چلانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

Chapter # 2

کشیدہ کاری (EMBRIODERY)

کشیدہ کاری پر اثر انداز ہونے والے عوامل

کشیدہ کاری سے مراد مختلف یا ایک ہی قسم کے ٹانکوں سے کسی کپڑے کو خوبصورت بنانا ہے۔ یہ ایک ایسا فن ہے جس کی بار بار مشق کرنے سے زیادہ نکھرتا ہے۔ کپڑے پر کشیدہ کاری خواہ کسی بھی ٹانکے سے کی جائے مگر کپڑے کو مزید خوبصورت بنانے کا مقصد ضرور حل ہونا چاہیے۔

1- کشیدہ کاری کے دوران ٹانکوں کا ایک سائز
2- کپڑے کے لحاظ سے دھاگوں کا صحیح استعمال
3- دھاگوں کے رنگوں کا صحیح امتزاج
4- خوبصورت و دل کش ڈیزائن کا چناؤ
5- کشیدہ کاری میں فریم کا استعمال اور چناؤ



کشیدہ کاری میں ٹانکوں کا ایک سائز

آیئے ان عوامل کا تفصیل سے مطالعہ کرتے ہیں

ٹانکوں کا سائز

ٹانکوں کا صحیح اور مناسب لمبان کے لیے ضروری ہے کہ کپڑے کی مناسبت سے سوئی کا انتخاب کیا جائے اگر کپڑا باریک ہو تو باریک سوئی اور اگر کپڑا موٹا ہو تو موٹی سوئی کا استعمال کرنا چاہیے۔ اگر ممکن ہو تو کڑھائی کی خاص سوئی جسے کریول (Crewel) کہا جاتا ہے، استعمال کی جاسکتی ہے اس سوئی کا سوراخ عام سوئیوں

سے لمبا ہوتا ہے۔جس سے دھاگہ پرونے میں بہت آسانی رہتی ہے۔ٹانکوں کی ایک جیسی لمبائی کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ابتداء میں کپڑے کے تاروں کو گن لیا جائے تاکہ جتنے تار پہلے ٹانکے کے دوران لئے گئے ہوں اتنے ہی دوسرے اور تیسرے ٹانکوں میں لئے جاسکیں اور اسی طرح ٹانکوں کے درمیان چھوڑی جانے والی جگہ بھی برابر ہونی لازمی ہے۔اس فن پر عبور حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے سادہ ٹانکے کو بنانے میں مہارت حاصل کرلی جائے۔ایک ہی ٹانکے کو بار بار بنانے سے ٹانکے کے سائز کو برابر رکھنے میں مہارت حاصل ہوجاتی ہے۔



دھاگوں کا انتخاب

کپڑے پر کشیدہ کاری کے لئے ضروری ہے کہ کپڑے کی نوعیت کا اندازہ لگایا جائے۔کپڑے کی نوعیت کے لحاظ سے دھاگوں کا انتخاب کرنا بھی نہایت اہم ہے اگر کپڑا موٹا ہے،تو دھاگہ بھی موٹا استعمال کرنا ضروری ہے۔اگر کپڑا نسبتاً باریک ہے تو اس پر کڑھائی کے لئے باریک دھاگوں کی ضرورت ہوتی ہے۔کپڑے کی مناسبت سے دھاگوں کے استعمال کے لئے بازار میں کڑھائی کے دھاگوں کی مختلف اقسام موجود ہوتی ہیں۔کچھ ایسے دھاگے ہوتے ہیں جن میں دھاگوں کے چھ تار موجود ہوتے ہیں اس دھاگے کو عام زبان میں چھ تاروالا دھاگہ کہا جاتا ہے۔ان چھ تاروں میں سے کپڑے کی مناسبت سے دھاگے کے تاروں کے نمبر کا انتخاب کرلیا جاتا ہے۔کچھ خاص قسم کی کشیدہ کاری کے لیے خاص قسم کے دھاگوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے مثلاً

کراس سٹچ ،کراس ٹانکے کے لئے استعمال ہونے والا دھاگہ ڈی، ایم سی کا دھاگہ کہلاتا ہے۔ یہ چونکہ مضبوطی میں چھتار دھاگے سے مضبوط ہوتا ہے لہذا اس کو اس ٹانکے میں استعمال کیا جاتا ہے گرم کپڑے پر کشیدہ کاری کے دھاگے کے علاوہ اون کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ اون کے انتخاب میں بھی اتنی ہی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے جتنی دھاگوں کے انتخاب میں۔

دھاگوں کے رنگوں کا صحیح امتزاج اور چناؤ

کشیدہ کاری کے لئے منتخب شدہ کپڑے کے رنگ کی مطابقت سے دھاگوں کے رنگوں کا انتخاب کرنا نہایت ضروری ہے۔ اچھے سے اچھا ڈیزائن رنگوں کے غلط انتخاب سے برا تاثر دیتا ہے۔ رنگوں میں اگر قدرتی رنگوں کا استعمال کیا جائے تو یہ نہایت آسان ہو جاتا ہے مثلاً اگر کپڑے پر پھول پتے مقصود ہوں تو اس قسم کی کشیدہ کاری میں قدرتی رنگ استعمال کیے جاسکتے ہیں مثلاً پھول، گلابی رنگ کے دھاگوں سے کاڑھے جاسکتے ہیں جبکہ پتے اور ٹہنیاں سبز رنگ کے دھاگوں سے بنائے سکتے ہیں اس قسم کے قدرتی رنگوں کے دھاگوں سے بنائے جاسکتے ہیں اس قسم کے قدرتی رنگوں کے دھاگوں کے استعمال سے کشیدہ کاری نہایت خوبصورت اور دیدہ زیب معلوم ہوتی ہے جبکہ دوسرے قسم کے ڈیزائنوں میں دھاگوں کے رنگوں کا انتخاب ذرا مشکل ہو جاتا ہے لیکن مہارت اور شوق سے یہ کام بھی آسان ہو جاتا ہے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ کوئی بھی کشیدہ کاری کرنے سے پہلے کپڑے پر مختلف رنگوں کے دھاگوں کو بکھیر کر دیکھ لیا جائے۔ دھاگوں کے جو رنگ کپڑے کے ساتھ بھلے معلوم ہوں ان کا انتخاب کر لیا جائے۔ ان دھاگوں کو پھر ڈیزائن کی مناسبت سے استعمال کیا جائے۔ عام اصول کے مطابق گہرے اور شوخ رنگ ڈیزائن کے چھوٹے یعنی کم جگہ والے حصوں پر استعمال کیے جاتے ہیں جبکہ ہلکے اور بجھے بجھے رنگ ڈیزائن کے بڑے حصوں میں استعمال کئے جاتے ہیں تو ڈیزائن ابھر کر خوشنما دکھائی دیتا ہے۔

خوبصورت اور دلکش ڈیزائن کا چناؤ

کشیدہ کاری کے لیے ضروری ہے کہ کپڑے اور چیز کی مناسبت سے ڈیزائن کا چناؤ کیا جائے۔ مثلاً اگر کسی تکیے پر کشیدہ کاری کرنا مقصود ہو تو ضروری ہے کہ تکیے کے سائز کی مناسبت سے ڈیزائن کا انتخاب کیا جائے۔ تکیے کے غلاف پر بہت بڑے بڑے پھول، سبزی یا کسی جانور کی شکل کی کڑھائی بہت بدنما دکھائی دیتی ہے اگر اس

کی جگہ تکیے کے کونے پر چھوٹے چھوٹے مناسب سائز میں پھول کاڑھے جائیں تو یہ خوبصورت اور دیدہ زیب دکھائی دیں گے ۔کشیدہ کاری کے مختلف ٹانکوں کے علم ہی سے ڈیزائن کے چناؤ میں مدد ملتی ہے اگر ایک قسم کے ٹانکوں کو ایک گرہ کی شکل میں یا کسی لائن میں یا کسی بھی ترتیب میں اکٹھا کر دیا جائے تو ان سے خوبصورت ڈیزائن ابھرتا ہے یہ ترتیب کسی سیدھی لکیر، کسی سپرنگ نما شکل، کسی دائرے کی شکل یا پھر کسی بھی دوسری شکل میں ہوسکتی ہے ڈیزائن کے چناؤ کے لئے ضروری ہے کہ مختلف قسم کی کشیدہ کاری کا رسالوں یا اخباروں سے مدد لی جائے کشیدہ کاری کے یہ رسالے بازار میں عام دستیاب ہیں ۔جن سے حسب منشا ءکوئی ساڈیزائن چنا جا سکتا ہے۔

چیز کی مناسبت سے ڈیزائن کو بڑا یا چھوٹا کرنا

ہمارے ہاں دیکھا گیا ہے کہ خواتین اور دوسرے ہنر مند افراد خوبصورتی اور نفاست کے ساتھ کشیدہ کاری تو کر لیتے ہیں لیکن ڈیزائن اتارنے کے لئے انہیں ایسی کتابوں اور رسالوں کی تلاش رہتی ہے ۔جس میں ڈیزائن کے بڑے بڑے پیٹرن موجود ہوں اور جن سے وہ با آسانی نمونہ اتار لیں ۔لیکن اگر انہیں کسی کتاب میں چھوٹا ساڈیزائن پسند آجائے تو ان کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس ڈیزائن کو کسی طرح سے بڑا کیا جا سکتا ہے ۔اسی طرح بعض اوقات ڈیزائن کپڑے کی مناسبت سے زیادہ بڑا مل جاتا ہے اور انہیں اس ڈیزائن کو چھوٹا کرنے میں بہت دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس مشکل کے پیش نظر ہم یہاں آپ کو ڈیزائن بڑا کرنے کا طریقہ بتاتے ہیں تا کہ آپ کو کشیدہ کاری میں کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

اشیاء: فٹ رولر (ناپنے کافٹ)،سفید باریک کاغذ یاٹریسنگ پیپرز، گراف پیپر بڑا فل سائز، باریک نوک دار پنسل اور ربڑ۔

ترکیب

ڈیزائن کو بڑا کرنے کے لئے ڈیزائن کو باریک کاغذ پرٹریس کرلیں۔اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ پہلے ڈیزائن والا کاغذ یا کاپی، میز یا زمین پر رکھیں پھرٹریسنگ پیپر کواوپر رکھ کر دیکھیں۔ نیچے ڈیزائن کی جو لائینں نظر آرہی ہوں ان کو پنسل کی مدد سے اوپر لگائیں۔اس طریقے کوٹریس کرنا کہتے ہیں۔ٹریس کئے ہوئے ڈیزائن والے کاغذ کو برابر کے چوکور خانوں میں تقسیم کریں۔اس کے لئے آپ فٹ رولر سے برابر فاصلہ پرنشان لگا سکتے ہیں۔ بعد میں نشانوں کوآپس میں ملایا جاتا ہے۔اب گراف پیپر لےکران چھوٹے خانوں کے مقابلے میں بڑے خانوں پرنشان لگائیں۔خیال رہے کہ اگر چہ وہ خانے بڑے ہونگے لیکن تعداد میں 10 ہی ہونے چاہئیں، یعنی ڈیزائن والے کاغذ پر بنائے جاسکتے ہیں۔اس کا طریقہ کار بھی وہی ہوگا جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے۔اب ہر چھوٹے خانے میں جس قسم کی لائن ہو، اُسے اُسی طرح بڑا کر کے بڑے خانے میں لگائیں۔لائن لگانے سے پہلے خانوں کوگن کر یہ تسلی کرلیں کہ جس خانے میں آپ لائن لگا رہے ہیں کیا وہ صحیح خانہ ہی ہے یا نہیں۔بھول اور غلطی سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ چھوٹے اور بڑے دونوں خانوں کو ایک جیسے نمبر دیئے جائیں تا کہ گنتی میں آسانی ہو۔آسانی سے ڈیزائن کی لائن لگانے کے لئے ضروری ہے کہ چکور خانوں کی لائنوں کو ڈیزائن کی لائینں جہاں جہاں کاٹ رہی ہوں وہاں نقطوں کا نشان لگالیں اور پھر ان نقطوں کو آپس میں ملالیں۔



ڈیزائن والے کاغذ کو برابر حصوں میں تقسیم کرکے نشان لگانا



سادے کاغذ پر ایک ہی سائز کے چوکور خانے بنا کر ان پر نمبر لگانا

ڈیزائن کو کپڑے پر اتارنا یا ٹریس کرنا

ڈیزائن کو کپڑے پر مختلف طریقوں سے اتارا جا سکتا ہے اگر کپڑا باریک ہو تو کپڑے کو ڈیزائن والے کاغذ پر بچھا لیا جاتا ہے اور پھر اس میں سے نظر آنے والی لائینیں لگا لی جاتی ہیں ۔ اس طریقے کو بالواسطہ (Direct) طریقہ کہتے ہیں۔

دوسرا طریقہ کاربن پیپر زرکھ کر لائنوں کو ٹریس کرنے کا ہوتا ہے ۔ کاربن پیپر ایک خاص قسم کا کاغذ ہوتا ہے ۔

جسکی ایک طرف سیاہی نما رنگ ہوتا ہے ۔ یہ طرف کپڑے پر رکھ کر بچھا دی جاتی ہے پھر ڈیزائن والا کاغذ کاربن کے اوپر بچھا دیتے ہیں اور ڈیزائن کی لائنوں پر پنسل پھیری جاتی ہے ایسا کرنے سے کاربن کی سیاہی کپڑے پر آ کر ڈیزائن کا ٹریس بنا دیتی ہے ۔

ڈیزائن ٹریس کرنے یا کپڑے پر منتقل کرنے کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ مومی کاغذ پر ڈیزائن بنا کر اس پر بنے ہوئے ڈیزائن کے مطابق کامن پن سے لائنوں پر نزدیک نزدیک سوراخ کر لیے جاتے ہیں ۔ پھر اس کاغذ کو کپڑے پر رکھ کر روئی کو پانی ملے نیل میں بھگو کر کاغذ پر پھیرا جاتا ہے ایسا کرنے سے نیل کپڑے پر پہنچ کر نقطوں کی شکل میں ڈیزائن بنا دیتا ہے اس طریقے سے کاغذ میں سوراخ کرنے میں بہت محنت کرنی پڑتی ہے اور پھر یہ احتیاط بھی کہ کہیں نیل والی روئی پھیرتے وقت ڈیزائن والا کاغذ پھٹ نہ جائے ۔

چوتھا طریقہ بازار سے ٹھپہ لگوانے کا ہے ۔ ٹھپہ لگانے کی دکانوں پر عموماً بنے بنائے ڈیزائن موجود ہوتے ہیں اور بڑے بڑے لکڑی کے ٹکڑوں پر ڈیزائن کو بنایا گیا ہوتا ہے ۔ یہ ڈیزائن لکڑی کھود کر بنائے گئے ہوتے ہیں ۔ لہٰذا یہ ڈیزائن تقریباً مستقل طور پر لکڑی کے ٹکڑوں پر بنے ہوتے ہیں اُبھرے ہوئے ڈیزائن کی لائنوں پر رنگ لگا کر کپڑے پر بلاک الٹ دیا جاتا ہے جس سے ڈیزائن کپڑے پر منتقل ہو جاتا ہے اس قسم کے ڈیزائن عموماً بیڈ شیٹ، پردوں، دوپٹوں پر کڑھائی کے لیے استعمال ہوتے ہیں اِس کے علاوہ کڑھائی والے کپڑے پر سے بھی ڈیزائن اتارا جا سکتا ہے اور نئے کپڑے پر کڑھائی کے لیے منتقل کیا جا سکتا ہے ۔ اس کے لیے ایک سادے کاغذ اور ایک سلور کے برتن کی ضرورت ہوتی ہے ۔ سفید کاغذ کو کڑھائی والے کپڑے پر رکھ کر خوب مضبوطی سے پکڑ لیا جاتا ہے تا کہ کاغذ اپنی جگہ سے کھسکنے نہ پائے ۔ پھر آہستہ آہستہ سے ذرا دبا کر سلور کے برتن کو کاغذ کے نیچے موجود ڈیزائن والے حصے پر رگڑا جاتا ہے ۔ جس سے آہستہ آہستہ ڈیزائن کی لائنیں کاغذ پر اُبھرنے لگتی ہیں جن کو بعد میں نئے کپڑے پر کاربن کی مدد سے منتقل کر لیا جاتا ہے ۔



کڑھائی کا فریم اور اس کا استعمال

صاف ستھری اور جھول کے بغیر کشیدہ کاری کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کپڑے کو فریم میں کس کر پھر کڑھائی کی جائے ۔ ایسا کپڑا جو فریم میں لگا ہو اس پر دھاگہ کھینچنے سے بھی جھول نہیں پڑتے ، بغیر فریم کے کڑھائی کرنے کے لیے بہت زیادہ تجربہ کاری کی ضرورت ہوتی ہے خاص طور پر ڈنڈی ٹانکہ اور بھرائی ٹانکہ بناتے وقت ہنر مند کو بے حد مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کشیدہ کاری کے فریم گول قسم کے ہوتے ہیں اور لکڑی کو گول کرکے بنائے گئے ہوتے ہیں۔ اگرچہ بازار میں دھات یعنی لوہے کے بنے ہوئے فریم بھی آسانی سے دستیاب ہوتے ہیں ۔لیکن لکڑی والے فریم زیادہ مقبول پائے گئے ہیں ۔لکڑی اور لوہے دونوں قسم کے فریموں پر ایک پیچ لگا ہوتا ہے جو باآسانی ڈھیلا یا کسا جاسکتا ہے۔ کپڑا فریم میں لگاتے وقت اس پیچ کو ڈھیلا کرلیا جاتا ہے اور پھر پیچ کو پیچ کس کے ساتھ کس لیا جاتا ہے۔ فریم کو کسنے کے بعد کپڑے کو آہستہ آہستہ ہر طرف سے کھینچا جاتا ہے۔ تاکہ کپڑا فریم کے دائرہ میں کسا جائے۔ خیال رہے کہ اگر کپڑا باریک ہو تو اس کپڑے کے اوپر موٹے کپڑے کے چار ٹکڑے اس طرح رکھ لیے جاتے ہیں کہ فریم کی لکڑی باریک کپڑے کی بجائے موٹے کپڑے کے اوپر آجائے۔ پھر کپڑا فریم میں کسنے کے لیے موٹے کپڑے کے ٹکڑوں کو آہستہ آہستہ کھینچا جاتا ہے جس سے باریک کپڑا فریم میں کس لیا جاتا ہے۔ اگر کشیدہ کاری زیادہ ہو اور کسی بڑے کپڑے مثلاً بیڈ کور یا ٹیبل کور پر کرنا مقصود ہو تو اس کے لیے لکڑی کے بنے ہوئے چکور یا مستطیل قسم کے فریم بھی

استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ان کو عام زبان میں "اڈہ" بھی کہا جاتا ہے۔ اور عموماً سلمہ ستارہ کے کام کے لیے استعمال ہوتے ہیں اس فریم میں موٹی ڈوری سے اڈے کے دونوں طرف موجود سوراخوں کے ساتھ کس دیا جاتا ہے اور اس فریم کو زمین سے تھوڑی اونچی جگہ رکھ کر استعمال کیا جاتا ہے۔



باریک کپڑے کو فریم میں لگانا

سادہ لائن دار ٹانکے(لائن سٹیچز (Line Stitches

یہ عام سادہ ٹانکے ہوتے ہیں جن کو کشیدہ کاری میں مختلف صورتوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔انہیں ٹانکوں کو جب قریب قریب بنایا جائے تو بھرائی ٹانکے(فلنگ سٹچ) کہلاتے ہیں۔سادہ لائن دار ٹانکوں میں مندرجہ ذیل ٹانکے شامل ہیں۔

1۔ کچا ٹانکا / رننگ سٹچ (Running Stitch)

2۔ بخیہ ٹانکا / بیک سٹچ (Back Stitch)

3۔ چینی ٹانکا/پیکنز سٹچ (Pekinese Stitch)

4۔ ڈنڈی ٹانکا / سٹیم سٹچ (Stem Stitch)

آیئے ان کا تفصیل سے مطالعہ کرتے ہیں۔ان کے بنانے کا طریقہ کار سیکھتے ہیں اور یہ بھی معلوم کرتے ہیں کہ ان کو کس مقصد کے تحت استعمال کیا جاتا ہے۔

کچا ٹانکا/رننگ سٹچ (Running Stitch)

کچا ٹانکا عموماً سینے کے دوران کپڑے کے دو ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے اور کشیدہ کاری کے دوران سجاوٹ کے طور پر بھی یہ ٹانکا بہت مقبول ہے۔اس ٹانکے کو بنانے کے لیے سوئی اور دھاگے کو برابر کے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کپڑے کے اوپر اور نیچے نکالا جاتا ہے۔کیونکہ یہ ٹانکہ سوئی کو کپڑے کے اوپر نیچے نکالنے سے تیار ہوتا ہے۔لہذٰا مضبوطی میں نسبتاً کم ہوتا ہے۔اس لیے اس کو کچا ٹانکا بھی کہا جاتا ہے۔کشیدہ کاری کے علاوہ یہ ٹانکا سموکنگ کرنے یا چنٹ ڈالنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔اس ٹانکے کو بنانے کے لیے سوئی کو کپڑے کی اوپر کی جانب نکالا جاتا ہے۔پھر سوئی کو دائیں سے بائیں کچھ فاصلہ پر کپڑے کے نیچے کی

طرف لے جایا جاتا ہے۔ پھر سوئی کو اوپر لانے کے لیے دوبارہ اتنے ہی فاصلے پر کپڑے سے اوپر نکال لیا جاتا ہے۔ اس طرح کچا ٹانکا مکمل ہو جاتا ہے۔ وقت کی بچت اور آسانی کے لیے دھاگے کو سوئی سمیت پورا اوپر نکالنے کی بجائے کپڑے کو سوئی میں پرو لیا جاتا ہے۔ اور پھر ایک ہی دفعہ سوئی کو اوپر کی طرف نکال لیا جاتا ہے۔ اس طرح کئی ایک ٹانکے ایک ساتھ اکٹھے بن جاتے ہیں۔ کچے ٹانکوں کو آپ مختلف انداز میں ترتیب دے کر مختلف ڈیزائن بنا سکتے ہیں اس کے علاوہ ڈیزائن کی بھرائی کے لیے بھی یہ ٹانکہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں ٹانکوں کی ترکیب سے بڑا چھوٹا کر کے پھول بھی بنائے جا سکتے ہیں اس طرح کے ٹانکے ہماری علاقائی کشیدہ کاری میں بہت مقبول ہیں۔



کچے ٹانکے بھرنے کا طریقہ کار اور مکمل ٹانکوں کی شکل



مختلف ڈیزائنوں میں کچے ٹانکے لگانا

بخیہ ٹانکا/ بیک سٹیچ (Back Stitch)

کپڑے کی سلائی کے دوران بخیہ ٹانکا عموماً ہاتھ سے پکی سلائی کے لیے استعمال ہوتا ہے سیدھی طرف سے یہ ٹانکا بالکل مشین کے ٹانکے کی طرح دکھائی دیتا ہے لہذا بعض اوقات اس کو مشینی ٹانکا بھی کہا جاتا ہے۔ جبکہ اُلٹی

طرف سے یہ ڈنڈی ٹانکے کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ ہاتھ کی سلائی میں یہ ٹانکا مضبوطی کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔ جبکہ کشیدہ کاری میں یہ ٹانکا خوبصورتی دِل کشی اور سجاوٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے یورپین ممالک میں یہ ٹانکا کشیدہ کاری میں بےحد مقبول ہے کیونکہ یہ بنانے میں بےحد آسان ٹانکا اور دیکھنے میں بےحد دِل کش دکھائی دیتا ہے۔ ذرا سوچ کر دیکھیے کیا آپ کو سلائی کا یہ ٹانکا بنانا آتا ہے اگر آتا ہے تو پھر آپ اس کو کشیدہ کاری کے دوران کسی بھی پھول یا پتی کی آوٹ لائن بنانے میں استعمال کیجیے۔ جن طالبات کو ابھی اس ٹانکے کو بنانے کی مشق نہیں ہوئی وہ یاد دہانی کے لیے تصویر کو دیکھیں اور ٹانکا بنانے کی عملی مشق بھی کریں تاکہ آئندہ آپ کو یہ ٹانکا بھولنے نہ پائے۔



بخیہ ٹانکا بنانے کا طریق کار

چینی ٹانکا/پیکنز سٹچ (Pekinese Stitch)

بخیہ ٹانکا میں سے دھاگہ گزارنے کا یہ ایک مشہور طریقہ ہے۔ دھاگہ گزارنے کے بعد جو ٹانکا بنتا ہے اسے پیکنز سٹچ یا چینی ٹانکا کہا جاتا ہے۔ یہ ٹانکا دراصل چینی کشیدہ کاری میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ اس لیے اسے چینی ٹانکے کے نام سے منسوب کیا گیا ہے۔ اس ٹانکے میں عموماً پہلے، بخیہ ٹانکہ بنالیا جاتا ہے اور بعد میں موٹا دھاگہ لے کر بخیہ ٹانکوں میں سے اس طرح گزارا جاتا ہے کہ بخیہ ٹانکے کی لائن کے اردگرد موٹے دھاگے کے کنڈل سے بن جائیں۔ موٹا دھاگہ کسی بھی دوسرے میچ ہوتے ہوئے رنگ میں لیا جاسکتا ہے یا اسی رنگ میں استعمال ہوسکتا ہے۔ جس میں بخیہ ٹانکا بنایا گیا ہو۔ ٹانکا بن کر تیار ہونے پر یہ ایک لیس کا سا تاثر دیتا ہے۔

چینی ٹانکا بناتے وقت یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ بخیہ ٹانکا کے لیے سوئی کو دائیں سے بائیں کی طرف ٹانکا کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جبکہ موٹے دھاگے کو بخیہ ٹانکوں میں سے نکالنے کے لیے بائیں سے دائیں کام کرنا ہوتا ہے۔ اور ایک بخیہ ٹانکے میں سے سوئی اور موٹے دھاگے کو دومرتبہ گزارنا درکار ہوتا ہے۔



چینی ٹانکا بنانے کا طریق کار

ڈنڈی ٹانکا/ سٹم سٹچ (Stem Stitch)

ڈنڈی ٹانکا بھی ایک قسم کا بخیہ ٹانکا ہوتا ہے۔ دونوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ بخیہ ٹانکے کو بناتے وقت سوئی اور دھاگے کو دائیں سے بائیں کی طرف لے جایا جاتا ہے۔ اِس ٹانکے کی مشق کرنے کے لیے کپڑے کو کشیدہ کاری کے فریم میں لگانے کے بعد کپڑے پر دونشان شکل کے مطابق لگائیے اب سوئی دھاگے کو کپڑے میں سے نیچے کی طرف سے کپڑے کے نشان کی طرف نکالیے۔ اب سوئی کو نمبر 2 کے نشان پر کپڑے کے نیچے لے جائیے اور دوبارہ اوپر کو نکالیے۔ اس طرح آپ کے پاس کپڑے پر ٹانکا 2 1 ظاہر ہوگا۔ اور سوئی اوپر کی طرف موجود ہوگی۔ اب سوئی کو نشان سے کپڑے کے نیچے کی جانب لے جائیے اور نشان دوبارہ واپس اوپر کی طرف لے آئیے۔ یوں اپنا ڈیزائن مکمل کرلیں۔ ڈیزائن مکمل ہونے پر ڈنڈی ٹانکے تصاویر کی طرح دکھائی دیں گے۔



ا۔ ڈنڈی ٹانکے کا پہلا مرحلہ



ب۔ ڈنڈی ٹانکے کا دوسرا مرحلہ



ج۔ تیسرا مرحلہ

د۔ ڈنڈی ٹانکے کی تیار شدہ

بارڈر ٹانکے یا بینڈ سٹیچز (Band Stitches)

بارڈر ٹانکوں سے ہماری مراد تمام ایسے ٹانکے ہیں جو کپڑے کے اوپر تک ایک چوڑی لائن یا ڈیزائن یا بینڈ کی طرح ابھرتے ہیں۔ یہ ٹانکے ہماری اکثر کڑھائیوں میں بڑی فراخ دلی سے استعمال ہوتے ہیں۔ اور بے حد مقبول ہیں ان ٹانکوں کی خاصیت یہ ہے کہ ان ٹانکوں میں جھول نہیں ہوتا۔ بلکہ سیدھے سیدھے ٹانکے ہوتے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ ٹانکے دو قسم کے ہوتے ہیں۔

1۔ مچھلی ٹانکے (Herring - Bone Stitching)

2۔ دوسوتی ٹانکے (Cross Stitch)

مچھلی ٹانکا یا ہیرینگ بون سٹچ (Herring Bone Stitch)

اس ٹانکے کی شکل مکمل ہونے کے بعد مچھلی کے کانٹے کی ہوتی ہے۔ اسی لیے اس کو مچھلی ٹانکا کہا جاتا ہے یہ ٹانکا ہمارے ہاں کشیدہ کاری میں بے حد مقبول ہے۔ اور یہ مختلف انداز سے استعمال ہوتا ہے یعنی اس کو موٹے

کپڑے سے لے کر باریک کپڑوں پر مختلف طریقوں سے بنایا جاتا ہے۔سندھی کی کشیدہ کاری میں اور بلوچستان کی کشیدہ کاری میں یہ ٹانکا نہایت مقبول ہے اس کو دوسرے ٹانکوں کے ساتھ ملا کر خوبصورت طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے پنجاب میں یہ ٹانکا باریک کپڑے پر استعمال کیا جاتا ہے۔یعنی کپڑے کی اُلٹی طرف یہ ٹانکا بنایا جاتا ہے اور کپڑے کے سیدھی طرف ٹانکوں اور دھاگوں کے رنگ سے جو شیڈ اُبھرتا ہے نہایت بھلا دکھائی دیتا ہے۔لہذا پنجاب میں اس ٹانکے کو سموکنگ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ سموکنگ کا تاثر دینے کے لیے دھاگوں کو ذرا کھینچ کر استعمال کیا جاتا ہے۔جس سے کپڑے پر چنٹ ابھر آتی ہے۔اس کو بنانے کا طریقہ ہم آگے چل کر آپ کو بتائیں گے۔فی الحال ہم آپ کو مچھلی ٹانکے کو بنانے کا طریقہ کار بتاتے ہیں۔مچھلی ٹانکے کو بنانے کے لیے ٹانکے کو کپڑے کے بائیں جانب سے شروع کر کے سوئی دھاگے کو کپڑے کے دائیں جانب سے شروع کر کے سوئی دھاگے کو کپڑے کے دائیں جانب لے کر آتے ہیں۔ تصویر کے مطابق کپڑے پر ہلکی پنسل سے نشان لگالیجیے۔سوئی میں رنگین دھاگہ ڈال کر کشیدہ کاری کے لیے تیار کرلیجیے۔کپڑے کو فریم میں کس لیجیے۔اب سوئی کو کپڑے کی اُلٹی جانب سے نشان (1) پر کپڑے کے اوپر کی طرف نکالیے۔نشان 1 ٹانکے کو شروع کرنے کا نشان یا پوائنٹ ہے۔اب سوئی کو نشان سے نیچے کی طرف لے جا کر دوبارہ نشان 3 پر اوپر کی طرف لائیے۔سوئی کو کپڑے سے باہر نکال کر دوبارہ نشان 4 سے نیچے کی طرف لے جا کر نشان سے باہر نکال کر ٹانکا بھریئے۔اسی طرح باقی نشان دو لائنوں میں لگا کر کشیدہ کاری کو مکمل کر لیجیے۔

تھوڑی مشق کے بعد آپ کپڑے پر نشان لگائے بغیر سوئی کو ایک کونے سے دوسرے کونے پر لے جا کر ٹانکا مکمل کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ٹانکے اگر دور دور بھریں گے تو یہ کھلے کھلے جال کا سا تاثر دے گا۔اگر بہت قریب قریب کریں گے تو باریک کپڑے پر یہ شیڈ وورک کا سا تاثر دے گا جس کی اُلٹی طرف سیدھی طرف دکھائی دے گی اور سیدھی طرف رنگ دار دھاگے کا شیڈ پڑے گا۔یہ کشیدہ کاری عموماً ململ کے سفید کرتوں پر نہایت بھلی معلوم ہوتی ہے۔مچھلی ٹانکے کو دو رنگ کے دھاگوں سے بھی بنایا جاتا ہے۔جو مزید دیدہ زیب

دکھائی دیتا ہے۔ دو دھاگوں سے یہ ٹانکا بنانے کے لیے پہلے ایک رنگ سے مچھلی ٹانکا بنالیا جاتا ہے۔ پھر پہلے ٹانکوں کی درمیانی جگہوں پر دوسرے رنگ کے دھاگے سے ٹانکے بھرے جاتے ہیں۔





دو رنگ کے دھاگوں میں مچھلی ٹانکا

دوسوتی ٹانکا یا کراس سٹچ (Cross Stitch)

دوسوتی ٹانکا ایسے کپڑے پر بنایا جاتا ہے جس کے تار (تانا اور بانا) گنے جاسکتے ہوں عام کپڑے یا باریک

کپڑے پر اس ٹانکے کا بنانا نہایت مشکل ہوتا ہے۔جس کپڑے پر یہ ٹانکا کپڑے کے تار گن کر بنایا جاتا ہو اس کو دوسوتی کا نام دیا گیا ہے۔چار سوتی کی یہ خاصیت ہے کہ اس میں کپڑے کے تاروں کو ایک ایک کر کے گنا نہیں جاتا بلکہ برابر کے فاصلوں پر کپڑے میں سوراخ ہوتے ہیں۔اور برابر کے خانے بھی موجود ہوتے ہیں جن پر بغیر گنے کراس سٹچ بنایا جاسکتا ہے۔ ہمارے ہاں عموماً ٹاٹ سے بھی دوسُوتی اور چار سُوتی کپڑے کا کام لیا جاتا ہے اور دوسُوتی ٹانکے سے ٹاٹ کو بھر دیا جاتا ہے جس سے ٹاٹ نہایت دیدہ زیب لگتا ہے۔اگر چہ ٹاٹ پر کشیدہ کاری کرنے کے لیے زیادہ تر اون استعمال کی جاتی ہے۔دوسُوتی ٹانکے کے لیے استعمال ہونے والا دھاگہ بھی عام کشیدہ کاری کے چھ تارے دھاگے سے مختلف ہوتا ہے۔ہمارے ہاں بازار میں یہ دھاگہ ڈی ایم سی کے دھاگے کے نام سے دستیاب ہوتا ہے۔اگر چہ بعض اوقات دوسُوتی ٹانکے کے لیے چھ تاروں والا دھاگہ بھی استعمال کر لیا جاتا ہے۔لیکن بعض اوقات ایک دو تاروں کے زیادہ کھنچ جانے سے ٹانکے میں نفاست نہیں آتی۔لہٰذا ڈی ایم سی کے دھاگے کو اس ٹانکے کے لیے زیادہ موزوں سمجھا جاتا ہے۔ٹانکا بنانے کے لیے ضروری ہے کہ پہلے چار سُوتی کپڑے پر مشق کی جائے اور مہارت حاصل کرنے کے بعد دوسُوتی کپڑا استعمال کیا جاسکتا ہے۔کپڑے کے جس حصے پر کشیدہ کاری کرنا مقصود ہو۔وہاں کپڑے کے کسی ایک سُوراخ میں سے سوئی دھاگے کو کپڑے کے اوپر کی طرف نکالیے۔مثلاً دی گئی شکل کے مطابق سوئی کو نشان لگا کر نکالا جانا چاہیئے۔اب نشان پر سوئی کو دوبارہ کپڑے کے نیچے کی جانب لے کر نشان پر واپس اوپر کی طرف نکالیں۔پھر نشان پر سوئی کو کپڑے کے دوسری جانب لے جا کر نشان پر نکالیں ایک کراس کا سٹچ اس طرح مکمل ہو گیا۔اب مزید اسی طرح ٹانکے لگانے کے لیے یہی عمل دوبارہ سے دہرائیں۔یہاں تک کہ آپ کے پاس کراس سٹچ کی ایک لائن بن جائے۔اِسی لائن کو آپ مختلف طریقوں سے ترتیب دے کر ڈیزائن بنا سکتے ہیں۔کراس سٹچ بنانے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک طرف کی ٹیڑھے ٹانکوں کو مکمل کرایا جائے اور پھر دوسری جانب سے یعنی دائیں سے بائیں کی طرف ٹیڑھے ٹانکے لگا کراس کو مکمل کرلیا جاتا ہے۔



کراس سٹچ بنانے کا طریقہ اور مراحل

تکمہ / چکرٹانکے / لُوپ سٹچز (Loop Stitches)

لُوپ سٹچز بنانے میں اہم بات یہ ہے کہ سوئی کو ہمیشہ کڑھائی والے دھاگے سے ایک بل دیا جاتا ہے۔ جو سوئی کھینچنے کے بعد ایک لُوپ Loop کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اس ٹانکے کو ہمیشہ بائیں سے دائیں کی طرف بنایا جاتا ہے جس سے کشیدہ کاری میں آسانی رہتی ہے۔ لُوپ سٹچز تین بنیادی اقسام کے ہوتے ہیں۔

1۔ کاج ٹانکہ یا بلینکیٹ سٹچ (Blanket Stitch)

2۔ پَرٹانکہ یا فیدر سٹچ (Feather Stitch)

3۔ زنجیر ٹانکہ یا چین سٹچ (Chain Stitch)

کاج ٹانکا یا بلینکیٹ سٹچ (Blanket Stitch)

اس ٹانکے کو بائیں سے دائیں ہاتھ کی طرف بناتے ہیں اس ٹانکے کو بنانے کے لیے کپڑے پر تین نشان شکل کے مطابق لگائیے۔ پہلے سوئی کو نشان 1 پر اوپر کی طرف نکالیے پھر نشان 2 سے 3 تک ایک ٹانکا بھرنے کے لیے کپڑے میں سے سوئی نشان تین پر نکالنے کے لیے تیار کریں پھر دھاگے کو سوئی کے پیچھے لے جائیں یعنی دھاگہ کپڑے اور سوئی کے درمیان رہے اب سوئی کو کپڑے میں سے کھینچئے اور ٹانکے کو غور سے دیکھیے یہ کاج ٹانکا ہے۔ اسی طرح اس ٹانکے کو قریب قریب بناتے جائیں تو یہ ٹانکہ قمیض کے کاج بنانے کے لیے

استعمال ہو جائے گا۔اس کے علاوہ کشیدہ کاری کے دوران یہ کڑھائی میں جدت پیدا کرنے کے کام آتا ہے یہ دوپٹوں کے کنارے بنانے، رومال اور میز پوش کے کنارے بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے اس کے علاوہ کڑھائی میں مختلف جگہوں پر یہ ٹانکا استعمال ہوتا ہے۔اس بات کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت ہے کہ ٹانکے برابر ہوں تا کہ دلکشی برقرار رہے۔کاج ٹانکے کو آپ گولائی میں بھی بنا سکتے ہیں۔جس سے یہ پھول کا سا تصور دیتے ہیں اور اگر کسی کشیدہ کاری میں استعمال ہوں تو نہایت دلکش معلوم ہوتے ہیں۔



کاج ٹانکا بنانے کے مختلف مراحل



کاج ٹانکا استعمال کرکے پھول بنانا

پَر ٹانکا یا فیدر سٹیچ (Feather Stitch)

یہ ٹانکا بھی کنارے بنانے اور سجاوٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔، اس کو بنانے کے لیے بھی سوئی کو دائیں سے بائیں کی طرف لے جایا جاتا ہے۔ کپڑے پر دو متوازی لائنوں کے نشان لگائیے۔ اب ان لائنوں پر نشان

لگائیے۔ 1 اوپر والی لائن اور 2 اور 3 نیچے والی لائن پر اور پھر اوپر والی لائن پر نشان 1 کے تھوڑے فاصلے پر نشان 4 اور 5 لگائیے۔

اب سوئی کو کپڑے کے نیچے کی طرف سے اوپر کی طرف نشان 1 پر نکالیے۔ پھر نیچے والی لائن پر لگائے گئے نشان 2 سے 3 کی جانب ایک ٹانکا بھریں اور دھاگے کو سوئی پر ایک بل یوں دیں کہ دھاگے کا بل سوئی اور کپڑے کے درمیان میں آجائے۔ اب سوئی کو کپڑے کے باہر نکالیں اور نشان 4 اور 5 پر اسی طرح ٹانکا بھریں اور سوئی کپڑے سے باہر نکالنے سے پہلے دھاگے کو سوئی پر ایک بل یوں دیں کہ دھاگہ سوئی سے نیچے کی طرف ہو جائے۔ یوں لگاتار ٹانکے بھرنے کے بعد ٹانکے کی جو شکل آپ کے سامنے ہوگی وہ شکل میں دکھائی گئی ہے۔



پر ٹانکا یعنی نیدر سٹیچ بنانے کا طریقہ

زنجیر ٹانکہ یا چین سٹیچ (Chain Stitch)

ہمارے ملک کے مختلف علاقوں میں یہ ٹانکا بہت عام ہے اور اس کو کرتوں قمیضوں اور بستر کی چادروں وغیرہ پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات کپڑوں پر کڑھائی کے دوران بھی یہ ٹانکا بڑی خوبصورتی سے استعمال ہوتا ہے۔ ٹانکہ بنانے کا طریقہ کار یہ ہے کہ سوئی کو کپڑے کے اوپر کی جانب نکال لیا جاتا ہے۔ اب سوئی کو دھاگے سے بہت قریب کپڑے کے ایک دو تاروں کے فاصلے پر ٹانکے کے لیے کپڑے سے نیچے اور پھر اوپر

0.3 ملی میٹر کے فاصلے پر نکال لیا جاتا ہے۔ دھاگے کو سوئی پر ایک بل اس طرح دیا جاتا ہے کہ دھاگہ کپڑے اور سوئی کے درمیان میں آجائے سوئی کو کپڑے سے پورا باہر نکالنے پر یہ ایک چکر یا لوپ Loop کی شکل کا ٹانکہ ابھرے گا۔ دوبارہ اسی طرح ٹانکہ بھرنے سے ایک زنجیر سی ابھر آئے گی۔ اس ٹانکے کو اگر زنجیر کی شکل میں نہ بنایا جائے بلکہ ایک پھول کی شکل میں الگ الگ ٹانکے بھرے جائیں تو یہی ٹانکہ لیزی ڈیزی Lazy Daizy ٹانکہ کہلاتا ہے۔ اور اس کو کشیدہ کاری کے دوران میں بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔



زنجیر ٹانکا اور لیزی ڈیزی ٹانکا بنانے کا طریقہ

گرہ دار ٹانکے

اس قسم کے ٹانکے اس طریقے سے بنائے جاتے ہیں کہ مکمل ہونے پر وہ خوبصورت گرہ کا تصور دیتے ہیں۔ انہی ٹانکوں کو مختلف قسم کے چھوٹے چھوٹے پھول بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ گرہ دار ٹانکے سے خوبصورت بیلیں اور ڈیزائن نیز آؤٹ لائنز بنائی جاتی ہیں۔ ہمارے ہاں یہ ٹانکے مختلف قسم کی کشیدہ کاری میں کافی مقبول ہیں۔ گرہ دار ٹانکے تین مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔

1۔ موتی ٹانکا/ ڈبل ناٹ (Double Knot)

2۔ زیرہ ٹانکا/ فرنچ ناٹ (French Knot)

موتی ٹانکا/ڈبل ناٹ(Double Knot)

کپڑے پرشکل کے مطابق تین نشان لگائیے پھرسوئی نشان 1 پر کپڑے کے اوپر کی طرف لائیے۔اب نشان 2 سے نشان 3 کی طرف ایک ٹانکا بھریئے یعنی سوئی نشان 2 سے کپڑے کے نیچے کی جانب لے کر نشان 3 پر اوپر کی جانب نکالیے۔اب نشان 1 اور 3 کے گرد دھاگے کا چکر سا بنا کر سوئی کو ٹانکے اور نشان 2 کے نیچے سے نکالیے۔سوئی کو 1 اور 2 پر موجود دھاگے سے سوئی گزرنے کے لیے سوئی کی موٹی جانب استعمال کی جاسکتی ہے،تاکہ سوئی کی باریک سطح دھاگے میں الجھنے نہ پائے۔اب سوئی کو باہر کھینچیے۔یوں 1 اور 2 پر موجود ٹانکے کے گرد دھاگے کا چکر بن جائے گا۔اب شکل کے مطابق سوئی اور دھاگے کو ایک بار پھر نشان 1 کے قریب دھاگے کے نیچے سے نکالیے۔خیال رہے کہ سوئی میں موجود دھاگے کو ایک لوپ Loop کی شکل میں ہونا چاہیے ۔اب دھاگے کو آہستہ آہستہ کھینچ لیجیے ۔دھاگوں کے یہ چکر ایک ناٹ کی شکل اختیار کریں گے جو کہ شکل کے مطابق ہوگی۔اسی طرح مزید ناٹ بنانے کے لیے دوبارہ نزدیک ہی تین نشان منتخب کریں اور سوئی پہلے دونشانوں سے گزار کر پہلا مرحلہ مکمل کرلیں۔اس ناٹ سے مختلف قسم کے لائن دار ڈیزائن بنائے جاسکتے ہیں۔

(ا) پہلا مرحلہ



(ب) دوسرا مرحلہ



(ج) تیسرا مرحلہ



(د) چوتھا مرحلہ

زیرہ ٹانکا/فرنچ ناٹ(French Knot)

زیرہ ٹانکا عموماً پھولوں میں پتیوں کے درمیان کا حصہ بنانے کے کام آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو زیرہ ٹانکا کہا جاتا ہے۔ یہ دانے دار ٹانکا ہے جو ذرا فاصلے پر بنانے سے اُبھرے ہوئے چھوٹے چھوٹے دانوں کا تاثر دیتا ہے کیونکہ یہ ٹانکا اِبتدا میں فرانس کے ملک میں زیادہ استعمال ہوتا تھا لہٰذا اس کو فرنچ ناٹ یعنی فرانسیسی گرہ کا نام دے دیا گیا۔ یہ نہایت آسان ٹانکا ہے اور بہت کم وقت میں بن جاتا ہے۔



بنانے کا طریقہ

1۔ سوئی کو دھاگے میں پُر کر کے کپڑے کے سیدھی طرف نکال لیں۔

2۔ سوئی کے دھاگے کے قریب چھوٹا ٹانکا بھریں اور دھاگے کو سوئی پر دو بل دے کر سوئی کو ان بلوں میں سے باہر نکال لیں۔

3۔ اب جس مقام سے ٹانکا بھرا گیا تھا سوئی کو اسی مقام پر یا اس کے قریب ہی کپڑے کے نیچے لے جائیں فرنچ ناٹ تیار ہے۔

نوٹ: فرنچ ناٹ بناتے وقت یہ خیال رہے کہ بل دیتے وقت دھاگہ آپس میں نہ الجھ جائے ورنہ بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔



فرنچ ناٹ بنانے کا طریقہ کار

پنکھڑی ٹانکہ/بولین ناٹ (Bullion Knot)

بولین ناٹ بھی فرنچ ناٹ کے طریقہ سے بنائی جاتی ہے اور پہلے مرحلے میں فرنچ ناٹ کی طرح ہی ٹانکا لیا جاتا ہے۔ پھر دوسرے مرحلے میں سوتی دھاگے کے دو بل دینے کے بجائے چار پانچ بل دے دیئے جاتے ہیں اور پھر بڑی احتیاط کے ساتھ آہستہ آہستہ دھاگے کو کھینچ لیا جاتا ہے جس سے دھاگے کے سوئی پر موجود تمام بل، دھاگے کے ایک سرے پر اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اس طرح سوئی کو دوبارہ نشان پر کپڑے سے نیچے لے جانے سے ٹانکا ایک پتی کی طرح ابھر کر سامنے آتا ہے۔ یہ ناٹ عمدہ کشیدہ کاری کے دوران گلاب کی پنکھڑیاں بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو کہ بے حد دیدہ زیب معلوم ہوتی ہے۔



سوئی پر بل دینا



مکمل ٹانکا

بولین ناٹ بنانے کا طریقہ

بھرائی ٹانکا/ساٹن سٹچ (Satin Stitch)

اس ٹانکے کے لیے دو لائنوں کے درمیان والی جگہ کو سیدھے لمبے ٹانکوں سے یوں بھرا جاتا ہے کہ نیچے کا کپڑا

بالکل دکھائی نہ دے۔ دھاگوں اور ٹانکوں کے قریب قریب ہونے کے باعث بھری ہوئی جگہ میں ایک ساٹن جیسی چمک پیدا ہوتی ہے۔ شکل کے مطابق نشان 1 سے 2 کی طرف سوئی نکالیے اور پھر نشان 3 پر سوئی نیچے لے جا کر دوبارہ 1 اور 2 کی طرح سوئی کپڑے سے اوپر لے آئیے اور یوں قریب قریب ٹانکے لگانے سے پھول اور پتیاں بھری جاسکتی ہیں۔ یہ ٹانکا کشیدہ کاری میں بے انتہا استعمال ہوتا ہے اور یہ ٹانکا نہایت مقبول ٹانکا بھی ہے۔

لمبا اور چھوٹا ٹانکا (Long & Short Stitch)

یہ ٹانکا بالکل ساٹن سٹچ کی طرح بھرا جاتا ہے لیکن فرق دونوں میں صرف اتنا ہے کہ ساٹن سٹچ میں ٹانکے برابر کے بھرے جاتے ہیں جبکہ اس میں ایک ٹانکا لمبا اور ایک چھوٹا بھرا جاتا ہے اور پھر دوسری باری میں چھوٹے ٹانکوں کے آگے لمبے ٹانکے اور لمبے ٹانکوں کے آگے چھوٹے ٹانکے بھر کر پھول یا پتیوں سے بھر لیا جاتا ہے۔ اس ٹانکے کے استعمال سے بھی کڑھائی سے نیچے کا کپڑا، دھاگے یعنی ٹانکوں سے بالکل چھپ جاتا ہے اور بھری ہوئی جگہ میں ایک چمک سی پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ ٹانکے بھی بھرائی کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ پاکستان کے

مختلف علاقوں میں کچھ روائتی قسم کی کشیدہ کاری کرنے کا رواج صدیوں سے چلا آرہا ہے اس روایتی قسم کی کشیدہ کاری میں کچھ روائتی قسم کے ٹانکے بھی استعمال ہوتے ہیں جو ان خاص علاقوں کی نشاندہی کرتے ہیں جہاں یہ کشیدہ کاری مقبول ہوتی ہے اس قسم کے ٹانکوں والی کڑھائی کو دیکھ کر فوراً اس خاص علاقے کا تصور ذہن میں اُبھرتا ہے۔ اگلے حصے میں ہم ٹانکوں کو بنانے کا طریقہ سیکھیں گے۔



پاکستان کے علاقائی ٹانکے

پاکستان کے مختلف علاقوں میں بننے والی کڑھائی اگرچہ ملتی جلتی دکھائی دیتی ہے لیکن ہر علاقے کے اپنے مخصوص ٹانکے ہوتے ہیں، جن کا استعمال اس علاقے کی کشیدہ کاری میں زیادہ ملتا ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ان مخصوص علاقوں میں ان ٹانکوں کا استعمال صدیوں سے چلا آرہا ہے۔ حالانکہ جدید طرز کی کشیدہ کاری میں ان تمام ٹانکوں کو یکجا کر کے ایک نیا انداز اختیار کیا گیا ہے۔ ان ٹانکوں میں سرِ فہرست سندھی، بلوچی، سوئی و کشمیری ٹانکے آتے ہیں آیئے ان کا تفصیل سے مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کو بنانے کا طریقہ سیکھتے ہیں اور ان کے مخصوص استعمال پر غور کرتے ہیں۔

سِندھی ٹانکا

سندھی ٹانکا بنانے کے لیے پہلے بنیاد ڈالی جاتی ہے۔ یہ بنیاد ایک چکور ڈبی کی شکل کی ہوتی ہے۔ کپڑا فریم میں

لگانے کے بعد سوئی کو کپڑے کے اوپر کی طرف نشان نمبر 1 پر پھر سوئی کو نشان 2 پر سے نیچے کی طرف لے جا کر نشان 3 پر اوپر کی طرف نکالیے۔ شکل میں سوئی کی کپڑے کے نیچے کی طرف کی Direction کو دانے دار لائنوں میں دکھایا گیا ہے۔ جبکہ سوئی اور دھاگے کے کپڑے کے اوپر کے تاروں کی موٹی پوری لائنوں میں دکھایا گیا ہے۔ نشان 3 سے سوئی اور دھاگے کو نشان 4 پر لے جائیے۔ اور سوئی کو نشان 4 سے 5 پر نکالیے۔ اسی طرح نشان 5 سے 6 اور 6 سے سوئی کو نشان 7 پر اوپر کی طرف نکال لیجیے۔ اب سوئی کو نشان 7 سے 8 پر لے جانے کے لیے نشان 1 اور 2 پر پڑے دھاگے کے تار کے نیچے سے گزاریئے اور پھر نشان 8 سے سوئی، کپڑے کے نیچے لے جا کر نشان 1 اور 8 کے درمیان والی ایک جگہ نشان 4 پر کپڑے کے اوپر کی طرف سے لائیے۔ اب آپ کے سندھی ٹانکے کے بنیادی چکور ڈبی تیار ہے



سندھی ٹانکا بنانے کا طریقہ کار

نوٹ: خیال رہے کہ ڈبی بنانے میں ذراسی غلطی سندھی ٹانکے کو مکمل نہیں ہونے دے گی۔ لہذا ٹانکے کو مکمل کرنے سے پہلے ڈبی بنانے کی صحیح مشق کرنا نہایت ضروری ہے کیونکہ اب اس ڈبی پر آپ کو تانا اور بانا بنانا ہوگا۔

اس چوکور ڈبی کو بننے کے لیے سوئی کو پچھلی طرف سے سوئی کو دھاگہ نشان 1 اور 2 کے نیچے سے گزاریں اور شکل میں دکھائی گئی اطراف میں سوئی اور دھاگے کو بھرتے جائیں۔ دھاگے کی چوکور ڈبی میں بھرنے کے بعد ٹانکے کی صورت شکل میں موجود ڈبی جیسی ہو جائیگی۔ اسی بنیادی ٹانکے کو مختلف قسم کی شکلوں میں بنایا جا سکتا ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ چکور ڈبی بھی انہی شکلوں میں پہلے بنائی گئی ہو۔ اس ڈبی کو بھرنے کا طریق کار کے ذریعے اس شکل سے تھوڑی تبدیلی اسی طرح لائی جاسکتی ہے کہ کونے کے ٹانکوں کو بہت چھوٹا چھوٹا بھرا جائے تا کہ کونے زیادہ نہ اُبھریں۔

نوٹ

1۔ بنائی کے دوران دھاگے کو ضرورت سے زیادہ نہیں کھینچنا چاہیئے تا کہ کپڑے میں جھول نہ پڑ جائیں۔

2۔ بنائی کے لیے اگر کچے ریشم کا استعمال کیا جائے تو ڈبی بھری محسوس ہوتی ہے۔ دوسری صورت میں ڈبی کو اتنے چھوٹے سائز میں بنانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ تانے بانے سے ڈبی بھری بھری محسوس ہو اور نیچے کا کپڑا نظر نہ آئے۔



سندھی ٹانکے سے بنائے گئے مختلف نمونے



خوبصورتی سے بنا ہوا سندھی ٹانکہ

بلوچی ٹانکا

بلوچی ٹانکا میں سب سے نمایاں کام شیشہ لگانا ہے۔ اس کے لیے کاج ٹانکے کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس ٹانکے کے ذریعے شیشے کو کپڑے کے اوپر ٹانک کر مضبوط کر دیا جاتا ہے۔ شیشے کو لگانے کا ایک منفرد طریقہ ہوتا ہے جو مکران کے ساحلی علاقوں اور کوئٹہ میں بے حد مقبول ہے۔

شیشہ جوڑنے کا طریقہ کار

کپڑے کو فریم میں کس کر کشیدہ کاری کے لیے تیار کر لیں۔ اب سوئی میں دھاگہ ڈال کر سوئی کو کپڑے کے اوپر کی طرف نکال کر تیار کر لیں۔ اب آئینہ کے چھوٹے ٹکڑے کو قینچی سے گولائی میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ پھر ریتی پر گھسا کر مزید گول کر لیا جاتا ہے۔ ویسے مختلف سائزوں میں گول کٹے ہوئے شیشے بازار میں آسانی سے دستیاب ہوتے ہیں۔ اب شیشے کے ٹکڑے کو دھاگے کے قریب کپڑے پر رکھا جاتا ہے۔ اور سوئی سے ٹکڑے کے مخالف ٹانکہ بھرنے کی خاطر سوئی فریم کے نیچے لے جائی جاتی ہے۔ آیئے اس کو ترتیب سے بنانا سیکھتے ہیں۔

سوئی کپڑے پر لگے نشان الف پر نکالیے۔ اب شیشے کو نشان الف کے قریب رکھیں۔ سوئی نشان ب پر کپڑے سے نیچے لے جا کر نشان ج پر دوبارہ اوپر نکالیے ج سے د پر لے آئیں اور د سے سوئی کپڑے کے نیچے لے جا کر سوئی نشان ص سے اوپر نکالیے ض سے سوئی دوبارہ نیچے لے جایئے اور نشان ط پر اوپر نکالیے یوں آپ شیشہ دھاگے کی اس چکور ڈبی میں پھنس کر رہ جائے گا اور کپڑے پر ٹانکہ لگاتے وقت کھسکے گا نہیں۔ اب سوئی کو دھاگے کی ڈبی سے نکال کر سیدھی لائن میں کپڑے پر آئینے کے کنارے کے قریب کاج ٹانکا بھریں اسی عمل کو بار بار دہرائیں تو دھاگے سے آئینے کے اردگرد ایک فریم سا بن جائے گا جو آئینے کو مضبوطی سے جکڑے رکھے گا۔



کشمیری ٹانکہ

کشمیری ٹانکہ زمانہ قدیم سے کشمیر اور گردونواح کے علاقوں میں کشیدہ کاری کے دوران مقبول رہا ہے اس ٹانکے کو بنانے کے لیے پہلے، ٹانکہ، ساٹن ٹانکے کی طرح بھرا جاتا ہے پھر اُس کو مضبوط بنانے کے لیے تار کے

نزدیک سے سوئی، کپڑے کے اوپر نکال لی جاتی ہے اور پہلے لمبے ٹانکے کو کراس کر کے دوسری طرح سوئی کپڑے سے نیچے کی طرف لے جاتی ہے اور دوسرا لمبا ٹانکہ بھرا جاتا ہے۔ اگر ٹانکہ ضرورت سے زیادہ لمبا ہو تو کراس ٹانکے قریب قریب لگائے جاتے ہیں۔ خیال رہے کہ کشمیری کڑھائی میں عموماً آم کی شکل کے پتے، اس ٹانکے ہی سے بھرے جاتے ہیں۔ جو دیکھنے میں نہایت دلکش دکھائی دیتے ہیں۔



کشمیری ٹانکا بنانے کا طریق کار



کشمیری کڑھائی کے نمونے

سواتی ٹانکہ

سواتی ٹانکہ بالکل ساٹن سٹچ کی طرح کا ہوتا ہے۔لیکن فرق صرف یہ ہے کہ سواتی ٹانکہ ہمیشہ دھاگے کے تار سے بنایا جاتا ہے جبکہ ساٹن ٹانکہ دو یا تین تاروں سے بھی بنایا جاتا ہے۔

عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i۔سندھی ٹانکا بنانے کیلئے پہلے .... ڈالی جاتی ہے۔

ii۔بلوچی ٹانکا میں سب سے نمایاں کام .... لگانا ہے۔

iii۔ڈنڈی ٹانکا بھی ایک قسم کا..................... ٹانکا ہوتا ہے۔

iv۔لیزی ڈیزی ٹانکا بھی بالکل....................... ٹانکہ کی طرح بنایا جاتا ہے۔

v۔.......................... بنانے کیلئے چھپائی کپڑے کی الٹی طرف کروائی جاتی ہے۔

سوال نمبر 2 درج ذیل سوالات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i۔مچھلی ٹانکا اپنی بناوٹ کے اعتبار سے کاج ٹانکے سے مشابہت رکھتا ہے۔ (ص/غ)

ii۔کاج ٹانکے کو Blanket Stitch بھی کہا جاتا ہے۔ (ص/غ)

iii۔لیزی ڈیزی ٹانکا بالکل پنکھڑی ٹانکے جیسا ہوتا ہے۔ (ص/غ)

iv۔چینی ٹانکا کو Pakinese Stitch بھی کہا جاتا ہے۔ (ص/غ)

v۔موتی ٹانکا مشین سے بھی بنایا جاسکتا ہے۔ (ص/غ)

سوال نمبر 3 کشیدہ کاری پر اثر انداز ہونے والے عوامل کا تفصیلا جائزہ لیں۔

سوال نمبر 4 چیز کی مناسبت سے ڈیزائن کو بڑا یا چھوٹا کرنے پر ایک نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 5 کاج یا Blanket Stitch کے بنانے نیز ڈنڈی اور مچھلی ٹانکے کی بناوٹ پر تفصیلاً پوائنٹس لکھیں۔

سوال نمبر 6 کشیدہ کاری میں ٹریسنگ پیپر کے استعمال پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 7 کچے ٹانکے پر ایک نوٹ لکھیں۔

تجربہ نمبر 1

عنوان: دھاگوں کا انتخاب	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو دھاگوں کے انتخاب کے بارے عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: ڈیزائن Trace کرنا یا چھوٹا بڑا کرنا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ڈیزائن Trace کرنے اور چھوٹا یا بڑا کرنے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: کڑھائی کا فریم اور اس کا استعمال	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو کڑھائی کے فریم اور اس کے استعمال کے بارے میں تفصیل سے سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: مختلف ٹانکے لگانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مختلف قسم کے ٹانکے لگانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

HAND STITCHING

ہاتھ سے سلائی کرنے کے لیے صرف مطلوبہ دھاگہ اور ہاتھ سے سلائی والی سوئی استعمال کرتے ہیں۔ بخیہ لگانا، فٹنگ سٹیچ، کاج ٹانکا، ترپائی، چنٹ ڈالنا، ہاتھ سے سلائی کرنے کی مثالیں ہیں۔

بخیہ

مشین سے بخیہ کرنا زیادہ آسان ہے۔ اور مشین کا ہر ٹانکا برابر آتا ہے۔ مگر ہاتھ سے بخیہ ایک ہنر ہے۔ اس میں مہارت حاصل کرنے کے لئے بخیہ کرنے کا صحیح طریقہ اپنانا چاہیے۔ ہاتھ کی عام سلائی دائیں سے بائیں جانب ہوتی ہے۔ مگر بخیہ ٹانکا ہر بار بائیں سے دائیں لگایا جاتا ہے۔ سلائی دائیں طرف سے شروع کی گئی ہے آپ شکل میں دیکھ رہے ہیں۔ یوں آپ بخیہ کرنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ ہر ٹانکہ دوسرے ٹانکے سے پیوست نظر آتا ہے۔





ترپائی

لباس کے کناروں کو(جن کو موڑنا مقصود ہو) مثلاً دامن ، گلے کی پٹی یا آستین وغیرہ پر ترپائی کرتے ہیں۔ دوپٹہ اور رومال کے کناروں پر بھی ترپائی کی جاتی ہے۔ترپائی کرنے کا طریقہ یہ ہے۔کہ سلائی کرنے کے لیے کپڑوں کو موڑ کر کچا کر لیں۔موڑنے کے لیے پہلی دفعہ کپڑا موڑ کر دوسری بار ذرا چوڑا کر لیں مڑا حصہ یکساں ہونا چاہیے۔موڑے ہوئے حصے کو اپنی طرف کر کے ترپائی شروع کر دیں یوں کپڑا رکھنے پر آسانی سے پکڑا جا سکے گا۔

خاکہ میں ترپائی لگانے کا طریقہ



سادہ ٹانکے سے چنٹ ڈالنا (Gathernig)

عام طور پر ہاتھ کی سلائی اس ٹانکے سے کی جاتی ہے۔چنٹ ڈالنے کے لیے بھی سادہ ٹانکے سے سلائی کر کے دھاگے کو ایک طرف سے کاٹ لیں تو کپڑے میں چنٹ آ جائے گی۔چنٹ ڈالنے کے لیے عموماً دو سلائیاں پاس کی جاتی ہیں اور انکا درمیانی فاصلہ یکساں ہونا چاہیے اور پھر باری باری دھاگہ کھینچ کر چنٹ یکساں طور پر پھیلا لیں۔





فلنگ سٹیچ

گلنگ سٹیچ کپڑے کے ایک ٹکڑے کو دوسرے ٹکڑے کے ساتھ اوپر نتھی کرنے کے کام آتا ہے۔ اس میں کپڑے کا کنارہ آگے سے طے بھی کیا جاتا ہے۔



کاج ٹانکا

یہ ٹانکا کاج بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے اس ٹانکے کو سیکھنے کے بعد آپ آسانی سے کاج بنا سکتے ہیں۔کاج ٹانکا بغیر کپڑا موڑے کنارے بنائے جاتے ہیں۔اس ٹانکا کی سلائی ایسی ہوتی ہے کہ کنارے پر زنجیر بنتی چلی جاتی ہے جس سے کنارا مکمل طور پر بند ہو جاتا ہے۔اور دھاگا نکلنے کا امکان باقی نہیں رہتا۔



مشین سے سلائی کرنے کے چند اصول

1۔سلائی کرتے ہوئے کپڑے کا زیادہ حصہ باہر کی طرف رکھیں تاکہ کپڑا اکھٹا نہ ہو۔

2۔مشین کو چلانے سے پہلے ہاتھ کو پہیے یا بیلنس ویل پر رکھیں اور اس کو آہستہ سے اپنی طرف گھمائیں۔تاکہ دھاگہ اور کپڑے کے درمیان ربط پیدا ہوجائے۔اور پہلے ایک دو ٹانکے بن جائیں۔پھر مشین کی سپیڈ کو بڑھائیں۔

3۔سلائی شروع کرتے وقت یہ اطمینان کرلیں کہ پھرکی اور نلکی کے دھاگے کپڑا دبانے والے پرزے کے نیچے ہوتے ہیں۔پیچھے یا ترچھے نہیں ہوتے ہیں۔

4۔سلائی ختم کرتے وقت مشین کو کپڑا ختم ہونے سے پہلے ہی روک لیں۔تاکہ دھاگہ الجھ کر مشین کے پرزوں میں پھنس نہ جائے۔

5۔سلائی ختم کرتے وقت سوئی اور دھاگہ لینے والے پرزے کو پورا اوپر لے جائیں۔تاکہ دوبارہ سلائی کرتے وقت دھاگہ نکلنے نہ پائے۔اور ہمیشہ تین یا چار انچ دھاگہ چھوڑیئے۔تاکہ دھاگہ نکلنے کا اندیشہ رہے اور دھاگہ چھوٹی قینچی سے کاٹیئے۔

سلائی کے دوران کپڑے کو تھامنے کا طریقہ:۔

زیادہ تر کپڑوں کو سلائی کے دوران مشین کے پیر کے پاس تھامنا اور سنبھالنا کافی ہوتا ہے۔جیسا کہ تصویروں میں دکھایا گیا ہے۔

بخیہ ختم کرنا

1۔کپڑے کے کنارے تک سلائی کر کے بخیہ ختم کرنا چاہیے۔



کپڑے کو تھامنا

2۔ پہیہ کو اپنی طرف گھما کر سوئی کو خوب اونچا لے جائیے۔



3۔ مشین کا پیر اٹھا کر کپڑا نکال لیں۔ اور دھاگہ کاٹنے والے آلے سے دھاگہ کاٹ لیں۔ اب ٹانکے والے پرزے کو نیچا کر کے آگے سلائی کیجئے۔



سلائی کی قسمیں(Kinds of Sewing)

گولائی میں سلائی

کندھا یا گلا سیتے وقت آپ کو اکثر گولائی میں سلائی کرنی پڑتی ہے اس کے لئے آپ وہی طریقہ اختیار کریں۔

جو سیدھی سلائی میں ہوتا ہے البتہ یہ ضروری ہے کہ آپ چھوٹے ٹانکے لگائیں کیونکہ اس طرح آپ کی سلائی میں زیادہ لچک اور مضبوطی ہوگی۔



گولائی میں سلائی



بیرونی سلائی

بیرونی سلائی سے لباس یا کوٹ کی سلائی میں خوبصورتی پیدا کی جا سکتی ہے۔ بھاری اور موٹے کپڑے پر ایسی سلائی اچھی ہوتی ہے ہلکے کپڑوں پر بھی اگر ایسی سلائی متوازی طور پر کی جائے تو اس سے اس کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور سلائی بھی خوب پختہ ہوتی ہے۔ خصوصاً کالر، جیبوں اور کناروں پر سلائی بہت اچھی لگتی ہے



بیرونی سلائی

مشین کی سلائی

لباس کی سلائی میں مشین کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ لباس کی طرز وضع حاصل کرنے میں یہ اہم کردار ادا کرتی ہے۔لباس کی سلائی ایک ایسا ہنر ہے۔جس کے لیے محنت کوشش اور مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ سلائی کو صاف ستھرا دکھانے کے لیے اس کے کناروں پر مختلف طریقوں سے سلائی کی جاتی ہے۔جو سیون کی پختگی seam finish کہلاتی ہے۔اس سے لباس میں پائیداری آجاتی ہے۔اور کپڑوں کے کناروں سے دھاگے بھی نہیں نکلتے لباس کی سلائی کے لئے عام طور پر مندرجہ ذیل سلائیاں استعمال ہوتی ہیں۔

1۔ سادہ سلائی Plain Seam

2۔ چپٹی سلائی Flat Fell Seam

3۔ گم سلائی French Seam

4۔ بند اور جمی ہوئی سلائی Lapped Seam

5۔ ویلٹ سلائی Welt Seam

سادہ سلائی۔Plain Seam

1۔ یہ بنیادی سلائی ہے جو ہر قسم کے کپڑوں کی سلائی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔



2. گم سلائی۔ French Seam

یہ سلائی عموماً باریک کپڑوں پر کی جاتی ہے تا کہ کناروں سے دھاگے نکل کر کپڑے کو خراب نہ کرسکیں۔

3 چپٹی سلائی۔ Flat fell Seam

یہ سلائی زیادہ تر موٹے کپڑوں پر استعمال کی جاتی ہے۔اور دونوں طرف سے ایک سی ہوتی ہے یعنی الٹا سیدھا نہیں ہوتا۔اس لئے چادر میں جوڑ ڈالنے کے لئے بھی اس سلائی کو استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ سلائی مضبوط ہونے کی وجہ سے مردانہ اور بچگانہ کپڑوں مثلاً پتلون، پاجامہ قمیض وغیرہ پر استعمال ہوتی ہے۔



4 بند اور جمی ہوئی سلائی Lapped Seam



5 ویلٹ سلائی Welt Seam

ویلٹ سلائی بچوں کے ملبوسات اور خواتین کی شرٹ , کوٹ اور Overcoat پر کی جاتی ہے۔ اس کا ٹانکا عام سلائی سے بڑا کیا جاتا ہے۔ مشین کے علاوہ اسے ہاتھ سے بھی بناتے ہیں ۔ ویلٹ سلائی کرتے وقت آپ اس بات کا خاص خیال رکھیے کہ ٹانکا یکساں فاصلے پر اور ایک جیسا ہو۔ چھوٹے بڑے ٹانکے نہ لگیں ورنہ ساری خوبصورتی ختم ہو جائے گی۔



پلیٹس کا استعمال

لباس کو خوبصورت بنانے میں پلیٹ نہایت اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ ان کا اہم کام لباس کی زائد چوڑائی کو سمیٹ کر کم کرنا ہے ان کے علاوہ ان کے استعمال سے لباس کی فٹنگ کو بھی خوبصورت بنایا جا سکتا ہے۔ پلیٹ لباس کے مختلف حصوں یعنی گلے، آستین کے اگلے پچھلے حصوں اور کندھوں پر بنائے جاتے ہیں۔ خصوصاً بچوں کے فراک کے گھیرے پر اور لیڈیز قمیض کی فٹنگ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

1۔ سائیڈ پلیٹ ۔(Side Plate)

یہ پلیٹ کپڑے کی تہہ کو ایک طرف موڑ کر بنائے جاتے ہیں یہ ایک ہی چوڑائی میں بنائے جاتے ہیں۔ اور دوسری طرف چوڑائی بڑی کم ہوتی ہے مثال کے طور پر بچوں کے سکرٹ وغیرہ بناتے ہوئے ان کو بنانے کا طریقہ اپناتے وقت بخیہ لگائے بغیر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔



2۔ باکس پلیٹ ۔(Box Plate)

یہ پلیٹ کپڑے کی سیدھی طرف بنتے ہیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔



3۔ الٹے رخ کے پلیٹ ۔(Inverted Plate)

یہ باکس پلیٹ کی طرح کے ہوتے ہیں لیکن کپڑے کی الٹی جانب بنائے جاتے ہیں۔



عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i۔ بخیہ ٹانکا ہر بار.......................... سے .... لگایا جاتا ہے۔

ii۔ کندھا یا گلا سیتے وقت اکثر .... میں سلائی کرنی پڑتی ہے۔

iii۔ .... سلائی خصوصاً کالر، جیبوں اور کناروں پر اچھی لگتی ہے۔

iv۔ ہاتھ کی عام سلائی اکثر .... سے .... جانب ہوتی ہے۔

v۔ .... پلیٹ کپڑے کی سیدھ کی طرف بنتے ہیں۔

سوال نمبر 2 درج ذیل سوالات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i۔ مشین سے بخیہ کرنا آسان ہے مگر ہاتھ سے بخیہ کرنے کے لئے مہارت کی ضرورت ہوتی ہے (ص / غ)

ii۔ سلائی کرتے وقت کپڑے کا زیادہ حصہ باہر کی طرف رکھیں۔ (ص / غ)

iii۔ گم سلائی زیادہ تر موٹے کپڑوں پر کی جاتی ہے۔ (ص / غ)

iv۔ بند اور جمی ہوئی سلائی بچوں کے ملبوسات اور خواتین کی شرٹ اور کوٹ پر کی جاتی ہے۔ (ص / غ)

v۔ دوپٹے اور رومال کے کناروں پر بھی ترپائی کی جاتی ہے۔ (ص / غ)

سوال نمبر 3 بخیہ لگانے پر ایک نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 4 سادہ ٹانکے سے چنٹ ڈالنے کا طریقہ لکھیں۔

سوال نمبر 5 مشین سے سلائی کرنے کے اصول لکھیں۔

سوال نمبر 6 ویلٹ سلائی پر ایک نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 7 پلیٹس کا استعمال اور اس کی قسمیں لکھیں۔

تجربہ نمبر 1

عنوان: ہاتھ سے سلائی اور بخیہ لگانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ہاتھ سے سلائی کرنے کا طریقہ اور بخیہ لگانے کا طریقہ بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: ترپائی کرنا اور سادہ ٹانکے سے چنٹ ڈالنا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ترپائی کرنے اور سادہ ٹانکے سے چنٹ ڈالنے کا طریقہ بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: فلنگ سٹیچ اور کاج ٹانکا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو فلنگ سٹیچ اور کاج ٹانکے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

تاریخ:	عنوان: مشین سے سلائی

انسٹرکٹر ٹرینی کو مشین سے سلائی کا طریقہ دیئے گئے اصولوں کی روشنی میں تفصیل سے بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 5

عنوان: مختلف قسم کی سلائی کرنا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مشین پر مختلف قسم کی سلائی کرنے کے طریقے بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 6

عنوان: **پلیٹس** بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مختلف **پلیٹس** بنانے کا طریقہ بتائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

بٹن، ناپ اور ڈرافٹنگ

(BUTTONS,MEASUREMENT & DRAFTING)

1۔ چٹ بٹن (Snaps)

یہ دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ایک حصے کے اوپر گول سا اُبھرا ہوا حصہ ہوتا ہے۔اور یہ گول حصہ بٹن کے دوسرے حصے میں عین فٹ ہو جاتا ہے۔کیونکہ اس کے اندر اس اُبھرے ہوئے حصے کے سائز کے مطابق سوراخ بنا ہوتا ہے۔گول اُبھرا ہوا حصہ اوپر کی پٹی پر اور دوسرا حصہ نچلی پٹی پر لگایا جاتا ہے۔



2۔ سیپ بٹن (Shirt Button)

یہ بٹن مختلف سائز میں ہوتے ہیں اور عموماً دو یا چار سوراخ والے ہوتے ہیں انہیں لگانے کے لئے چٹ بٹن کی طرح نچلی پٹی پر نشان لگا کر بٹن لگائے جاتے ہیں جبکہ اوپر والی پٹی پر کاج بنے ہوتے ہیں۔



3۔ لنک بٹن (Link Button)

یہ بٹن عموماً کف کے اوپر والے اور نچلے والے حصے کو جوڑنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں اور اس میں بٹن کے درمیان دھاگے کا بند ہوتا ہے یا بازار سے بنے لنک بٹن ملتے ہیں۔





کاج (Button Hole)

کاج عموماً دوہری اور افقی رخ میں بنائے جاتے ہیں۔کاج بنانے کے لئے کاج ٹانکا استعمال ہوتا ہے۔کاج بنانے میں مہارت اور مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔کیونکہ بار بار بنانے سے ہی کاج میں صفائی آتی ہے۔کاج کسی کپڑے کو کاٹ کر اسکے گرد دھاگے سے دانے دار چھوٹی سی باریک سی سلائی کو کہتے ہیں۔دوہرا دھاگہ ڈال کر نیچے سے شروع کریں۔دھاگہ سوئی کے اوپر سے گھمائیں۔تو دانہ سا بن جاتا ہے۔اس ٹانکے کو کاج ٹانکہ کہا جاتا ہے۔کاج ہمیشہ نیچے سے شروع کریں اوپر گولائی دے کر واپس نیچے آ جائیں۔اور نیچے سے بند کر دیں۔کاج جینٹس قمیض لیڈیز قمیض کی پٹی، کرتے، شرٹ، بازو کے آگے، نیکر میں اور بھی کئی جگہ بنائے جاتے ہیں۔



رفو کرنا (Draning)

بعض دفعہ نیا کپڑا استری کرتے وقت تھوڑا سا جل جاتا ہے۔آپ اس کپڑے کو رفو کے ذریعے پھر سے استعمال میں لا سکتے ہیں۔رفو کرتے وقت گرہ نہیں لگانی چاہیئے۔سلائی کے لئے لمبی سوئی استعمال کرنی چاہیئے تا کہ چھوٹے چھوٹے ٹانکے لئے جا سکیں رفو گول،چوکور،بیضوی یا کسی شکل میں کیا جا سکتا ہے۔



زپ لگانا (ZIP FITTING)

یہ طریقہ کار سکرٹ یا گریبانوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس میں بجائے ایک پلیٹ کے دو پتلی پلیٹیں دونوں طرف آتی ہیں۔سب سے زیادہ استعمال ہونے والی قمیض بلاؤز وغیرہ کے کھلے حصوں کو بند کرنے کے

طریقہ کار کو زپ لگانا کہتے ہیں۔ قمیض بالعموم پہلو سے کھلی رکھی جاتی ہے۔ تاکہ کمر کا تنگ پہلو کھلا ہونے کی وجہ سے اوپر کی جانب سے باآسانی چڑھائی اور اتاری جاسکے اور خراب نہ ہو۔ اندورنی حصہ زپ لگنے کے بعد اس زپ کی مکمل اندرونی دکھائی گئی ہے۔





پیوندکاری (Patch Work)

کپڑے کے پھٹے ہوئے حصے پر اسی کپڑے کا ٹکڑا لگا کر پیوند لگایا جاتا ہے۔ جس رخ کا کپڑا پھٹا ہو۔ پیوند لگاتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ پیوند اتنی صفائی سے لگایا جائے کہ دیکھنے میں نظر نہ آئے اسکے لئے کپڑے کی تار سے تار اور ڈیزائن کو ڈیزائن سے اس طرح مہارت سے ملانا ضروری ہے۔ کہ پیوند کا ٹکڑا الگ

دکھائی نہ دے۔



لائیننگ: LINING

"لائیننگ کے کئی مقاصد ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ مقصد ہے، کہ کپڑے کا اندرونی حصہ صاف ستھرا اور آراستہ رکھے۔ لائیننگ یعنی استر، چونکہ لباس کو جسم کے ساتھ چھونے سے روکتا ہے، اس وجہ سے کپڑا دیرپا ثابت ہوتا ہے۔ اور زیادہ دیر تک پہنا جا سکتا ہے۔ لباس بنانے والے لائیننگ کو ہاتھ سے ہی شکل دے کر اور پھر اس حصے کو سینے کے بعد صحیح شکل میں تیار کر لیتے ہیں۔ لائیننگ لباس کو بہتر طور سے ابھارتی ہے۔ اور دیرپا بھی رکھتی ہے۔ چونکہ یہ کپڑے کو موٹا کر دیتی ہے۔ اس لئے لباس کی تراش خراش کو قائم رکھتی ہے۔ لائیننگ کپڑے کی شکنوں کو ختم کر دیتی ہے۔



ناپ میں چند وضاحت طلب باتیں

1۔ تیرے کا ناپ(Across-back)

انچ ٹیپ کے سرے کو کندھے کے اختتام پر رکھیں۔اور اسکو دوسرے کندھے کی ہڈی کے آخری سرے تک جا کر ناپ لیں۔

2۔ گدی سے کمر تک کا ناپ(Centre Back Length)

ٹیپ کو گردن کی پچھلی درمیانی ہڈی پر رکھیں اور لمبائی میں کمر تک لے جائیں یہ ناپ قمیض میں ڈاٹ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔اس لئے صحیح ناپ نہ لینے سے قمیض کی فٹنگ متاثر ہوتی ہے۔

3۔ چسٹ(Chest)

چھاتی کے سامنے دونوں کندھوں کے درمیان والا حصہ ناپ لیتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ٹیپ

اگلی اور پچھلی طرف سے ایک ہی سطح پر رہے اور فیتے میں کوئی بل نہ ہو، ورنہ ناپ غلط ہو جائے گا۔

4۔ کمر کا ناپ (Waist)

انچ ٹیپ کو کمرے کے گرد لائیں۔ٹیپ کے دونوں سروں کے اندر کی طرف اپنے ہاتھ کی دو انگلیاں رکھیں تا کہ ناپ تنگ نہ ہوں۔

5۔ کولہے کا ناپ (Hips)

یہ ناپ کمر سے تقریباً 20 سینٹی میٹر نیچے لیا جاتا ہے۔اس کے لئے ٹیپ کو کولھوں کے پورے ابھار والے حصے پر رکھ کر دونوں سرے درمیان میں ملا کر ناپ لیں۔

6۔ قمیض کی لمبائی (Full Length)

قمیض کی لمبائی فیشن کے مطابق بدلتی رہتی ہے اس کے لئے ٹیپ کو اوپر کندھے کے پاس رکھ کر جتنی لمبائی رکھنی ہو اس کے مطابق ناپ لیں۔

7۔ آستین (Sleeves)

آستین کی ناپ کی آستین کی لمبائی اور چوڑائی لی جاتی ہے۔آستین کی لمبائی ناپنے کے لئے ٹیپ کو کندھے پر رکھیں بازو کو ذرا خم دیں اور فیتے کو کلائی تک لے جائیں۔



استری کرنا

دھلائی کے بعد کپڑوں میں مزید اجلاپن پیدا کرنے کے لئے ان کو استری کرنے سے ان میں آب وتاب آجاتی ہے۔ عام طور پر گھروں میں استری کرنے کے لئے کوئی میز یا تخت کی نسبت استری سٹینڈ عام طور پر زمین سے ایک میٹر ذرا کم اونچا بازار سے آسانی سے مل جاتا ہے۔ اسکا بائیں جانب کا سرا ہلکی سی نوک بنا ہوتا ہے اور بعض سٹینڈ کے ساتھ کپڑے رکھنے کے خانے بنے ہوتے ہیں۔ استری کرنے کے دو طریقے ہیں۔

1۔ دبا کر استری کرنا:۔

دبا کر استری کرنے کی ان کپڑوں پر ضرورت ہوتی ہے۔ جو اونی یا لچکدار ہوں۔ تا کہ کپڑوں کی بناوٹ خراب نہ ہو۔

2۔ گھما کر استری کرنا:۔

اس طریقے میں استری کو کپڑے پر ایک جگہ رکھ کر دوسری جگہ تک گھمایا جاتا ہے اور استری کو بار بار اٹھایا نہیں جاتا۔



فولڈنگ

استری کرنے کے بعد کپڑے کو مناسب طریقہ سے یا تو Hanger پر لٹکا دیا جائے ۔یا فولڈ کیا جائے ۔فیکٹریز میں فولڈنگ ونگ صرف فولڈ کر کے کپڑوں کو پیک کرتا ہے ۔تا کہ ٹرانسپورٹیشن کے دوران کپڑوں کی بناوٹ اور خوبصورتی برقرار رہے ۔بازوؤں کو تہہ کر کے مناسب طریقے سے فولڈ کریں تا کہ ان کی فٹنگ پر کوئی اثر نہ پڑے۔



ڈرافٹنگ

ڈرافٹنگ سے مراد ہے۔ کہ کسی ناپ کے مطابق فارمولا استعمال کرکے کاغذ پر نشان لگانا۔ اورپھران نشانات کو ملاکر خاکہ بنانا۔ خاکی کاغذ پر دیئے گئے ناپ اور فارمولا کے حساب سے پہلے پنسل سے نشان ناپ کر لگائیں۔ پھران نشانات کو پنسل سے آپس میں ملائیں۔ ڈرافٹ تیار ہو جائے گا۔ یہ ڈرافٹ آپ کی سلائی کے نشانات کا ہوگا۔ ڈرافٹ بنانے کے لئے آپ کو فارمولے کی ٹھیک سمجھ ہونی چاہیئے۔ کسی بھی چیز کے ایک قاعدے کے تحت حساب لگانے کو فارمولا کہتے ہیں۔ کپڑے کو سلائی سے پہلے ایک قاعدے کے مطابق ناپ کر حساب لگایا جاتا ہے۔ اگر فارمولا صحیح ہوگا۔ تو ڈرافٹ ٹھیک بنے گا۔

خاکہ تیار کرنا

اس قسم کے ڈرافٹس عموماً خاکی کاغذ پر بنائے جاتے ہیں اگر ایک مرتبہ بنیادی خاکہ آپ صحیح تیار کرلیں۔ تو اس خاکے سے جدید ڈیزائن کے مطابق بہت سی تبدیلیاں کرسکتے ہیں۔

خاکی کاغذ پر آپ کٹائی کا ہر ڈیزائن محفوظ رکھ سکتے ہیں یہ آپ کے پھر بھی کام آئے گا۔



پیٹرن بنانا: (Pattern Making)

پیمائش کے مطابق کاغذ پر لباس کا مکمل خاکہ بنا کر کٹنگ کرنا پیٹرن کہلاتا ہے۔ پیٹرن بنانا اس لئے بھی ضروری ہے۔ کہ خاکہ میں اگر کوئی غلطی ہو جائے تو کاغذ پر ہی رہے جسے دوبارہ حساب لگا کر دور کیا جا سکتا ہے۔ جب پیٹرن بن جائے تو اسے کپڑے پر اس طرح رکھیں کہ کم سے کم کپڑا استعمال ہو اور فالتو کپڑا ضائع نہ ہو۔ اب آپ کپڑے کو پیٹرن کے ساتھ پن کر لیں اور پھر سلائی کا حق رکھتے ہوئے کٹنگ مکمل کریں۔



خاکہ کھینچنے کا پہیہ

خاکہ جس کے مطابق آپ کپڑا بنانا چاہتے ہیں۔اس کا خاکہ کپڑے پر اتارنے کے لئے بنا ہوتا ہے۔یہ سٹیل کا اور تیز نوکوں والا دندانے دار ہوتا ہے۔



ڈرافٹ بنانا

ڈرافٹنگ کے لئے مندرجہ ذیل اشیاء کی ضرورت ہوتی ہے۔

1۔خاکی کاغذ	2۔پنسل	3۔ربڑ	4۔فٹ رولر
5۔گوند	6۔قینچی	7۔میز	8۔شاپنر



عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i- .... بٹن دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ایک حصے کے اوپر گول سا اُبھرا ہوا حصہ ہوتا ہے۔

ii- سب سے زیادہ استعمال ہونے والی قمیض بلاؤز وغیرہ کے کھلے حصوں کو بند کرنے کے طریقہ کار کو .... کہتے ہیں۔

iii- گدی سے کمر تک کا ناپ قمیض میں.................. بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

iv- کولہے کا ناپ کمر سے تقریباً.................... سینٹی میٹر نیچے لیا جاتا ہے۔

v- پیمائش کے مطابق کاغذ پر لباس کا مکمل خاکہ بنا کر کٹنگ کرنا .... کہلاتا ہے۔

سوال نمبر 2 درج ذیل سوالات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i- کاج بنانے کے لیے ہمیشہ اوپر سے شروع کیا جاتا ہے۔ (ص / غ)

ii- رفو کرتے وقت گرہ لگانی چاہیے۔ (ص / غ)

iii- لائننگ، لباس کو جسم کے ساتھ چھونے سے روکتا ہے۔ (ص / غ)

iv- خاکی کاغذ پر کٹائی کا ہر ڈیزائن محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ (ص / غ)

v- کاج عموماً دوہری اور افقی رخ میں بنائے جاتے ہیں۔ (ص / غ)

سوال نمبر 3 ٹچ بٹن کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر 4 رفو کرنے میں اور پیوند لگانے میں کیا فرق ہے۔

سوال نمبر 5 لائننگ کس مقصد کے لیے ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 6 کاج کس کس جگہ بنائے جائے ہیں۔

سوال نمبر 7 لنک بٹن کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر 8 ڈرافٹنگ پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر 9   درج ذیل ناپ لینے کے طریقے لکھیں۔

i۔ گدی سے کمر تک کا ناپ

ii۔ چسٹ کا ناپ

iii۔ کولھے کا ناپ

سوال نمبر 10   پیٹرن بنانے کا طریقہ لکھیں۔

تجربہ نمبر 1

عنوان: بٹن لگانا اور کاج بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ٹچ بٹن، سیپ بٹن، لنک بٹن لگانے اور کاج بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: رفو کرنا، پیوند کاری کرنا اور لائننگ لگانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو رفو کرنے، پیوند کاری کرنے اور لائننگ لگانے کا طریقہ عملی طور پر بتائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: ناپ لینا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو مختلف جگہ کے ناپ لینا کا طریقہ عملی طور پر بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: ڈرافٹنگ کرنا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ڈرافٹنگ کرنے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 5

عنوان: پیٹرن بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو پیٹرن بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

(PREPAIRING CHILD CLOTH) جانگیہ

جانگیہ کی یوں تو بہت سی اقسام ہیں، لیکن فی الحال تین اقسام کے جانگیے دیئے جا رہے ہیں، جو درج ذیل ہیں

i سادہ جانگیہ

ii تکون والا جانگیہ

iii الاسٹک والا جانگیہ

سادہ جانگیہ اور الاسٹک والے جانگیہ میں نیفہ بنے گا۔ جس میں آپ ڈور کر ازار بند کی طرح باندھ دیں۔ یا الاسٹک ڈال سکتے ہیں۔ تکون جانگیہ اور سادہ جانگیہ کا فرق اس طرح ہے۔ کہ درمیان میں تکون ٹکڑا آئے گا۔ جیسا کہ نقطوں والی لائن سے ظاہر ہے۔

الاسٹک والے جانگیہ میں پائنچے کی کٹائی کم ہوتی ہے اور پائنچے اور کمر میں الاسٹک ڈالا جاتا ہے بچے کی ٹانگ اور کمر پیائش کر لیجیے اور اسی کے مطابق الاسٹک ڈالئے۔

سادہ جانگیہ

ضروری ماپ

ہپ	46 cm =
لمبائی	(H124 + 1/3) = 19.8 =
چوڑائی	53.7 / 4(H1/6+H) = 13.4cm =
پائینچے کی لمبائی	(H1/24+H1/6) = 9.6cm =
پائینچے کی چوڑائی	(H1/36+H1/6) = 9cm =
نیفہ	H1/24 = 1.9cm =



تکون جانگیہ

(ضروری ماپ)

ہپ	46 cm=
لمبائی	19.8 cm=
چوڑائی	13.4 cm=
پائینچے کی لمبائی	9.6 cm=
پائینچے کی چوڑائی	9cm=



الاسٹک والا جانگیہ

(ضروری ماپ)

ہپ	46 cm=
لمبائی	19.8 cm=
چوڑائی	13.4 cm=
پائینچے کی چوڑائی	9.0 cm=
پائینچے کی لمبائی	9.6 cm=



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

ڈرافٹ بنانے کے لیے دو بنیادی لائیں اس طرح لگائیں کہ چوڑائی والی لائن لمبائی والی لائن کو کاٹتی ہوئی گزرے۔

1۔جانگیہ کی لمبائی بمطابق فارمولا A تا B 19.8cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔جانگیہ کی چوڑائی نقطہ A سے C بمطابق فارمولا 13.4cm چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

3۔پھر نقطہ C سے D چوڑائی کے بمطابق 13.4cm لائن اور نقطہ C کو D سے ملادیں۔

4۔پائنچہ کی لمبائی نقطہ D سے E بمطابق فارمولا 9.6cm نقطہ D سے اوپر کی جانب ناپ کرلیں۔

5۔پائنچہ کی چوڑائی نقطہ D سے F چوڑائی والی لائن پر بمطابق فارمولا 9cm نشان لگائیں۔

6۔پائنچہ کی گولائی کرنے کے لئے نقطہ E کو F سے ملادیں۔پھر اسی کے درمیان نشان لگا کر 2cm اوپر کی طرف نشان لگا کر نقطہ G لگائیں اب نقطہ E سے گولائی شروع کر کے G سے ملاتے ہوئے F تک مکمل کریں۔پچھلی گولائی کے لئے نقطہ E سے اندر کی جانب 6Cm لیکر F تک ملادیں اور نقطہ H لگائیں۔

7۔نیفہ کیلئے نقطہ A سے نیچے کی جانب 1.9 cm با مطابق فارمولا نشان لگائیں اور نقطہ C سے نیچے کی جانب 1.9 cm ناپ لیں۔اور ان نشانوں کو آپس میں ملادیں۔

بب

(سائز)

چسٹ	= 46cm
بب کی لمبائی	19.2cm (1/12c-1/12cm)=
بب کی چوڑائی	8.3cmنصف16.6cm=1/36c+1/3c=
ٹیک کی لمبائی	13cm=1/36c=
ٹیک کی چوڑائی	0.6cm = 1/72c=
گلے کی گہرائی	7.7cm=1/6c=
گلے کی چوڑائی	6.4=(1.3+1/9)=

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ:

1۔بب کی لمبائی نقطہ A سے B بمطابق فارمولا 19.2cm لمبائی والی لائن پرنشان لگائیں۔

2۔بب کی چوڑائی نقطہ A سے C بمطابق فارمولا 8.3cm چوڑائی والی لائن پرنشان لگائیں۔

3۔نقطہ B سے D چوڑائی کے لئے بمطابق پیائش 8.3cm کی لائن لگائیں۔نقطہ C کو D سے ملادیں۔

4۔ٹیک کی لمبائی نقطہ A سے E لمبائی کی جانب بمطابق فارمولا 1.3cm نشان لگائیں۔

5۔ٹیک کی چوڑائی نقطہ A سے F چوڑائی کی جانب 0.6cm نشان لگائیں۔نقطہ F کو E سے ملادیں۔

6۔گلے کی گہرائی نقطہ E سے G بمطابق فارمولا 7.7cm لمبائی والی لائن پرنشان لگائیں اور نصف لمبائی میں نقطہ H لگائیں۔

7۔گلے کی چوڑائی نقطہ H سے I بمطابق فارمولا 3.2cm لائن لگائیں اب گلے کی گولائی نقطہ E سے شروع کرکے نقطہ 1 سے ملاتے ہوئے نقطہ G تک مکمل کردیں۔

8۔بب کی بیرونی شیپ گولائی کے لئے نقطہ F سے گولائی شروع کریں نقطہ C سے D لائن کے نصف سے چلاتے ہوئے نقطہ B تک مکمل کریں۔

ایپرن

سائز

چیسٹ = 46 cm

فارمولے کے مطابق حساب

کندھے کی لمبائی = 11.5cm = 1/4c

گدی تا کمر = 20cm (3cm - 1/12)c کل لمبائی 38cm

ہاف کراس بیک = 8.9cm = 1/18c + 1/4c

گلے کی چوڑائی = c(1/12چیسٹ) 3.8cm گلے کی گہرائی 3.8cm = 1/12c

چاک کی لمبائی = 7.7cm = 1/6 c

گھیرے کی گولائی کے لیے لمبائی و چوڑائی = 2.5 cm

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

دو بنیادی لائنیں اس طرح لگائیں کہ لمبائی والی لائن کو چوڑائی والی کاٹتی ہوئی گزرے۔

1۔کندھے کی لمبائی نقطہ A سے B بمطابق فارمولا 11.5 cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں اور چوڑائی کے رخ فرضی لائن لگائیں۔

2۔گدی تا کمر نقطہ A سے C بمطابق فارمولا 20cm لمبائی والی لائن پر نشان لگا کر چوڑائی کی طرف فرضی لائن لگائیں۔

3۔کل لمبائی نقطہ A سے D حسب سائز لمبائی کے لئے نشان لگائیں اور بغیر ماپ چوڑائی کی جانب لائن لگا دیں۔

4۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے E بمطابق فارمولا 8.9 cm چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

5۔چیسٹ لائن نقطہ B سے بمطابق فارمولا 13.0 cm چوڑائی کے لیے نشان لگائیں۔نقطہ E کو سیدھا چیسٹ لائین سے ملا دیں۔

6۔گلے کی چوڑائی نقطہ A سے G بمطابق فارمولا 3.8 cm نشان لگا کر اب 1.3cm اوپر کی طرف نشان لگائیں۔

7۔ گلے کی گہرائی نقطہ A سے H بمطابق فارمولا 3.8cm نشان لگائیں اب 1.3cm والے نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ H سے ملادیں۔

8۔کندھے کی شیپ نقطہ E سے 1.3cm نیچے کی طرف نشان لگا کر 6cm باہر کی طرف نشان لگا کر نقطہ I لگائیں۔نقطہ G کو I سے کندھے کی لائن لگائیں اور مونڈے کی گولائی نقطہ I سے شروع کر کے نصف مونڈے سے ملاتے ہوئے نقطہ F سے ملادیں۔

9 ۔دامن کی چوڑائی نقطہ D سے J بمطابق چھاتی لائن چوڑائی کی جانب لائن پر نشان لگائیں اور نقطہ F کو J سے ملادیں۔

10۔کمر کی شیپ کے لیے 1.3cm کمر لائن پر اندر کی طرف نشان لگائیں نقطہ K لگائیں نقطہ F کو R سے ملادیں۔

11۔چاک کی لمبائی نقطہ J سے L بمطابق فارمولا نشان 7.7cm لگائیں نقطہ K کو L سے ملاتے ہوئے نصف چاک 6cm. باہر کی طرف نشان لگائیں.

12۔گھیرے کی شیپ نقطہ J سے چوڑائی ولمبائی دونوں جانب 2.6cm نشان لگائیں اب 0.6cm سے گولائی کرتے ہوئے لمبائی والے 2.6cm سے چلاتے ہوئے چوڑائی والے 2.6cm سے ملادیں

ایپرن اور بب بنانا

بچوں کو کھانا کھلاتے وقت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے انکے لباس کو کھانے کے دھبوں سے بچانے کیلئے آپ نئی طرز کا ایپرن بنائیں۔ یہ ایپرن دو قسم کے کپڑے سے بنایئے۔ پہلا ہلکے گلابی رنگ کا تولیہ نما کپڑا اور دوسرا نیلے رنگ کی کاٹن۔

دو سال کے بچے یا بچی کیلئے آپ پونا گز تولیے کا بر دار کپڑا لیں جو آٹھ انچ چوڑا ہو۔آٹھ انچ کاٹن کا کپڑا لیں وہ بھی آٹھ انچ چوڑا ہو۔دونوں کو درمیان میں سے سی لیں اب پیائش کے مطابق نشان لگا کر کٹنگ کریں کاٹنے کے بعد گہرے نیلے رنگ کی پٹی اس ایپرن کے چاروں طرف لگادیں پھر اتنی ہی پیائش کا پچھلا حصہ کاٹیں مگر اس میں رنگدار کاٹن نہیں لگے بلکہ پچھلا حصہ سارا بر دار تولیے نما کپڑے کا بنے گا بب کو بھی پیائش کے مطابق کاٹیں۔

بب کا استعمال

اکثر بچوں کے منہ سے رال بہتی رہتی ہے یا پھر وہ دودھ پیتے وقت یا کوئی چیز چوستے ہوئے اپنے کپڑے خراب کردیتے ہیں۔اس لئے بچوں کے فراک وغیرہ کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے بب کا استعمال کرتے ہیں۔

پیمائش

لمبائی	=	11انچ
چوڑائی	=	9انچ
گلے کی گہرائی	=	3انچ
چوڑائی	=	3انچ
ربن کی لمبائی	=	8انچ
چوڑائی	=	7انچ

دی گئی پیائش کے مطابق بب کاٹ لیں اور پھر گلا تراشیں۔ گلے پر اس رنگ کی یا قدرے گہرے رنگ کی پائپنگ لگائیں۔باقی چاروں طرف نصف انچ موڑ کر ترپائی کریں۔قدرے گہرے رنگ کے ربن لیں اور دو حصے کریں۔دونوں حصوں کو گلے کے دونوں طرف ٹانک دیں۔آپ بچے کو کھانا کھلاتے وقت یہ بب باندھ دیں۔اس سے کپڑے گندے ہونے سے بچ جائیں گے۔بب بنانے کے لیے دس انچ لمبااور 9انچ چوڑا کپڑا درکار ہے۔آپ پہلے کاغذ پر بب کا نقشہ بنالیں اور پھر اس خاکے کی مدد سے بب تراشیں۔ کناروں پر ترپائی کریں۔پھرلیس لگائیں یا پھر کٹ ورک کے طریقوں کے بنائیں۔پچھلے حصے پر ربن لگا کر وہ باندھ دیں یا کاج بٹن کریں۔


8.3cm
A
C
E
F
6.4cm
G
B
D




A
N
B
13cm
F
C
L
D

فیڈر

(سائز)

1-مونڈے کی لمبائی =	1/4 سم چھاتی	= 11.5 سم
2- گدی تا کمر =	1/2 چھاتی	= 23 سم
3- کل لمبائی =	چھاتی -1/6 چھاتی	= 38.6 سم
4- ہاف کراس بیک=	چھاتی 1/4 - چھاتی 1/18	= 8.9 سم
5-چھاتی لائن =	چھاتی 1/4 + چھاتی 1/12	= 15.3 سم
6- گلے کی چوڑائی =	چھاتی 1/12 + چھاتی 1/12	= 3.8 سم
7- گلے کی گہرائی =	1/12 چھاتی	= 3.8 سم
8- چاک کی لمبائی=	7.7 سم	
9- گھیرے کی گولائی=	1/18 چھاتی	= 2.5 سم
10- گھیرے کی چوڑائی=	چھاتی 1/2 - چھاتی 1/36	= 21.7 سم
11-چھاتی =	46 سم	

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

دو بنیادی لائینیں اس طرح لگائیں کہ لمبائی والی لائن چوڑائی والی لائن کا کاٹتی گزرے۔

1- مونڈے کی لمبائی نقطہ A سے B بمطابق سائز 11.5 سم لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں اور چوڑائی کے رخ بغیر ماپ کے لائن لگا دیں۔

2- گدی تا کمر نقطہ A سے C بمطابق سائز 23 سم لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں اور چوڑائی کے رخ فرضی لائن لگا دیں۔

3- کل لمبائی نقطہ A سے D بمطابق سائز 46 سم پر نشان لگائیں اور بغیر ماپ کے چوڑائی کی جانب لائینیں لگا دیں۔

4- ہاف کراس بیک نقطہ A سے بمطابق سائز 8.9 سم چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں پھر نقطہ E لگائیں۔

5- چھاتی لائن نقطہ B سے F بمطابق سائز 15.3 سم چوڑائی کیلئے نشان لگائیں پھر نقطہ F کو سیدھا چھاتی لائن سے ملادیں۔

6- گلے کی چوڑائی نقطہ A سے G بمطابق سائز 3.8 سم کا نشان لگا کر 1.3 سم اوپر کی جانب نشان لگائیں۔

7- گلے کی گہرائی نقطہ A سے H بمطابق سائز 3.8 سم پر نشان لگائیں اب 1.3 سم والے نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ A سے ملادیں۔

8- کندھے کی شیپ نقطہ E سے 1.3 سم نیچے کی طرف نشان لگا کر 6 پوائنٹ باہر کی طرف نشان لگا کر نقطہ I لگائیں۔اب نقطہ G کو نقطہ g کندھے کی لائن سے ملادیں۔اور مونڈھے کی گولائی نقطہ g سے شروع کر کے نصف مونڈے سے ملاتے ہوئے نقطہ F سے ملادیں۔

9- دامن کی چوڑائی D سے J بمطابق چھاتی کی لائن چوڑائی کی جانب نشان لگائیں۔پھر نقطہ F کو نقطہ J سے ملادیں

10- کمر کی شیپ کیلئے 1.3 سم کمر لائن پر اندر کی طرف نشان لگا کر نقطہ K لگائیں۔اب F کو K سے ملادیں

11- چاک کی لمبائی نقطہ J سے L بمطابق سائز 7.7 سم پر نشان لگائیں اور نقطہ K کو نقطہ L سے ملاتے ہوئے نصف چاک پر نشان لگا کر 6. پوائنٹ باہر کی طرف نشان لگائیں۔گھیرے کی نصف نقطہ J سے چوڑائی و لمبائی دونوں جانب 2.6 سم کا نشان لگائیں۔اب 6. پوائنٹ سے گولائی کرتے ہوئے لمبائی والے 2.6 سم ملاتے ہوئے چوڑائی والے 2.6 سم سے ملادیں۔

عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i۔اکثر بچوں کے منہ سے........................ بہتی رہتی ہے۔

ii۔دودھ پیتے وقت یا کوئی چیز.................... وقت بچے کو اپنے کپڑوں کو خراب کر لیتے ہیں۔

iii۔بچوں کو کھانا کھلاتے وقت........................ کی ضرورت ہوتی ہے۔

iv۔اپیرن دو قسم کے کپڑے سے بنائے جاتے ہیں، جن میں پہلا ہلکے گلابی رنگ کا تولیہ نما کپڑا اور دوسرا .... رنگ کی کاٹن۔

سوال نمبر 2 درج ذیل سوالات میں سے درست کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i۔بب کے چار حصے ہوتے ہیں۔ (ص/غ)

ii۔بب بچے کو کھانا کھلاتے وقت باندھا جاتا ہے (ص/غ)

iii۔بب کے تراشیں کناروں پر ترپائی کریں (ص/غ)

iv۔بب ہر عمر کے بچوں کے لیے استعمال ہوتا ہے (ص/غ)

v۔بب پر ڈیزائنگ کرنی چاہیے۔ (ص/غ)

سوال نمبر 3 بچوں کو کھانا کھلاتے وقت کیا باندھے چاہیے۔

سوال نمبر 4 بب باندھنے کے فوائد بیان کریں۔

سوال نمبر 5 بب بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر 6 دیئے گئے سوالات میں سے صحیح جواب کے آگے ( ) نشان لگائیں۔

I۔بب **مشتمل** ہوتا ہے۔

i۔چار حصوں پر ii۔دو حصوں پر iii۔ایک حصے پر

II۔بب بنانے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

i۔ریشمی کپڑا ii۔سلکی کپڑا iii۔بردار کپڑا

III۔بچوں کو اپرن بنانے کے لیے موزوں رنگ

i۔کالا ii۔سرخ iii۔ہلکا گلابی

تجربہ نمبر 1

تاریخ:	عنوان: جانگیہ بنانا

انسٹرکٹر ٹرینی کو مختلف قسم کے جانگیے بنانے کا طریقہ عملی طور پر بتائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: بب بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو بب بنانے کا طریقہ عملی طور پر بتائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: ایپرن بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو ایپرن بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: فیڈ ربنانا	تاریخ:
انسٹرکٹر ٹرینی کو فیڈ ربنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔	
Trainee Signature	
Instructor's Remarks	
Instructor's Signature	

اریب فراک

46Cm		=	چیسٹ
38.3Cm=	(C1/6-CHEST)	=	کل لمبائی
11.5Cm=	(C1/4)	=	کندھے کی گہرائی
8.9Cm=	(C1/8-C1/4)	=	ہاف کراس بیک
14.1Cm=	(C1/18+C1/4)	=	چیسٹ لائن
4.4Cm=	(C1/72+C1/12)	=	گلے کی چوڑائی
6.4Cm=	(C1/36+C1/9)	=	اگلے گلے کی گہرائی
2.6Cm=	(C1/18)	=	پچھلے گلے کی گہرائی
21.7Cm=	(C1/36-C1/2)	=	گھیرے کی چوڑائی
1.3Cm=		=	گھیرے کی شیپ



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

ڈافٹ بنانے کے لیے دو بنیادی لائنیں لگائیں ایک لمبائی کی طرف اور دوسری چوڑائی کے رخ۔

1۔کندھے کی لمبائی نقطہ A سے B بمطابق فارمولا11.5 Cm لمبائی والی لائن پرنشان لگائیں۔

2۔کل لمبائی نقطہ A سے C بمطابق فارمولا38.3Cm لمبائی والی لائن پرنشان لگائیں۔

3۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے D بمطابق فارمولا8.9Cm چوڑائی والی لائن پرنشان لگائیں۔

4۔چھاتی لائن نقطہ B سے E بمطابق فارمولا14.1 Cm لائن لگا کرنشان لگائیں۔نقطہ D کو سیدھا چھاتی لائن پر ملادیں۔

5۔گلے کی چوڑائی نقطہ A سے F بمطابق فارمولا4.4Cm چوڑائی والی لائن پرنشان لگا کر1.3Cm اوپر کی طرف نشان لگائیں پچھلے گلے کی گہرائی نقطہ A سے G بمطابق فارمولا2.6Cm لمبائی کی جانب نشان لگائیں نقطہ F سے گولائی کرتے ہوتے نقطہ G سے ملادیں۔

6۔کندھے کی ترچھاوٹ کے لئے نقطہ D سے1.3Cm نیچے کی طرف نشان لگا کر6Cm باہر کی طرف نشان لگائیں نقطہ F کو H سے ملادیں مونڈے کی گولائی نقطہ H سے شروع کر کے نصف مونڈے سے ملاتے ہوئے نقطہ E تک ملایں۔

7۔اگلے گلے کی گولائی کے لئے نقطہ A سے i فارمولے کے مطابق6.4Cm نشان لگا کر نقطہ F سے گولائی شروع کر کے نقطہ i تک مکمل کریں۔

8۔گھیرے کے لئے نقطہ C سے J بمطابق فارمولا21.7 Cm چوڑائی کی جانب لائن لگائیں نقطہ E کو J سے ملادیں۔

9۔گھیرے کی چوڑائی کیلئے بامطابق فارمولا نقطہ C سے نقطہ J تک 21.7 Cm چوڑائی کی جانب لائن لگائیں۔اور نقطہ J کو نقطہ E سے ملادیں۔

10۔گھیرے کی شیپ کیلئے نقطہ C سے1.3Cm نیچے کی جانب لیتے ہوئے گھیرے کی شیپ کریں۔

یوک فراک

چیسٹ		46Cm=
کُل لمبائی	=(چیسٹ -C1/9)	40.9Cm=

کندھے کی لمبائی	(C1/4)=	11.5 Cm=
ہاف کراس بیک	(C1/36-C1/4)=	10.2 Cm=
چیسٹ لائن	(C1/36+C1/4)=	14.1 Cm=
گلے کی چوڑائی	(C1/12)=	3.8 Cm=
گلے کی گہرائی	(C1/9)=	5.1 Cm=
فرل کی چوڑائی	چیسٹ لائن سے دوگنی	28.2 Cm=



آستین

آستین کی چوڑائی	=(C1/4)	11.5Cm=
آستین کی لمبائی	=(C1/3)	15.3Cm=
آستین کی اندرونی لمبائی	=(C1/2)	3.8Cm=
موہری کی شیپ	=(C1/18)	2.6Cm=



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ:۔

1۔ نقطہ A سے B مونڈے کی لمبائی بمطابق فارمولا 11.5 Cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔ نقطہ A سے C کل لمبائی بمطابق فارمولا 40.9 Cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

3۔ ہاف کراس بیک نقطہ A سے D بمطابق فارمولا 10.2 Cm چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

4۔ چھاتی لائن نقطہ B سے E بمطابق فارمولا 14.1 Cm چوڑائی کی جانب لائن لگائیں نقطہ D کو سیدھا چھاتی لائن سے ملادیں۔

5۔ گلے کی چوڑائی نقطہ A سے F بمطابق فارمولا 3.8 Cm نشان لگا کر 1.3Cm اوپر کی طرف نشان لگائیں اس نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ A سے ملادیں۔

6۔ کندھے کی شیپ نقطہ D سے 1.3Cm نیچے کی طرف نشان لگا کر 6Cm باہر کی طرف نشان نقطہ G لگائیں نقطہ F کو G سے ملادیں ۔مونڈے کی گولائی کے لئے نقطہ G سے گولائی شروع کر کے نصف مونڈے سے ملاتے ہوئے نقطہ E تک گولائی کر دیں۔

7۔ نقطہ A سے H بمطابق فارمولا 5.1Cm گلے گلے کی گہرائی کے لئے نشان لگائیں نقطہ F سے گولائی شروع کر کے نقطہ H سے ملادیں۔

8۔ فرل کی چوڑائی نقطہ B سے i باڈی کی چوڑائی سے دوگنی 28.2Cm لائن لگائیں۔

9۔ نقطہ C سے J دامن کی چوڑائی 28.2Cm لائن لگائیں نقطہ i کو J سے ملادیں۔

نوٹ= یوک فراک کا بنیادی اصول یہ ہے کہ اس کی مونڈے کی کٹائی فرل میں جا کر پوری ہوتی ہے اس لئے یوک میں سے فرل کی لمبائی حسب پسند لی جاسکتی ہے۔

10۔ یوک سے فرل کی لمبائی کے لئے نقطہ B سے اوپر کی جانب 2.6Cm نشان لگا کر نقطہ K لگائیں اور دوسری طرف نقطہ i سے L لگائیں پھر نقطہ K کو L سے ملادیں فرل میں مونڈے کی کٹائی نقطہ L سے M چوڑائی کی جانب بمطابق پیائش 3.1Cm نشان لگائیں پھر نقطہ M سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ i سے ملادیں۔گھیرے کی شیپ نقطہ i سے ملادیں۔گھیرے کی شیپ نقطہ C سے 1.3Cm نیچے کی طرف نشان لگائیں اور اس نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔

باڈی فراک

چیسٹ		46Cm=
کُل لمبائی	=(C1/9-46)	40.9Cm=
کندھے کی لمبائی	=(C1/4)	11.5Cm=
باڈی کی لمبائی	=(C1/18-C1/2)	20.4Cm=

ہاف کراس بیک =(C1/36-C1/4)= 10.2Cm=

چیسٹ لائن =(C1/18+C1/4)= 14.1Cm=

گلے کی گہرائی =(C1/9)= 5.1Cm=

گلے کی چوڑائی =(C1/12)= 3.8Cm=

فرل کی چوڑائی =(باڈی کی چوڑائی کا دوگنا)=28.2Cm=

آستین:

آستین کی چوڑائی = (c 1/4) = 11.5 Cm

آستین کی لمبائی = (c1/4) = 11.5 Cm

آستین کی اندرونی لمبائی = (c 1/12) = 3.8 Cm





ڈرافٹ بنانے کا طریقہ۔

دو بنیادی لائنیں اس طرح لگائیں کہ چوڑائی والی لائن لمبائی والی لائن کو کاٹتی ہوئی گزرے۔

1۔نقطہ A سے B کندھے کی لمبائی بمطابق فارمولا11.5 Cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔باڈی کی لمبائی نقطہ A سے C بمطابق فارمولا20.4 Cm لمبائی لائن پر نشان لگائیں۔

3۔۔کل لمبائی نقطہ A سے D بمطابق لمبائی40.9 Cm لمبائی کے لئے نشان لگائیں۔

4۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے E بمطابق فامولا10.2 Cm چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

5۔ چھاتی لائن نقطہ B سے F بمطابق فارمولا14.1 Cm چوڑائی کی جانب لائن لگائیں پھر نقطہ E کو چھاتی لائن پر ملادیں۔

6۔باڈی کی چوڑائی بمطابق چھاتی لائن نقطہ C سے G 14.1 Cm لائن لگائیں نقطہ F کو G سے ملادیں۔
پھر نقطہ G سے 1.3 Cm کمر کی شیپ کے لئے اندر کی طرف نشان لگا کر نقطہ F کو 1.3 Cm سے ملادیں۔

7۔گلے کی چوڑائی نقطہ A سے بمطابق فارمولا3.8 Cm نقطہ H لگائیں اور 1.3 Cm اوپر کی طرف نشان لگائیں 1.3 Cm سے گولائی شروع کرکے A سے ملادیں۔

8۔ گلے کی گہری کے لیے نقطہ A سے نقطہ J تک با مطابق فارمولا5.1 Cm کا نشان لگا کر نقطہ H کو گولائی کرتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔

9۔نقطہ D سے نقطہ K تک دامن کی چوڑائی لیں۔اور نقطہ K کو L نقطہ سے ملادیں۔

10۔گھیرے کی شیپ کے لئے نقطہ D سے 1.3 Cm نیچے کی جانب لیں اور گھیرے کی شیپ کرنے کو نقطہ K سے ملادیں۔

آستین

1- نقطہ A سے نقطہ B تک آستین کی لمبائی با مطابق فارمولا11.5 Cm لیں۔

2- آستین کی چوڑائی نقطہ A سے نقطہ C تک با مطابق فارمولا11.5 Cm چوڑائی کی جانب نشان لگائیں۔

3- نقطہ B سے نقطہ D تک با مطابق پیائش11.5 Cm نشان لگائیں اور نقطہ D تک سیدھا ملادیں۔

4- نقطہ A سے نقطہ C تک با مطابق پیائش 3.8 Cm نشان لگائیں اور نقطہ E لگائیں۔

5- اب ان نشانوں کو ملاتے ہوئے کندھے کی گولائی مکمل کریں۔اور نقطہ D سے اندر کی جانب 1.3 Cm لیں اور نقطہ E سے ملادیں۔



امبریلا فراک

فارمولے کے مطابق حساب

چیسٹ	=		46 Cm
کندھے کی لمبائی	=	(C1/4)	11.5Cm =
کل لمبائی		(C1/9-چیسٹ)	40.9 Cm=
باڈی کی لمبائی	=	(C1/9-C1/2)	17.9 Cm=
ہاف کراس بیک	=	(C1/36-C1/4)	10.2 Cm=
چیسٹ لائن	=	(C1/18+C1/4)	14.1 Cm=
گلے کی گہرائی	=	((C1/9)	5.1 Cm=
گلے کی چوڑائی	=	(C1/12)	3.8 Cm=
فرل کی چوڑائی	=	بمطابق	راؤنڈ سرکل گھیرا

اپف آستین

آستین کی لمبائی	=	(C1/3)	15.3 Cm
آستین کی چوڑائی	=	(C1/4)	11.5 Cm
آستین کی اندرونی لمبائی	=	(C1/12)	3.8 Cm

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

دو بنیادی لائینں اسطرح لگائیں ۔ کہ چوڑائی کی لائن لمبائی کی لائن کو کراس کرتے ہوئے گزرے ۔

1- نقطہ A سے نقطہ B تک کندھے کی لمبائی با مطابق فارمولا 11.5 Cm لیں ۔

2- نقطہ A سے نقطہ C تک نیچے کی جانب 17.9 Cm باڈی کی لمبائی لیں ۔

3- ہاف کراس بیک نقطہ A سے نقطہ D تک فارمولے کے مطابق 10.2 Cm کا نشان لگائیں ۔

4- چیسٹ لائن نقطہ B سے نقطہ E تک با مطابق فارمولا 14.1 Cm لیں اور نقطہ D سے نیچے کی جانب سیدھا چسٹ لائن سے ملادیں ۔

5- کمر کی لائن نقطہ C سے نقطہ F تک سیدھا ملادیں ۔ اور نقطہ E کو نقطہ F سے ملادیں ۔

6- ٹیک کی چوڑائی کے لئے نقطہ A سے چوڑائی کی جانب با مطابق فارمولا 3.8 Cm نشان لگائیں ۔ اور 1.3 Cm اوپر کی جانب اٹھائیں ۔ نقطہ G کا نشان لگائیں ۔ نقطہ G کو گولائی کرتے ہوئے نقطہ A سے ملادیں ۔

7- کندھے کی شیپ نقطہ D سے نیچے کی جانب 1.3 Cm نشان لگا کر 6. Cm باہر کی جانب نقطہ H لگائیں ۔ اب G کو H سے ملادیں ۔ نقطہ H سے گولائی شروع کرتے ہوئے نصف کندے سے ملاتے ہوئے نقطہ E سے ملادیں ۔

8- نقطہ A سے نقطہ I تک نیچے کی جانب با مطابق فارمولا 5.1 Cm اگلے گلے کی گہرائی کا نشان لگائیں ۔ اور نقطہ A کو گولائی کرتے ہوئے I سے ملادیں ۔

آستین

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

1- نقطہ A سے نقطہ B تک فارمولے کے مطابق 15.3 Cm لمبائی کی لائن پر لیں ۔

2- نقطہ B سے نقطہ C تک چوڑائی کی جانب Cm 11.5 یا مطابق فارمولا لیں۔

3- اندرونی لمبائی کے لئے نقطہ C سے نقطہ D تک فارمولے کے مطابق Cm 3.8 لیں۔ اب نقطہ A کو نقطہ D سے فٹ کی مدد سے ملائیں۔ اس لائن کے نصف میں Cm 2 اوپر اٹھائیں اور نقطہ A سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ D تک لے جائیں۔

4- نقطہ A سے نقطہ D تک کی لائن کو تین حصوں میں تقسیم کریں۔ پہلی تہائی سے Cm 2 کاٹتے ہوئے دوسری تہائی سے ملاکر تیسری تہائی سے نصف میں Cm 6. نیچے کی جانب لے کر اور نقطہ E تک گولائی میں مکمل کریں

5- موہری کی شیپ کے لئے نقطہ B سے اوپر کی جانب Cm 2.5 نشان لگا کر نقطہ C سے ملادیں۔





فرل بنانے کا طریقہ

امبریلہ فراک کی فرل نقطہ A سے نیچے کی جانب با مطابق فارمولا کمر کی لمبائی نقطہ B تک Cm 8.1 کا نشان لگائیں۔ اور نقطہ B سے نقطہ C تک ترچھی لائن لیتے ہوئے Cm 1.3 نیچے گرا کر گولائی دیں۔ مگر یاد رہے کہ نقطہ A سے نقطہ B تک لمبائی کی طرف نقطہ A سے C تک چوڑائی کی طرف فاصلہ برابر ہو۔ اب نقطہ B سے فارمولے کے مطابق فرل کی لمبائی Cm 23 نقطہ D تک لیں۔ اور چوڑائی کی جانب نقطہ C سے نقطہ E تک Cm 23 کا نشان لگائیں۔ نقطہ D کو نقطہ E سے ملاتے ہوئے گولائی مکمل کر دیں۔



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

1۔کندھے کی لمبائی بمطابق فارمولا نقطہ A سے B 11.5Cm لمبائی والی لمبائی پر نشان لگائیں۔

2۔باڈی کی لمبائی نقطہ A سے C بمطابق فارمولا 17.9Cm لمبائی والی لائیں پر نشان لگائیں۔

3۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے D بمطابق فارمولا 10.2Cm چوڑائی والی لائن پر لگائیں۔

4۔چھاتی لائن نقطہ C سے E بمطابق فارمولا 14.5Cm میں پھر نقطہ D کو سیدھا چھاتی لائن پر ملادیں۔

5۔کمر لائن نقطہ C سے F بمطابق چھاتی لائن 14.1 Cm لائن لگائیں نقطہ E کو F سے ملادیں کمر کی شیپ نقطہ F سے 1.3Cm اندر کی طرف نشان لگائیں نقطہ F کو 1.3Cm سے ملادیں۔

6۔گلے کی چوڑائی نقطہ A سے G بمطابق فارمولا 3.8Cm نشان لگا کر 1.3Cm اوپر کی طرف نشان لگائیں نقطہ G سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ A سے ملادیں۔

7۔کندھے کی شیپ نقطہ D سے 1.3Cm نیچے کی طرف نشان لگا کر 6Cm باہر کی طرف نشان لگا کر نقطہ H لگائیں نقطہ G کو H سے ملادیں اب نقطہ H سے کندھے کی گولائی شروع کر کے نصف کندھے سے ملاتے ہوئے نقطہ E سے ملادیں۔

8۔اگلے گلے کی گہرائی نقطہ A سے I بمطابق فارمولا 5.1Cm نشان لگائیں نقطہ G سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ I سے ملادیں۔ راؤنڈ فرل=

نوٹ۔راؤنڈ فراک کی فرل بمطابق کمر فرل کی اوپر سے چوڑائی اور گھیر احسبِ پسند لیا جاتا ہے۔

1۔اگر کمر 12.8 Cm ہو تو ترچھی لائن نقطہ B سے C 1.3Cm کم لیں گے یاد رہے کہ نقطہ A سے B لمبائی اور نقطہ A سے C چوڑائی فاصلہ برابر رکھیں فرض کیا اگر ایک سائیڈ 8Cm رکھتے ہیں تو دوسری سائیڈ بھی 8Cm ہی ہوگی نقطہ C سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ B تک مکمل کریں۔زاویہ یا ٹیپ کی مدد سے چیک کریں کہ گولائی کمر لائن کے بمطابق ہے یا کمی بیشی۔ایسی صورت میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔

2۔فرل کی لمبائی کل لمبائی۔باڈی کی لمبائی 23. Cm لمبائی طرف اور چوڑائی کی طرف نشان لگائیں۔نقطہ B سے D اور نقطہ C سے E اور نقطہ E سے D تھوڑے فاصلہ پر کمر لائن کی مدد سے 23 Cm لمبائی کے نشان لگائیں پھر ان نشانات کی مدد سے گولائی مکمل کر دیں۔

سادہ کرتا

چیسٹ	=	46Cm
دامن کی چوڑائی	=	20.4Cm=(c1/18+c1/2)
نصف	=	10.2Cm
گلے کی چوڑائی وگہرائی	=	3.8Cm=(c1/2)
پٹی کی چوڑائی	=	1.3Cm=(c1/36)
پٹی کی لمبائی	=	14.1Cm=(c1/8+c1/4)
آستین کی چوڑائی	=	11.5Cm=(c1/4)
آستین کی لمبائی	=	25.6Cm=(c1/18+c1/2)
گلے کی اوپر سے چوڑائی	=	3.8Cm=(c1/12)
کلی کی نیچے سے چوڑائی	=	9.6Cm=(c1/24+c1/6)
چوکوٹی کی لمبائی و چوڑائی	=	5.1Cm=(c1/9)



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ:۔

دو بنیادی لائنیں اس طرح لگائیں کہ چوڑائی والی لائن لمبائی والی لائن کو کراس کرتی ہوئی گذرے۔

1۔کرتے کی لمبائی کے لئے نقطہ A سے نقطہ B تک فارمولے کے مطابق 46 Cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے نقطہ C تک 10.2 Cm بمطابق فارمولا چوڑائی کی جانب نشان لگائیں نقطہ B سے D بمطابق چوڑائی 10.2 Cm نشان لگا کر نقطہ C کو D سے ملا دیں۔

3۔ گلے کی چوڑائی کے لئے نقطہ A سے نقطہ E بمطابق فارمولا 3.8 Cm چوڑائی کی جانب نشان لگائیں اور گلے کی گہرائی کے لئے نقطہ A سے F تک پیائش کے مطابق 3.8 Cm لمبائی کی جانب لیں نقطہ E سے گولائی شروع کر کے نقطہ F تک ختم کریں۔

4۔پٹی کی لمبائی کے لئے فارمولے کے مطابق 14.1 Cm نقطہ F سے نقطہ G تک نشان لگائیں اب پٹی کی چوڑائی 1.3 Cm اندر کی جانب لیں نقطہ F سے نقطہ G سے ملاتے ہوئے 6 Cm. نیچے ترچھی لائن بنا دیں

5۔آستین کی لمبائی فارمولے کے مطابق 25.6 Cm نقطہ C سے نقطہ H تک نشان لگائیں ۔بازو کی چوڑائی C سے نیچے کی جانب 11.5 Cm نقطہ J لگائیں اور نقطہ H سے نیچے کی جانب نقطہ I لگائیں۔آستین کو مکمل کرنے کے لئے نقطہ I کو نقطہ H تک ملائیں۔

6 ۔کلی کی اوپر سے چوڑائی نقطہ J سے نقطہ K تک بمطابق فارمولا 3.8 Cm چوڑائی کی جانب نشان لگائیں ۔کلی مکمل کرنے کے لئے نقطہ D سے نقطہ L تک 9.6 Cm لیں نقطہ K کو نقطہ L سے فٹ کی مدد سے ملا دیں۔

7۔چوکوٹی کے لئے نقطہ K سے نقطہ M تک چوڑائی کی جانب اور نقطہ K سے نقطہ N تک لمبائی کی جانب بمطابق فارمولا 5.1 Cm تک نشان لگائیں اور نقطہ M کو نقطہ N سے ملا دیں۔

8۔بازو کی شیپ کے لیے 1.3 Cm نقطہ O سے اوپر کی جانب نشان لگائیں اور اس نشان کو فٹ کی مدد سے نقطہ M سے ملا دیں۔

عملی مشق

سوال نمبر 1 خالی جگہ پر کریں۔

i۔ یوک فرک میں مونڈے کی کٹائی..............میں جا کر پوری ہوتی ہے۔

ii۔ اریب فراک میں کل لمبائی بمطابق فارمولا.........................ہوتی ہے۔

iii۔ اریب فراک میں گھیرے کی چوڑائی بمطابق فارمولا.........................ہوتی ہے۔

iv۔ امبر یلا فراک میں کندھے کی لمبائی بمطابق فارمولا.........................ہوتی ہے۔

v۔ امبر یلا فراک میں آستین کی اندورنی لمبائی بمطابق فارمولا.........................ہوتی ہے۔

سوال نمبر 2 درست جواب کے سامنے (ص) اور غلط کے سامنے (غ) کا نشان لگائیں۔

i۔ یوک میں سے فرل کی لمبائی حسب پسند لی جا سکتی ہے۔ (ص/غ)

ii۔ امبر یلا فراک میں گلے کی چوڑائی اور آستین کی اندورنی لمبائی برابر ہوتی ہے۔ (ص/غ)

iii۔ اریب فراک پچھلے گلے کی لمبائی (C1/9) ہوتی ہے۔ (ص/غ)

iv۔ باڈی فراک میں گلے کی چوڑائی (C1/9) ہوتی ہے۔ (ص/غ)

v۔ سادہ کرتا میں آستین کی چوڑائی (C1/6) ہوتی ہے۔ (ص/غ)

سوال نمبر 3 اریب فراک میں مختلف حصوں کی لمبائی چوڑائی کے فارمولے لکھیں۔

سوال نمبر 4 سادہ کرتا میں مختلف حصوں کی لمبائی چوڑائی کے فارمولے لکھیں۔

سوال نمبر 5 یوک فراک کے ڈرافٹ بنانے کا طریقہ لکھیں۔

سوال نمبر 6 باڈی فراک کے ڈرافٹ بنانے کا طریقہ لکھیں۔

تجربہ نمبر 1

تاریخ:	عنوان: اریب فراک بنانا

انسٹرکٹر ٹرینی کو اریب فراک بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: یوک فراک بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو یوک فراک بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: باڈی فراک بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو باڈی فراک بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature

Instructor's Remarks

Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: امبریلا فراک بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹرٹرینی کو امبریلا فراک بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 5

عنوان: سادہ کرتا بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو سادہ کرتا بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

رونمپر

رونمپر

چھاتی	=	46cm
مونڈے کی لمبائی	=	1/4 چھاتی=11.5cm
کل لمبائی	=	چھاتی-1/6 چھاتی=38.4cm
ہاف کراس بیک	=	1/4 چھاتی -1/36 چھاتی=10.2cm
چھاتی لائن	=	1/4 چھاتی+1/18 چھاتی14.1cm
گلے کی چوڑائی	=	1/12 چھاتی=3.8cm
گلے کی گہرائی	=	1/9 چھاتی=5.1cm
میانی کی لمبائی	=	1/36 چھاتی=1.3cm
پائنچے کی شیپ	=	1/18 چھاتی=2.6cm
لمبائی آستین	=	1/4 چھاتی +1/36 چھاتی=12.8cm
چوڑائی آستین	=	1/4 چھاتی=11.5cm
کندھے کی گولائی	=	1/36 چھاتی=1.2cm
موہری کی شیپ	=	1/36 چھاتی=1.3cm

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

1۔نقطہ A سے B کندھے کی لمبائی بمطابق فارمولا 11.5cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔کل لمبائی نقطہ A سے C 38.3cm بمطابق فارمولا لمبائی کے لئے نشان لگائیں۔

3۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے D بمطابق فارمولا 10.2cm چوڑائی کی جانب نشان لگائیں۔

4۔ چھاتی لائن نقطہ B سے E بمطابق فارمولا 14.1cm چوڑائی کی جانب نشان لگائیں نقطہ D کو چھاتی لائن پر سیدھا ملادیں۔

5۔ گلے کی چوڑائی نقطہ A سے F بمطابق فارمولا 3.8cm اوپر کی طرف نشان لگائیں۔ پھر اس نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ A سے ملادیں۔

6۔ کندھے کی شیپ نقطہ D سے 1.3cm کی طرف نشان لگا کر 6cm باہر کی طرف نشان لگا کر نقطہ G لگائیں۔ نقطہ F کو G سے ملادیں

7۔ گلے کی لمبائی نقطہ A سے H بمطابق فارمولا 5.1cm نشان لگائیں نقطہ F سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ H سے ملادیں۔

8۔ دراز یعنی فرل کی لمبائی نقطہ E سے J بمطابق فارمولا 21.7cm لیں اور اس طرح نقطہ I سے K 21.7cm لائن لگائیں نقطہ J کو K سے ملادیں۔

9۔ دراز کی چوڑائی نقطہ E سے J بمطابق فارمولا 21.7cm لیں اور اس طرح نقطہ I سے K، 21.7cm لگائیں نقطہ L کو M سے ملادیں۔

10۔ نقطہ J سے 26cm اوپر کی طرف نقطہ L لگائیں اور نقطہ E سے 2.6cm اوپر کی طرف نقطہ M لگائیں۔ L نقطہ L کو M سے ملادیں۔

11۔ پائنچہ کی شیپ نقطہ I سے 2.6cm اوپر کی طرف نشان لگا کر نقطہ N لگائیں اور نقطہ K سے 1.3cm نیچے کی طرف نشان لگا کر 3.8cm چوڑائی کی طرف لائن لگا کر نقطہ O لگائیں نقطہ N سے شیپ کرتے ہوئے نقطہ O سے ملادیں۔



بچگانہ نیکر

ضروری ماپ

لمبائی = 35 cm

بیرونی لمبائی = (3.8 Belt-Length) = 31.2 cm

کمر = 62 cm

ہپ	64 cm =
پائینچہ	51 cm =
فوک کی لمبائی	17.5 cm = (H1/3-3.8 Belt) =
اگلے حصے میں لوز	5.3 cm =
پچھلے حصے میں لوز	3.3 cm =
ہپ لائن	16. cm = (H1/4) =
اگلے پائینچے کی چوڑائی	23 cm =
پچھلے پائینچے کی چوڑائی	28 cm =



فارمولے کے مطابق حساب

فرنٹ کمر

اندرونی سائیڈ سے فرنٹ کمر پر ڈاٹ کا فاصلہ 5.6cm پہلی ڈاٹ 2.5cm

بیک کمر

دوسری پیلٹ کے لئے فاصلہ 5cm بیرونی سائیڈ سے بیک کمر پر بیلٹ کا فاصلہ 6.3cm ڈاٹ 1.9cm

بچگانہ نیکر کی جیب

جیب لمبائی	22.5cm=
چوڑائی	15.3cm=
اندر سے	1.3cm=
شیپ	4.4cm= چوڑائی اور لمبائی



فلائی

لمبائی	17.5cm=
چوڑائی	3.8cm=
آگے سے چوڑائی	1.6cm=

نصف سے لمبائی کی شیپ   6cm=



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ:۔

ڈرافٹ بنانے کیلئے دو بنیادی لائنیں اس طرح لگائیں کہ چوڑائی والی لائن لمبائی والی لائن کو کاٹ دے۔

1۔فوک کی لمبائی A سے B بمطابق فارمولا 17.5cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔گدری کے لئے نقطہ A سے C بمطابق سائیز 14.1cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

3۔سیٹ لائن / ہپ لائن بمطابق فارمولا 16.0 cm نقطہ A سے D چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں اب نقطہ B تا E چوڑائی کی طرف بمطابق A تا D لائن لگائیں نقطہ E کو D سے ملا دیں۔

4۔پیٹ کی شیپ کے لئے نقطہ D سے 6cm. آگے کی طرف نشان لگائیں اور نقطہ E سے 1.3cm باہر کی طرف نشان لگائیں اب اس نشان سے 1.3cm اوپر کی طرف نشان لگا کر 6cm. تک لائن لگائیں اور 1.3cm کو اگلی کمر نقطہ E تا F بمطابق فارمولا 20.7cm لیں۔

5۔سیٹ لائن پر نقطہ D سے 5.3cm G بمطابق فارمولا نشان لگا کر نقطہ G سے 1.5cm اندر کی طرف نشان لگائیں اور 1.5cm کو نیچے کی طرف 14.1cm لائن لگا کر نقطہ H لگائیں۔نقطہ H لگائیں۔نقطہ G

سے شیپ کرتے ہوئے اندرونی لمبائی کے نصف میں ملادیں۔

6۔اگلے پائنچہ کے لئے نقطہ H سے I پائنچہ کی چوڑائی بمطابق حساب 23.3cm لیں اب نقطہ F کو I سے ملا دیں۔

7۔میانی کی شیپ کے لئے 6cm. نقطہ D سے بمطابق فارمولا 3.2cm ترچھی لائن لگائیں اور نقطہ J لگائیں۔نقطہ E تا D پر بمطابق فارمولا 10.07cm نشان لگائیں اس نشان سے گولائی کرتے ہوئے نقطہ J سے 6cm. اندر کی طرف گولائی کرتے ہوئے نقطہ G سے ملادیں۔

بچگانہ شرٹ

فارمولے کے مطابق حساب

ضروری ماپ

لمبائی	46 cm =
کندھے کی لمبائی	14.5 cm =
چسٹ لائن	17.5 cm =
گدی تا کمر	25.2 cm =
گلے کی گہرائی وچوڑائی	4.7 cm =
کالر کی لمبائی	6.3 cm =
کالر کی چوڑائی	13.7 cm =
بازو کی لمبائی	15 cm =
بازو کی چوڑائی	15 cm =
کندھے کی گولائی	4.7 cm =

بچگانہ شرٹ

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

دو بنیادی لائنیں بغیر ماپ کے ایک لمبائی کے رخ اور دوسری چوڑائی کے رخ اس طرح لگائیں۔کہ چوڑائی والی

لائن لمبائی والی لائن کو کراس کرتے ہوئے گزرے۔

1- نقطہ A سے نقطہ B تک کندھے کی لمبائی با مطابق فارمولا 14.5 cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2- گدی تا کمر لینے کے لئے نقطہ A سے نقطہ C تک لمبائی والی لائن فارمولے کے مطابق 25.5 cm کا نشان ہوگا۔

3- کل لمبائی با مطابق پیائش 46 cm کا نشان لگائیں نقطہ A سے نقطہ D تک مکمل کردیں۔

4- ہاف کراس بیک نقطہ A تا نقطہ E مطابق فارمولا چوڑائی کی طرف 14.0 cm کا نشان لگائیں۔

5- چسٹ لائن نقطہ B تا F مطابق حساب 17.5Cm نشان لگائیں۔ اور نقطہ E کو سیدھا چسٹ لائن سے ملادیں۔

6- گھیرا نقطہ D سے نقطہ G تک برطابق چسٹ لائن چوڑائی کی جانب لگائیں اور نقطہ F کو نقطہ G سے ملادیں۔

7- گلے کی چوڑائی نقطہ A سے نقطہ H تک با مطابق حساب 4.7 cm کا نشان لگائیں اور 1.3 cm اوپر کی جانب اٹھائیں اب نقطہ H سے شیپ کرتے ہوئے نقطہ A تک ملادیں۔

8- کندھے کی شیپ کے لیئے نقطہ E سے نیچے کی جانب 1.3 cm کا نشان لگا کر 6p باہر کی طرف نقطہ I تک بڑھائیں اور کندھے کی گہرائی نقطہ I سے شروع کرکے نقطہ F تک ملادیں۔

9- گلے کی گہرائی نقطہ A سے نقطہ J تک یا مطابق پیائش 4.7 cm کا نشان لگائیں۔ نقطہ H سے گولائی شروع کرکے نقطہ J سے ملادیں۔ پٹی کے لئے نقطہ J سے 1.3 cm چوڑائی کی جانب لیں اس طرح نقطہ D سے آگے 1.3 cm لگائیں اور پھر ان دونوں نشانوں کو آپس میں ملادیں۔

آستین کا ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

1- نقطہ A سے نقطہ B تک آستین کی لمبائی با مطابق فارمولا 15 cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

2- نقطہ A سے نقطہ C تک آستین کی چوڑائی 15 cm کا نشان لگا کر نقطہ C کو نقطہ D تک ملادیں۔

3- کندھے کی گولائی کرنے کے لئے نقطہ A سے چوڑائی کی جانب 4.7 cm کا نشان لگائیں۔ اسی طرح نقطہ C نیچے کی جانب نقطہ E تک 4.7 cm کا نشان لگائیں۔ اب ان نشانوں سے کندھے کی گولائی کر دیں۔

4- موہری کی شیپ نقطہ D سے اندر کی جانب 1.3 cm کا نشان لگا کر نقطہ E سے ملادیں۔

کالر

1- کالر کی لمبائی نقطہ A سے نقطہ B تک 6.3 cm کا نشان لگائیں۔

2- کالر کی چوڑائی نقطہ A سے نقطہ C تک حساب کے مطابق 13.7 cm کی لائن لگائیں اب نقطہ C سے نقطہ D تک 6.3 cm لائن لگائیں پھر نقطہ B کو نقطہ D سے ملادیں۔

3- کالر کی نوک کے لیے نقطہ C سے 1.3 cm آگے بڑھائیں اور نقطہ D سے 1.3 cm اوپر تک ملادیں اب نقطہ D سے 1.3Cm والے نشان کو نصف چوڑائی کی لائن پر شیپ سے ملادیں۔







گول گلے کی شمیز

سائز چھاتی = 92cm

کل لمبائی = 76cm

گدی تا کمر = 39.4cm

کمر = 71cm

فارمولے کے مطابق حساب

ہاف کراس بیک = 1/6 چھاتی+2cm= 17.3cm

کندے کی لمبائی = 1/4 چھاتی-1/72 چھاتی= 21.7cm

چھاتی لائن = 1/4 چھاتی= 23cm

فرنٹ چھاتی لائن= 1/4 چھاتی+2.5cm=25.5cm

کمر لائن = 1/4 کمر+1/36 چھاتی= 20.3cm

فرنٹ کمر لائن = 1/4 کمر + 1/36 چھاتی + 1.3Cm لوز =21.6Cm

گلے کی چوڑائی = 1/9 چھاتی= 10.2cm

بیک گلے کی گہرائی = 1/9 چھاتی= 10.2cm

کندے کی ٹیپ = 1/24 چھاتی=3.8cm

فرنٹ گلے کی گہرائی = 1/9 چھاتی+1.3cm =11.5cm

گھیرا = 1/3 چھاتی-1/72 چھاتی=29.4cm



ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

ا۔کندھے کی لمبائی نقطہ A سے B بمطابق فارمولا 21.7cm لمبائی والی لائن پر نشان لگائیں اور چوڑائی کی جانب لائن لگائیں۔

2۔گدی تا کمر نقطہ A سے C بمطابق سائز 39.4cm لمبائی کی جانب نشان لگائیں اور چوڑائی جانب بغیر ماپ لائن لگائیں۔

3۔کل لمبائی نقطہ A سے D بمطابق سائز 76cm لمبائی میں نشان لگائیں۔چوڑائی کے رخ لائن لگائیں۔

4۔ہاف کراس بیک نقطہ A سے E بمطابق فارمولا 17.3cm چوڑائی والی لائن پر نشان لگائیں۔

5۔ چھاتی لائن نقطہ B سے F بمطابق فارمولا 23cm نشان لگائیں نقطہ F سیدھا چھاتی لائن پر ملادیں۔

6۔کمر لائن نقطہ C سے G بمطابق فارمولا 20.3cm نشان لگائیں نقطہ G کو نقطہ F سے ملادیں۔

7۔گھیرا نقطہ D سے H بمطابق فارمولا 29.4cm نشان لگائیں نقطہ G کو شیپ کرتے ہوئے نقطہ H سے ملادیں۔

8۔ گلے کی چوڑائی نقطہ A سے I بمطابق فارمولا 10.2cm نشان لگا کر 1.9cm اوپر کی طرف نشان لگائیں گلے کی گہرائی نقطہ A سے J بمطابق فارمولا 10.2cm نشان لگا کر نقطہ I سے J تک گولائی کر دیں

9۔کندھے کی شیپ نقطہ I سے 3.8cm کراس بیک سے ملادیں اور اسی پوائنٹ سے کندھے کی گولائی کرتے ہوئے نقطہ F تک ملادیں۔

فرنٹ سائیڈ کے اضافی پوائنٹ

گلے کی گہرائی بمطابق فارمولا 11.5cm فرنٹ چھاتی لائن پر 25.5cm فرنٹ کمر لائن 21.3cm سائیڈ کمر لائن پر 5cm گھیرے کی شیپ =2cm سے ملادیں.

سٹریپ والی قمیض

سائز

چسٹ	=	92cm
گدی تا کمر	=	39.4cm

کل لمبائی = 76cm

کمر = 71cm

فارمولے کے مطابق حساب

سٹریپ کی لمبائی = 1/6 چھاتی = 15.3cm

چسٹ لائن = 1/4 چھاتی = 23cm

فرنٹ چھاتی لائن = 1/4 چھاتی + 2.5cm = 25.5cm

سٹریپ کا چھاتی لائن پر فاصلہ = 1/12 چھاتی + 1.3cm = 9cm

کمر لائن = 1/4 کمر + 2.5cm پلیٹ = 20.2cm

گھیرے کی چوڑائی = 1/3 چھاتی - 1.3cm = 29.4cm

کمر لائن پر ڈاٹ کا درمیانی فاصلہ = 1/12 چھاتی + 1.3cm = 9cm

پلیٹ کی لمبائی = 23Cm

چسٹ لائن پر فلنگ ڈاٹ کی لمبائی = 27Cm


A
N
B
5cm
0 1.3cm
E
F
H
23 cm
2.5cm
L
7.7cm
25.5 cm
G
39.4cm
11.5cm
C
9cm
K
1.3cm
I
M
76cm
D
29.4cm
J

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

1۔سٹریپ کی لمبائی نقطہ A سے B لمبائی کی جانب 15.3cm نشان لگائیں۔اور چوڑائی کے رخ فرضی لائن لگادیں۔

2۔گدی تا کمر نقطہ A سے C بمطابق سائز 39.4cm لمبائی میں نشان لگا کر چوڑائی کے رخ لائن لگائیں۔

3۔کل لمبائی نقطہ A سے D بمطابق ماپ 76cm لمبائی کے لئے نشان لگائیں۔

4۔نقطہ B سے E چھاتی لائن بمطابق فارمولا 23cm چوڑائی جانب لائن پر نشان لگائیں۔

5۔اب نقطہ B سے نیچے کی طرف 1.3cm نقطہ F لگائیں اور نقطہ E سے نیچے کی طرف نقطہ G، 2.5Cm بمطابق فارمولا نشان لگائیں اب نقطہ F کو G سے ملادیں

6۔سٹریپ کا چھاتی لائن پر فاصلہ نقطہ F سے H بمطابق فارمولا 9 cm نشان لگا کر سٹریپ کی لمبائی H سے اوپر کی جانب سیدھی لائن نقطہ A سے برابر لگادیں۔

7۔کمر لائن نقطہ C سے I بمطابق فارمولا 20.2cm نشان لگائیں نقطہ E کو I سے ملادیں

8۔گھیرے کی لائن بمطابق فارمولا 29.4cm نقطہ D سے J لگائیں نقطہ I سے ٹیپ کرتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔

9۔کمر ڈاٹ نقطہ C سے K بمطابق فارمولا 9cm نشان لگائیں۔2.5cm ڈاٹ اور لمبائی 23cm کمر لائن سے نصف نیچے لے جائیں۔

10۔فرنٹ سائیڈ اگلے حصے کے لیے چھاتی لائن میں 2.5cm آگے کی طرف نشان لگائیں اور نقطہ L لگائیں۔

11۔کمر لائن نقطہ C سے M بمطابق فارمولا 21.5cm لیں۔اب نقطہ L کو M سے ملادیں پھر نقطہ M سے ملادیں۔پھر نقطہ M سے شیپ کرتے ہوئے نقطہ J سے ملادیں۔

12۔نقطہ H سے اوپر کی جانب بمطابق فارمولا 5cm نشان لگا کر نقطہ N لگائیں نقطہ N کو F سے ملا دیں اور دوسری طرف نقطہ N کو L سے ملادیں

13۔چسٹ لائن میں ڈاٹ نقطہ N سے L لائن کے نصف میں نشان لگا کر نقطہ D لگائیں اور 1.3cm ڈاٹ کی چوڑائی اور 7.7cm لمبائی ڈاٹ مکمل کریں۔

عملی مشق

سوال نمبر 1 رومپر بنانے کیلئے درج ذیل کے فارمولے لکھیں۔

i۔ گلے کی چوڑائی

ii۔ ہاف کراس بیک

iii۔ مونڈے کی لمبائی

iv۔ چوڑائی آستین

سوال نمبر 2 بچگانہ نیکر بنانے کیلئے درج ذیل کے فارمولے لکھیں۔

i۔ بیرونی لمبائی

ii۔ فوک کی لمبائی

سوال نمبر 3 گول گلے کی قمیض بنانے کیلئے درج ذیل کے فارمولے لکھیں۔

i۔ فرنٹ کمر لائن

ii۔ بیک گلے کی گہرائی

iii۔ گھیرا

سوال نمبر 4 سٹریپ والی شمیز بنانے کیلئے درج ذیل کے فارمولے لکھیں۔

i۔ سٹریپ کی لمبائی

ii۔ چھاتی لائن

iii۔ کمر لائن

سوال نمبر 5 رومپر کے ڈرافٹ بنانے کا طریقہ لکھیں۔

سوال نمبر 6 بچگانہ نیکر کے مختلف حصوں کے سائز کے فارمولے لکھیں۔

سوال نمبر 7 سٹریپ والی شمیز کے ڈرافٹ بنانے کا طریقہ لکھیں۔

سوال نمبر 8 بچگانہ شرٹ کے مختلف حصوں کے سائز کے فارمولے لکھیں۔

تجربہ نمبر 1

عنوان: رونمپر بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو رونمپر بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 2

عنوان: بچگانہ شرٹ بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو بچگانہ شرٹ بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 3

عنوان: بچگانہ نیکر بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو بچگانہ نیکر بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 4

عنوان: گول گلے کی قمیض بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو گول گلے کی قمیض بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

تجربہ نمبر 5

عنوان: سٹریپ والی شمیز بنانا	تاریخ:

انسٹرکٹر ٹرینی کو سٹریپ والی شمیز بنانے کا طریقہ عملی طور پر سمجھائیں گے۔

Trainee Signature
Instructor's Remarks
Instructor's Signature

Chapter # 8

آستین اور لیڈیز گلوں کے ڈیزائن کی اِقسام

امبریلا بازو

امبریلا فراک کی طرح ہوتے ہیں مگر اس کی کٹنگ مختلف شیپ میں ہوتی ہے فرنٹ سے کھلے ہوتے ہیں کندھے سے پیمائش کے مطابق اور درمیان سے پلیٹیں ڈال کر فٹنگ کر سکتے ہیں کندھے کی کٹنگ سے کہنی تک پلیٹیں ڈال کر فٹنگ اور فرنٹ سے کھلے اس بازو کو فیشن کے مطابق مختلف شیپ میں بنا سکتے ہیں۔



فٹنگ والی پف آستین

کندھے سے یہ چنٹ اور فرنٹ سے فٹنگ ہوتی ہے چنٹ زیادہ یا کم کر سکتی ہیں فرنٹ پہ ہکس لگا کر بٹن لگا سکتے ہیں یا کوئی بھی کپڑے کی ڈیزائننگ کر سکتے ہیں۔



پف آستین

اس میں اُوپر سے چنٹیں ڈالی جاتی ہیں پوری اور آدھی دونوں آستینوں میں ایک ہی طریقہ ہوتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ آدھی آستین میں فرنٹ سے چنٹ ڈال کر پائپنگ یا چوڑی پٹی لگائی جاتی ہے۔



پیٹل آستین

یہ سادہ آستین کی طرح بنائی جاتی ہے اس کے اوپر تین چنٹ ڈالی جاتی ہیں اس کے دو حصے ہوتے ہیں جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔



فرل آستین

کندھا پیائش کے مطابق اور نیچے سے زیادہ کھلی ہوتی ہے ایسی شیپ میں کلیاں ڈال کر بنا سکتے ہیں اور پلیٹیں بھی ڈال سکتے ہیں فیشن کے مطابق مختلف سٹائل میں بنایا جا سکتا ہے۔



کف آستین

کندھے پر مرضی کے مطابق چنٹ ڈال سکتے ہیں یا چنٹ کے بغیر فرنٹ پر چنٹ ڈالیں گی بخیہ بڑا کر کے دو سلائیاں لگائیں ایک سائیڈ سے دونوں دھاگے کھینچ کر کف کے مطابق کریں پھر کف کے ساتھ جوڑ دیں چنٹ ڈالنے کے لیے الاسٹک بھی لگائی جا سکتی ہے۔



ڈیزائننگ آستین

کندھے کی شیپ پف آستین جیسی اور فرنٹ سے مختلف سٹائل میں کٹنگ ہوسکتی ہے کٹنگ کی شیپ میں کپڑا بھی لگایا جاسکتا ہے یا بغیر فرنٹ سے سادہ کاٹ کر مختلف کلر کی پٹی بھی لگائی جاسکتی ہے۔



Sleeve With Mock Cuff

اِن آستین میں چنٹ کو بہت زیادہ ظاہر کیا گیا ہے بہت زیادہ فلیرڈ آستین کو کف میں اکٹھا کر کے اُسکو بازو کی پیائش کے مطابق بنایا گیا ہے۔اِسی طرح آپ پیائش کے مطابق بازو کی لمبائی ہاف یا فل لے کر کپڑے کو ڈبل کریں پیائش کے مطابق کندھا رکھیں۔اور کندھے کی شیپ کر دیں فرنٹ سائیڈ سے آپ آستین کی شیپ نہیں کریں گی یہاں پر آپ مشین سے بڑا بخیہ کر کے ڈبل سلائی لگائیں اور دھاگے کو کھینچ کر چنٹ ڈالیں پیائش کے مطابق کف بنائیں اور کف آستین کے ساتھ جوڑ دیں۔





Sleeve With Flared

سیدھی آستین کو مطلوبہ لمبائی کے مطابق ٹریس کریں جسکی شکل و پیائش 1 سینٹی میٹر میں ہے نچلے آستین والے حصے کو چھ حصوں میں تقسیم کردیں نچلی آستین کو کاٹ ڈالیں لائنز کے مطابق کاٹیں اور اسکو مطلوبہ فلیرڈ کے مطابق ہی رکھیں دائرہ نما سانچہ کے مطابق ٹریس کریں۔آپ ایسا بھی کر سکتے ہیں کہ پیائش کے مطابق بازو کی لمبائی ہاف یا فل رکھنے کے بعد فرنٹ سے علیحدہ پلیٹ سے یا امبریلا کی طرح کٹنگ کر کے فرل بنا کر لگا سکتے ہیں، جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

گلا بنانا

قمیض کا گلا بنانے کیلئے سب سے پہلے چیس بکرم پر ڈیزائن سیٹ کریں گٹی ڈیزائن والے گلے کو قمیض کے آگے والے حصے پر استری سے جوڑ دیں ساتھ کپڑا رکھا کر ڈیزائن کے ساتھ ساتھ سلائی لگا دیں گلے کے اندر سے فالتو کپڑا کاٹ دیں اور گلے کو سیدھا کریں اور اندر سے تر پائی کر دیں جیسا کہ تصویر میں قمیض پر گلا دکھایا گیا ہے اسی طرح مختلف ڈیزائن بنائے جا سکتے ہیں۔

لیڈیز قمیض کے بنیادی گلے بنانا!

قمیض پر عموماً چار قسم کے بنیادی گلے بنتے ہیں مثلاً گول، چوکور، وی اور یو گلا۔ ہر گلے کا خاص سائز ہوتا ہے لیکن پسند کے مطابق اگلے گلے کا سائز چھوٹا یا بڑا کیا جا سکتا ہے اگر قمیض پر ہینڈ سے یا مشین سے کڑھائی کرلی جائے تو وہ بہت اچھی لگے گی۔ پسند کے مطابق گلے کا ڈیزائن سیٹ کریں۔ قمیض میں کُرتے والا گلا بھی بنایا جا سکتا ہے اِس کے اگلے حصے میں پٹی بنتی ہے جو پسند کے مطابق بڑی چھوٹی کی جا سکتی ہے۔

1۔ Key Hole Neck

ایک گلے کی لائنیں جس میں اہم سوراخ ہے اُسکو اس میں سے کاٹا گیا ہے۔



2۔ Diamond Neck

یہ گلے کی لائنیں ہوتی ہیں جس میں ڈائمنڈ کی طرح کا باہر کی جانب والا کٹ ہوتا ہے۔



3۔ Sweet Heart Neck

یہ ہردلعزیز گلا، اس میں ایسی لائنیں ہوتی ہیں جس میں گہرا دل نما حصہ (شکل بنتی ہے) اسکو اس میں سے کاٹا جاتا ہے۔



4۔ Heart Shape

اِس میں دل نما گلا ہوتا ہے جس کو دل کی طرح کاٹا جاتا ہے۔



5۔ Henley Neck

یہ گلا سامنے سے کھلنے والا ہوتا ہے، یعنی بٹن لگائے جاتے ہیں۔ یہ بٹن ٹیک عموماً دو یا تین بٹنوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔



Plunging Neck ۔6

اِس گلے کی لائنیں ہوتی ہیں جس کو گول گلے کی طرح کاٹا جاتا ہے جس کی شکل V نما ہوتی ہے۔



۔7



گلے کی چوڑائی	=	5 Inch 13cm
گلے کی گہرائی	=	7 Inch 17cm
ٹیک کی پٹی	=	1 Inch 2 1/2 cm

8۔



گلے کی چوڑائی	=	13cm	5 Inch
گلے کی گہرائی	=	17cm	7 Inch
ٹیک کی پٹی	=	2 1/2cm	1 Inch







12۔



گریبان کی کٹائی

خاکے کے مطابق مطلوبہ لمبائی اور چوڑائی کا خیال رکھتے ہوئے مختلف ڈیزائنوں کے گریبان چپس بکرم پر کاٹے جا سکتے ہیں۔

Collars cut in garments کالر کٹ اِن گارمنٹس





لیڈیز قمیض

جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے کہ اسے لیڈیز استعمال کرتی ہیں ۔ یہ ہماری روزمرہ زندگی کا ایک لباس ہے۔ جسے سب لوگ پسند کرتے ہیں ۔ اور شوق سے پہنتے ہیں ۔ وقت اور مشین کے لحاظ سے لیڈیز قمیض میں کافی تبدیلیاں آئیں ہیں ۔ مثلاً لوز شرٹ، فٹنگ والی شرٹ ۔ فٹنگ والی قمیض میں پلیٹس بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ کیونکہ قمیض کی صحیح فٹنگ کا دارومدار اچھی کٹنگ اور پلیٹوں پر ہوتا ہے ۔ جبکہ لوز شرٹ میں پلیٹس نہیں ڈالی جانی چاہییں ۔ قمیض فٹنگ والی بنائی جائے یا لوز بنائی جائے، دونوں طرح کی قمیض کی کٹنگ کا طریقہ ایک جیسا ہوتا ہے ۔ جس طرح فٹنگ میں پلیٹس بہت اہمیت رکھتی ہے ۔ اس طرح گلے کی نفاست قمیض کو خوبصورت بناتی ہے ۔ اس لئے گلا بناتے وقت پیمائش اور ڈیزائن کو ضرور مدنظر رکھنا چاہیے۔

مختلف قسم کے گلے

1- گول گلا

گلے کی چوڑائی	= 3انچ
گلے کی لمبائی	= 5انچ

دیئے گئے خاکے کی لمبائی اور چوڑائی رخ نشان لگا کر چکور بنالیں۔ پھر اس میں گولائی کاٹ لیں۔ سلائی کے لئے ایک انچ اریب پٹی کاٹیں۔ اور سیدھی سائیڈ پر پٹی رکھ کر سلائی لگائیں۔ پھر اس کو سیدھا کر لیں اور کنارے پر سلائی لگائیں۔ استری کر کے ترپائی کر دیں۔



2۔وی گلا

گلے کی چوڑائی = 3انچ

گلے کی لمبائی = 6انچ

دیئے گئے خاکے کی طرح نشان لگا کر گلے کی کٹائی کرلیں۔6پوائنٹ اندر کی جانب لائن سے باہر نشان لگایا ہے۔اسکا مطلب یہ ہے، کہ ذرا شیپ آجائے۔ایک انچ اریب پٹی کاٹ کر پہلے پٹی میں وی کی طرح سلائی لگالیں۔اور پھر اس کو گلے کے ساتھ سلائی لگا کر ترپائی کرلیں۔



3۔ چکور گلا

گلے کی چوڑائی = 3انچ

گلے کی لمبائی = 1/2 5انچ

دیئے گئے خاکے کی طرح چکور گلا بنا کر کاٹ لیں اب آپ پوچھیں گی۔ چکور کو نیچے سے 1/2 2انچ کیوں کر دیا ہے۔ اس لئے کہ اگر سیدھا کاٹ کر بنائیں تو جھول آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نیچے سے چوڑائی کم رکھتے ہیں۔ اریب پٹی کاٹ کر لگائیں۔ سلائی کرنے کے بعد ترپائی کر دیں۔



لیڈیز قمیض

سائیز چسٹ	=	92cm
گدی تا کمر	=	39.4cm
کمر لائن	=	71cm
ہیپ	=	97cm
آستین کی لمبائی	=	56cm



فارمولے کے مطابق حساب

کندھے کی گہرائی = 21.7cm=1.3cm-1/4c

گدی تا کمر = 39.4cm

کمر سے ہیپ تک کا فاصلہ = 17.8 Cm = 1/18c - 1/4c

پوری لمبائی بمطابق ماپ	= 92cm
ہاف کراس بیک	= 17.3cm =c 1/6+2cm
پچھلی چسٹ لائن	= c1/4 23cm=
اگلی چسٹ لائن	25.5cm=c1/4+2.5cm=
پچھلی کمر	25.5cm=پلیٹ2.5cm+ Waist1/4=
اگلی کمر	26.8cm=loose1.3cm+2.5cm+Waist1/4=
ہیپ لائن	25.5cm=2.5cm+H1/4=
دامن کی چوڑائی	30.7cm=1.3cm+c1/3=
کمر پر ڈاٹ کا فاصلہ	9cm=1.3cm+c1/12 =
کندھے کی ڈاٹ کا فاصلہ	5.8cm= c1/16=
چسٹ لائن پر ڈاٹ کا فاصلہ	9.6cm=2cm+c1/12=

سائیڈ والی ڈاٹ کا فاصلہ حسب منشاء

گھیرے کی شیپ	= 2cm
گلے کی چوڑائی	= 7.7cm=1/12
پچھلے گلے کی گہرائی	= 3.8cm=1.3cm+چھاتی1/36
اگلے گلے کی گہرائی	= 9cm=1.3cm+c1/12

ڈرافٹ بنانے کا طریقہ

دو بنیادی لائینیں بغیر ماپ کے اس طرح لگائیں کہ چوڑائی کی لائن لمبائی کی لائن کو کراس کرتے ہوئے گزرے

1۔ نقطہ A سے نقطہ B تک کندھے کی لمبائی بمطابق فارمولا 21.7cm کا لمبائی کی لائن پر نشان لگائیں۔

2۔ نقطہ A سے نقطہ C تک گدی تا کمر 39.4cm نشان لگائیں۔

3۔ نقطہ C سے نقطہ D تک ہپ کا فاصلہ بمطابق فارمولا 17.8cm کا نشان لگائیں۔

4۔ کل لمبائی کے لئے نقطہ A سے نقطہ E تک لمبائی کی لائن پر 92cm نشان لگائیں۔ نشانات کو چوڑائی کے رخ سیدھی لائنوں کی شکل دے دیں۔

5۔ کراس بیک فٹ کرنے کے لئے نقطہ A سے نقطہ F تک بمطابق فارمولا 17.3cm کانشان لگائیں۔

6۔ چسٹ لائن کے لئے نقطہ B سے نقطہ G تک بمطابق فارمولا 23cm پچھلی اور 25.5cm اگلی چسٹ لائن نشان لگائیں۔ اب نقطہ F کو سیدھا چسٹ لائن سے فٹ کی مدد سے ملادیں۔

7۔ کمر فٹ کے لئے نقطہ C سے نقطہ H تک بمطابق فارمولہ 25.5Cm پچھلی اور 26.8Cm اگلی کمر کا نشان لگائیں۔ نقطہ G کے نشانات کو نقطہ H کے نشانات سے ملادیں۔

8۔ ہپ لائن نقطہ D سے نقطہ I تک بمطابق فارمولا 25.5cm کانشان چوڑائی کی جانب لیں۔

9۔ دامن کی چوڑائی نقطہ E سے نقطہ J تک بمطابق فارمولا 30.7cm کانشان لگائیں۔ اب نقطہ H کو نقطہ I تک شیپ کرتے ہوئے نقطہ J تک لے جائیں۔

